★★★DAILY POWER OF PAKISTAN★★★

گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: مرزا احماد علی — ایگزیکٹو ایڈیٹر: عمیر سندھو

جلد نمبر 02 | پیر 10 نومبر 2025ء 16 جمادی الاول 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 90

فیلڈ مارشل کی قیادت میں بھارت سے جنگ کے بعد دنیا پاکستان کی بات سن رہی ہے، مریم نواز

بھارت کے حملے کے بعد جس طرح پاکستان نے جواب دیا اس کا کریڈٹ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور پوری مسلح افواج کو جاتا ہے، بھارت کو شکست دینے کے بعد دنیا اب پاکستان کو ایک تبدیل رویے کے ساتھ دیکھ رہی ہے

پوری دنیا پاکستان کی بات سن رہی ہے، پنجاب کی عوام کی طرف سے جو پیار ملا وہ کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی، کارکردگی میں شہباز شریف کا ریکارڈ نہیں توڑا بلکہ میں ان کی ایکسٹینشن ہوں

لندن (این این آئی) وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارت کے خلاف جنگ میں زبردست لیڈرشپ فراہم کی، اب پوری دنیا پاکستان کی بات (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے آئندہ ہفتے اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پاک عمان مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کے آئندہ 8ویں اجلاس کے لیے پاکستان کے ایجنڈے کو حتمی شکل دینے کے لیے ایک بین وزارتی اجلاس کی صدارت کی۔

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو بانی کی رہائی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں، ایمل ولی

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

سہیل آفریدی کا مساجد بارے بیان قومی وقار کو مجروح کرنے کی کوشش ہے، طاہر اشرفی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل مولانا طاہر محمود اشرفی نے وزیراعلی خیبرپختونخوا ہ (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: اسلامی جمہوریہ ایران کی پارلیمنٹ، اسلامی مشاورتی اسمبلی کے اسپیکر ڈاکٹر محمد باقر غالب کی وفد کے ہمراہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

جمہوریت کے استحکام، عدلیہ کی آزادی میں وکلا کی مثالی جدوجہد تاریخ کا حصہ ہے، سردار سلیم حیدر

بلاول بھٹو نوجوان نسل کے ہیرو اور امید کی کرن ہیں، پیپلز پارٹی کا جیالا ہوں، گورنر پنجاب کی وکلاء وفد سے ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ عوام کو بلاتفریق انصاف کی فراہمی یقینی بنا کر ہی ایک پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے، معاشرے کی کامیابی کا انحصار صرف اور صرف انصاف پر مبنی ہے۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن (بقیہ نمبر 4)

بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس کے انتظامات مکمل

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد میں بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس کے (بقیہ نمبر 5)

پاکستان اور افغانستان کے درمیان مذاکرات میں ڈیڈلاک برقرار

ترکیے اور قطر کی ثالثی میں گزشتہ ماہ بھی دوحہ کے بعد استنبول میں مذاکرات ہوئے تھے اور اس دوران جنگ بندی جاری رکھنے پر اتفاق ہوا تھا

استنبول (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان کے درمیان استنبول میں جاری مذاکرات میں ڈیڈلاک برقرار ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ نے بیان میں کہا کہ استنبول مذاکرات میں ڈیڈلاک ہے تاہم پاکستان نے مذاکرات میں ثالثی پر ترکیے اور قطر کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے اصولی مؤقف پر قائم ہے کہ افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی پر (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف 2 روزہ سرکاری دورے پر آذربائیجان چلے گئے

آذربائیجان کے یوم فتح کی پانچویں سالگرہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف 2 روزہ سرکاری دورے پر آذربائیجان چلے گئے، وہ آذربائیجان کے یوم فتح کی پانچویں سالگرہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وزیراعظم کے وفد میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر عطا تارڑ سمیت دیگر شامل ہیں۔ (بقیہ نمبر 7)

لندن میں قیام پذیر مریم نواز فیملی کے ساتھ دن گزار کر برازیل چلی گئیں

لندن (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز لندن پہنچنے کے بعد ایوان فیلڈ ہاؤس میں فیملی کے ساتھ دن گزارا۔ مریم نواز (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے بیرسٹر گوہر کی قیادت میں اپوزیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

پاکستان اور ایران مسلم امہ کے اتحاد کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعظم

دونوں ممالک ریاستی دہشت گردی اور خودمختار ممالک کے خلاف بلا اشتعال حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، پاکستان اور ایران بدقسمتی سے دہشت گردی کا شکار رہے ہیں، دونوں ممالک پوری دنیا کیلئے امن و خوشحالی اور علاقائی تعاون کے علمبردار ہیں

پاکستان اور ایران مسلم امہ کے اتحاد و یگانگت کیلئے مشترکہ عزم رکھتے ہیں، پاکستان ایران کے ساتھ باہمی مفاد کے مختلف شعبوں بالخصوص معاشی تعاون اور دوطرفہ تجارت کو بڑھانے کا خواہش مند ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران عالمی امن اور مسلم امہ کے اتحاد کے لئے پرعزم ہیں۔ اسلامی جمہوریہ ایران کی پارلیمنٹ کے سفیر ڈاکٹر محمد باقر قالیباف نے وفد کے ہمراہ وزیراعظم شہباز شریف سے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایران کے ساتھ برادرانہ باہمی تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے سپیکر ایرانی پارلیمنٹ اور وفد کا استقبال کیا، انہوں نے مسائل کیلئے بات چیت اور سفارتکاری جیسے پرامن طریقوں پر دونوں ممالک کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف نے ایران کے سپریم لیڈر (بقیہ نمبر 10)

وزیراعلی پنجاب کے ڈیجیٹل ویژن کے تحت معذور افراد کیلئے موبائل ایپ کا اجراء

معذور افراد گھر بیٹھے وہیل چیئر، معاون آلات کیلئے درخواست دے سکیں گے، سہولت گھر کی دہلیز پر مہیا کی جائیگی

لاہور (این این آئی) وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے ڈیجیٹل ویژن کے تحت محکمہ سوشل ویلفیئر پنجاب نے اسسٹو ڈیوائسز اینڈ وہیل چیئر موبائل ایپلیکیشن لانچ کر دی۔ ایپ کے ذریعے افرادِ باہم معذوری گھر بیٹھے وہیل چیئر اور معاون آلات کے لیے درخواست دے سکیں گے (بقیہ نمبر 9)

خواتین کو بااختیار بنانا پائیدار ترقی کے دروازے کی کنجی ہے، آصفہ بھٹو

اسلام آباد (این این آئی) خاتونِ اوّل آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مملکت بحرین کی بصیرت (بقیہ نمبر 11)

حامد رضا کی گرفتاری نہیں ہوئی، انہوں نے سرینڈر کیا ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حامد رضا سے (بقیہ نمبر 12)

شیخ رشید نے عمرہ کی ادائیگی کیلئے روانگی سے روکے جانے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کردی

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے عمرہ کی ادائیگی کیلئے روانگی سے روکے (بقیہ نمبر 13)

پاکستان اور ایران مذہبی اور ثقافتی گہری مماثلت رکھتے ہیں، عظمیٰ بخاری

ایران اور پاکستان مل کر علامہ اقبال کا دن منائیں گے، علامہ اقبال کو پاکستان کی طرح ایران میں بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کی ایرانی وفد سے ملاقات، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی جانب سے ایرانی وفد کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ ایرانی وفد میں ڈائریکٹر برائے اوورسیز افیئرز ڈاکٹر احمد نوروزی، عباس محمد نژاد، مرتضی شمسی (بقیہ نمبر 14)

سہیل آفریدی نے احسان فراموشی کی حدیں پار کیں، وزیرداخلہ

بہادر سپوتوں کے بارے میں بے بنیاد اور حقائق سے منافی بیان ناقابل برداشت ہے، وطن کیلئے جان نچھاور کرنے والوں سے متعلق ایسا بیان محب وطن نہیں دے سکتا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کے بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سہیل آفریدی نے احسان فراموشی کی حدیں پار کیں، اشتعال انگیز بیان پر قوم سے معافی مانگنی چاہیے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ بہادر سپوتوں کے بارے میں بے بنیاد اور حقائق سے منافی بیان ناقابل برداشت ہے، وطن کیلئے جان نچھاور کرنے والوں سے متعلق (بقیہ نمبر 29)

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے نورانی مسجد میں سولر سسٹم کا افتتاح کیا

مساجد سوسائٹی کا دینی و تہذیبی مرکز ہیں، حکومت اس کو مزید مؤثر بنانے کے لیے کوشاں ہے

لاہور (این این آئی) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے جامع مسجد نورانی، کینٹ، لاہور میں جدید سولر سسٹم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی کے ویژن کی روشنی میں محکمہ اوقاف، تعمیر و ترقی کے اہداف کے حصول کی طرف گامزن ہے۔ مساجد و مزارات اسلامی سوسائٹی کا مرکزی ستون ہیں۔ نمازیان کو بہترین سہولیات کی فراہمی محکمہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید سولر سسٹم کی تنصیب سے بجلی کے اخراجات میں نمایاں کمی (بقیہ نمبر 17)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے 11 ریٹائرڈ ڈی ایس پیز کی ملاقات

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے 11 ریٹائرڈ ڈی ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس لاہور میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے محکمہ پولیس کیلئے گراں قدر خدمات سر انجام دینے پر ریٹائرڈ افسران کا شکریہ ادا کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے (بقیہ نمبر 16)

سنٹر فار آٹزم کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس، آٹسٹک بچوں کی فلاح اور بحالی کے اہم اور تاریخی فیصلے

بورڈ آف ڈائریکٹرز کا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کو خراج تحسین، مریم نواز اسکول فار آٹزم کے قیام پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق کی سربراہی میں پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آٹسٹک بچوں کی فلاح اور بحالی کے اہم اور تاریخی فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم میں آٹزم ٹیچر ٹریننگ اور ریسرچ ریسورس سنٹر قائم کیا جائے گا۔ بورڈ اجلاس میں آٹزم سکول میں بچوں کو فری یونیفارم، (بقیہ نمبر 15)

سوات: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن الخدمت بنو قابل انٹری ٹیسٹ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

پی آئی اے ہیڈ آفس میں 24 گھنٹوں سے انٹرنیٹ سروس معطل، تمام شعبوں میں کام ٹھپ

کراچی (بیورو رپورٹ) قومی ایئر لائنز (پی آئی اے) ہیڈ آفس کراچی میں 24 گھنٹوں سے انٹرنیٹ سروس معطل ہے۔ پی آئی اے ذرائع کے مطابق پی آئی اے کے کراچی میں تمام شعبوں میں انٹرنیٹ معطل ہونے سے کام ٹھپ ہو کر رہ گیا، انٹرنیٹ گزشتہ روز ڈیٹا سینٹر میں اچانک آگ لگنے سے متاثر ہوا۔ ذرائع نے (بقیہ نمبر 30)

صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ کا لاہور رنگ روڈ کا اچانک اور تفصیلی دورہ

مختلف مقامات پر جاری بحالی کے کاموں کا معائنہ، اطمینان کا اظہار کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ لاہور رنگ روڈ کی بہتری، بحالی اور خوبصورتی کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ صوبائی وزیر نے رات گئے لاہور رنگ روڈ کا اچانک اور تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف مقامات پر جاری بحالی کے کاموں کا معائنہ کیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ رنگ روڈ اتھارٹی کے افسران نے صوبائی وزیر کو بحالی کے جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ملک صہیب احمد بھرتھ (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک فلم اور سینما کی بحالی کے لیے وزیراعظم کی کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ملکی ترقی کیلئے مزدور کی ترقی کو یقینی بنانا ہوگا، ملک احمد خان

حکومت کو مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے وسائل میں خاطر خواہ اضافہ کرنا چاہیے، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ صنعت اور لیبر کا تعلق کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کی بنیاد ہے، اس رشتے کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت کو مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے وسائل میں خاطر خواہ اضافہ کرنا چاہیے اور اس مقصد کے لیے کم از کم بجٹ کو دوگنا کیا جانا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے الحمرا ہال میں ''اظہارِ تشکر ورکرز کنونشن'' سے خطاب (بقیہ نمبر 20)

نوجوان نسل بغیر تصدیق کوئی بھی مواد سوشل میڈیا پر شیئر نہ کرے، طارق فضل چوہدری

معرکہ حق کے بعد پاکستان کو ملنے والی عزت دشمن کو ہضم نہیں ہو رہی، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نوجوان نسل بغیر تصدیق کوئی بھی مواد سوشل میڈیا پر شیئر نہ کرے۔ وفاقی وزیر طلال چوہدری کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد پاکستان کو ملنے والی عزت دشمن کو ہضم نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے خلاف آزاد کشمیر کے شہریوں کے ساتھ ناروا سلوک کا منفی اور جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پروپیگنڈا کرنے (بقیہ نمبر 32)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے جرمنی کی سفیر اینا لیپل کی ملاقات، دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے جرمنی کی سفیر اینا لیپل نے پنجاب اسمبلی چیمبر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی تعلقات، صوبائی ترقی، پارلیمانی تعاون اور علاقائی استحکام سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 31)

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے جرمنی کی سفیر اینا لیپل ملاقات کر رہی ہیں۔

پی ٹی آئی کے غلط فیصلوں کی وجہ سے مشکل صورتحال کا شکار ہے، شیر افضل مروت

27ویں ترمیم میں ایگزیکٹو مجسٹریٹوں کو عدالتی اختیار دینا کسی طور درست نہیں، صحافیوں سے گفتگو

چکوال (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے غلط فیصلوں کی وجہ سے مشکل صورتحال کا شکار ہے، ابھی 27ویں ترمیم آئی نہیں، 28 ترمیم کی باتیں شروع ہوگئی ہیں، ملک میں ہر آنے والے دن نئے تجربے کئے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے صورتحال واضح نہیں ہے، 27ویں ترمیم میں ایگزیکٹو مجسٹریٹوں کو عدالتی اختیار دینا کسی طور درست نہیں۔ (بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان کے صدر کی دعوت پر باکو پہنچ گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی دعوت پر آذربائیجان کے یوم فتح کی تقریب میں شرکت کے لیے دارالحکومت باکو پہنچ گئے۔ باکو کے حیدر علیوف بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آذربائیجان کے اول نائب وزیراعظم یعقوب (بقیہ نمبر 22)

آرٹیکل 243 میں ترمیم کی حمایت، دہری شہریت کے خاتمے کی مخالفت کرینگے: بلاول

دہری شہریت اور الیکشن کمشنر، ایگزیکٹو مجسٹریٹس کے حوالے سے ترمیم پر ہمارا اتفاق نہیں ہوا اور اہم ان نکات پر حمایت نہیں کریں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 27 ترمیم کے حوالے سے آرٹیکل 243 کی حمایت جبکہ دوہری شہریت کے خاتمے، الیکشن کمشنر اور ایگزیکٹو مجسٹریٹس کے حوالے تجاویز کی حمایت نہیں کرینگے۔ بلاول ہاؤس کراچی میں پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ سی ای سی کے اجلاس میں پی پی پی نے (بقیہ نمبر 33)

کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، چیئرمین یوسف رضا گیلانی اور دیگر ارکان دعا کر رہے ہیں۔

انٹرنیٹ پر شہریوں کا ڈیٹا بیچنے والا ملزم گرفتار، کروڑوں پاکستانیوں کے ڈیٹا پر مشتمل ہارڈ ڈسک برآمد

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر قائم خصوصی انکوائری کمیٹی نے انکوائری کے بعد ملزم کو گرفتار کرلیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے انٹرنیٹ پر شہریوں کا ڈیٹا فروخت کرنے والا ملزم گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کروڑوں پاکستانیوں کے ڈیٹا پر مشتمل ہارڈ ڈیسک برآمد کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر ڈی جی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے معاملے کی تحقیقات کے لیے خصوصی انکوائری کمیٹی تشکیل دی تھی اور کئی دنوں کی انکوائری کے بعد نیشنل سائبر کرائم ایجنسی (بقیہ نمبر 19)

27ویں آئینی ترمیم کے حق میں قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں 27 ویں آئینی ترمیم کے حق میں قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی گئی۔ قرارداد پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ نے جمع کرائی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ 27 ویں آئینی ترمیم ادارہ جاتی استحکام اور شفافیت کی ضامن ہے، لوکل گورنمنٹ کو آئینی (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سینیٹ کے سیکریٹری سید حسنین حیدر ملاقات کر رہے ہیں۔

آئی ٹی گریجویٹس کیلئے آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر سٹوڈنٹس کو 50 ہزار روپے ماہانہ کمانے کا موقع ملے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے آئی ٹی گریجویٹس کے لیے نئے آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا جس کے ذریعے سٹوڈنٹس کو 50 ہزار روپے ماہانہ کمانے کا موقع ملے گا۔ وزیر اعلی مریم نواز کی ہدایت پر آئی ٹی گریجویٹس کے لیے نیا آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام شروع کیا گیا ہے، یہ پروگرام صوبے کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور (بقیہ نمبر 27)

پڈعیدن: ٹرالر نے موٹر سائیکل سوار کچل دیئے، ماں 3 بچوں سمیت جاں بحق

پڈعیدن (بیورو رپورٹ) پڈعیدن میں مہران ہائی وے پر مہران ہائی وے پر تیز رفتار ٹرالر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، ماں 3 بچوں سمیت جاں بحق ہوگئی۔ جاں بحق ہونے والوں میں 6 سالہ کرم علی، 4 سالہ رحیم، 7 سالہ (بقیہ نمبر 28)

سیاسی قیادتوں کے درمیان باہمی احترام نہایت اہم ہے، گورنر گلگت بلتستان

کراچی (این این آئی) گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ نے کہا ہے کہ سیاسی قیادت کے درمیان باہمی احترام اور تعاون ملک میں استحکام اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے نہایت اہم ہے۔ قیادت کا فرض ہے کہ وہ عوامی مسائل کے حل اور ملکی ترقی کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرے (بقیہ نمبر 25)

چینی سفارت خانہ کی جانب سے سنگم گالا 2025 کا انعقاد

سیاسی رہنماؤں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں عوامی جمہوریہ چین کے سفارت خانے نے سنگم گالا 2025 کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ پاکستان، چائنا انسٹیٹیوٹ کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید اور وزیر مملکت برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر شزرا منصب علی خان کھرال نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے نمائندے شریک (بقیہ نمبر 24)

بیرسٹر ملک عمیر سیف کھوکھر کی ڈی آئی جی انویسٹی گیشن پنجاب شعیب خرم سے ملاقات

عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے ابھرتے ہوئے نوجوان رہنما بیرسٹر ملک عمیر سیف کھوکھر نے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن پنجاب شعیب خرم سے ان کے عہدہ سنبھالنے پر ملاقات کی اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔ بیرسٹر عمیر سیف کھوکھر نے شعیب خرم صاحب کو ان کے نئے منصب پر کامیابی کی نیک تمنائیں پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں (بقیہ نمبر 34)

لاہور چیمبر کا ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی کا دفتر بند کرنے کی تجویز پر اظہار تشویش

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی کی جانب سے لاہور ریجنل آفس بند کرنے کے فیصلے پر اظہار تشویش کیا ہے۔ لاہور چیمبر کے مطابق یہ فیصلہ جلد بازی میں لیا جا رہا ہے اور اس کی کوئی واضح وجہ سامنے نہیں آئی۔ (بقیہ نمبر 35)

پشاور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی احساس پناہ گاہ کے اچانک دورہ پر فراہم کئے جانیوالے کھانے کا معیار چیک کر رہے ہیں۔

آئین و جمہوریت کو نقصان پہنچا تو آرٹیکل 243 کی مخالفت کرینگے، مولانا فضل الرحمن

اگر اس میں صرف انتظامی باتیں ہیں تو انتظامی چیزیں ملک میں چلتی رہتی ہیں، اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اگر 27ویں آئینی ترمیم میں آرٹیکل 243 میں تبدیلی سے ملکی سیاست، آئین اور جمہوریت پر منفی اثرات مرتب ہوئے تو وہ ہمیں قبول نہیں ہوگا، تاہم اگر اس میں صرف انتظامی باتیں ہیں تو انتظامی چیزیں ملک میں چلتی رہتی ہیں، اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 26)

صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں 164 ارب 52 کروڑ کے فنڈز منظور

وزیراعلی پنجاب سکول میل پروگرام کے لیے 7 ارب، آبی زراعت کے مالز کے قیام کیلئے 4 ارب منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2025-26 کے صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کے 43ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کے لئے 164 ارب 52 کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی (بقیہ نمبر 37)

فلائٹ آپریشن بدستور متاثر، 5 پروازیں منسوخ، متعدد تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث کراچی سے روانہ ہونے والی 5 پروازیں منسوخ اور متعدد (بقیہ نمبر 36)

آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن (اپسکا) تحصیل حسن ابدال کے نمائندہ وفد نے ڈپٹی ڈی ای او حسن ابدال راؤ غلام قادر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی

ملاقات میں تحصیل بھر کے نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

حسن ابدال (رفیق قادری) آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن (اپسکا) تحصیل حسن ابدال کے نمائندہ وفد نے ڈپٹی ڈی ای او حسن ابدال راؤ غلام قادر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں تحصیل بھر کے نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت نومنتخب صدر اپسکا تحصیل حسن ابدال چوہدری وقار علی نے کی، جبکہ جنرل سیکرٹری محمد علی قریشی، جوائنٹ سیکرٹری امتیاز مسیح، اور سیکرٹری مالیات مفتی محمد نذیر بھی وفد میں شامل تھے۔ اس موقع پر اپسکا کے مرکزی رہنما قاضی ظہور الحق اور ضلعی صدر طاہر محمود درانی بھی موجود تھے۔ چوہدری وقار علی نے ڈپٹی ڈی ای او کو پرائیویٹ سیکٹر کو درپیش مسائل، حکومتی پالیسیوں میں درپیش مشکلات، اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تجاویز سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ”اپسکا کا مقصد حکومت کے شانہ بشانہ تعلیم کے فروغ کے لیے کام کرنا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ نجی تعلیمی اداروں کو نہ صرف سہولتیں دی جائیں بلکہ ان کے مثبت کردار کو بھی تسلیم کیا جائے، کیونکہ یہی ادارے محدود وسائل کے باوجود قوم کے مستقبل کو سنوارنے میں مصروف ہیں۔ ڈپٹی ڈی ای او راؤ غلام قادر نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ تعلیم کا فروغ سرکاری و نجی دونوں شعبوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ محکمہ تعلیم پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ حسن ابدال میں تعلیمی معیار مزید بلند ہو، اور اس سلسلے میں اپسکا کا کردار قابل تعریف ہے۔“ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ تعلیم پرائیویٹ اسکولوں کے جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔

ایم ڈی کیٹ 2025 کے بعد ایک سنگین میرٹ بحران پیدا ہو گیا ہے، جو پی ایم ڈی سی کی غیر منصفانہ اور امتیازی داخلہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے

متعدد یقین دہانیوں کے باوجود، پی ایم ڈی سی شفاف اور منصفانہ نظام فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ایم ڈی کیٹ 2025 کے بعد ایک سنگین میرٹ بحران پیدا ہو گیا ہے، جو پی ایم ڈی سی کی غیر منصفانہ اور امتیازی داخلہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے متعدد یقین دہانیوں کے باوجود، پی ایم ڈی سی شفاف اور منصفانہ نظام فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے، جس کے باعث ہزاروں طلبہ وطالبات کا مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے یہ بحران خاص طور پر پنجاب، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر میں شدید ہے، جہاں ایم ڈی کیٹ 2024 کے نتائج کو ایم ڈی کیٹ 2025 کے ساتھ یکساں طور پر قابلِ قبول قرار دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ سراسر غیر منصفانہ، غیر منطقی اور میرٹ کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے، کیونکہ ایم ڈی کیٹ 2024 کا امتحان 2025 کے مقابلے میں کہیں زیادہ آسان تھا۔ دونوں سالوں کے طلبہ کو ایک ہی میرٹ لسٹ میں شامل کرنا انتہائی غیر منصفانہ ہے اور دنیا کے کسی بھی ملک میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر، اسٹارز اکیڈمی (سکس روڈ راولپنڈی کیمپس سردار عمر نے سٹوڈنٹ کے ہمراہ راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر عدیل جدون، عبداللہ اوسید ایم ڈی کیٹ کے طلباء اور والدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ سردار عمر نے کہا کہ۔ اس صورتحال کا واحد منصفانہ اور عقلی حل ”ریلیٹیو مارکنگ“ کا نفاذ ہے ایک ایسا نظام جو امتحان کی مشکل سطح کے مطابق امیدواروں کے نمبروں کو متوازن بناتا ہے۔ یہی نظام پاکستان میں 2021 میں پی ایم سی کے تحت کامیابی سے استعمال کیا گیا تھا، اور بھارت کے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (NTA) سمیت کئی بین الاقوامی ادارے بھی اسے اپنا چکے ہیں۔ ہمارے مطالبات: داخلہ عمل کو فوری طور پر معطل کیا جائے جب تک میرٹ بحران حل نہیں ہوتا۔ ریلیٹیو مارکنگ کا نفاذ کیا جائے تاکہ دونوں سالوں کے امیدواروں کے ساتھ انصاف ہو۔ تمام غلط سوالات (Flawed MCQs) کو درست کیا جائے تاکہ نتائج مکمل طور پر شفاف ہوں۔ ہم انصاف، شفافیت، اور حقیقی میرٹ کے حامی ہیں، ہم پی ایم ڈی سی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرے اور فوری اصلاحی اقدامات اٹھائے تاکہ طلبہ، والدین اور تعلیمی اداروں کا اعتماد بحال ہو سکے۔

یوم اقبال کی مناسبت سے مقابلہ جات کا چوہدری مشتاق حیدر، چوہدری معین اکرم اور زوہیب ابرار کی سربراہی میں کامیاب انعقاد

علاوہ ازیں علی مختار اعوان، محمد اعجاز چوآ، قاضی محمد لطیف اور راشد منہاس کا کردار بھی اہم رہا

چکوال (مرزا ساجد اقبال سے۔) کنکورڈیا کالج چکوال میں آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن (اپسما) چکوال کے زیر اہتمام یوم اقبال کی مناسبت سے مقابلہ جات کا چوہدری مشتاق حیدر، چوہدری معین اکرم اور زوہیب ابرار کی سربراہی میں کامیاب انعقاد۔ ضلع چکوال و تلہ گنگ کے سرکاری و پرائیویٹ سکولز کے مابین ہونے والے علمی و ادبی مقابلہ جات کے کامیاب انعقاد میں اپسما کی پوری ٹیم بالخصوص چوہدری امیر تیمور اور ملک سعادت علی اعوان کا کردار بہت اہم رہا۔ علاوہ ازیں علی مختار اعوان، محمد اعجاز چوآ، قاضی محمد لطیف اور راشد منہاس کا کردار بھی اہم رہا۔ تقریب میں مہمانِ خصوصی چوہدری شہریار سلطان، چیمبر آف کامرس چکوال سے خواجہ عارف یوسف، چوہدری شہزاد، ملک محمد اعجاز جنرل سیکرٹری اپسما شمالی پنجاب، راجہ عرفان صاحب ممبر ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی، اور تلہ گنگ سے دیگر معززین نے شرکت کی۔ ان مقابلہ جات میں ضلع چکوال اور ضلع تلہ گنگ کے 150 سے زائد سکولوں کے طلباء و طالبات نے بھرپور شرکت کی اور اپنی بہترین پرفارمنس پر شرکاء سے داد وصول کی۔ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو آفاق پبلشرز کی طرف سے اعزازی شیلڈز اور آکسبرج ایجوکیشنل سروسز کی طرف سے تمام شریک طلباء کو سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ اشرف آصف، ملک امیر، میڈم شاہدہ چوہان نے ججز کے فرائض سرانجام دیئے۔ اپسما چکوال کی ٹیم ان تمام مقابلہ جات کے ججز، کنکورڈیا کالج کی انتظامیہ، سکول مالکان، پرنسپلز، اساتذہ اور طلبہ کی شکرگزار ہے جن کی بدولت یہ مقابلہ جات نہایت مثبت اور بہترین انداز میں منعقد ہوئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری شہریار سلطان، اشرف آصف اور ملک محمد اعجاز نے مقابلہ جات کے کامیاب انعقاد پر اپسما کے کردار کو سراہا۔ اپسما چکوال کے ضلعی صدر چوہدری معین اکرم نے اپنے خطاب میں ایسے علمی و ادبی مقابلہ جات کی اہمیت کو اجاگر کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کی ذہنی و علمی صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے اپسما چکوال آئندہ بھی ایسے مقابلہ جات منعقد کرتی رہے گی۔

آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا کی مبینہ بے حرمتی کرنے والوں کا احتساب ناگزیر ہے، علماء مشائخ

خانقاہوں کا کردار ہمیشہ سے انسانیت کی فلاح و بہبود اور معاشرتی اصلاح میں نمایاں رہا ہے، صاحبزادہ نقشبندی

کراچی/لاہور (اسٹاف رپورٹر- بیورو رپورٹ) ملک بھر کے علماء مشائخ نے خانقاہوں کے تقدس کے تحفظ، آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا اور سیدہ بی بی صاحبہ کی مبینہ بے حرمتی کی شدید مذمت کرتے ہوئے بھیج پیر جٹا پنجم پیر طریقت رہبر شریعت مرشد محمد اسحاق شاہین گورایاؒ نقشبندی کی جائیداد پر 16 سال سے قابضین اور سہولت کاروں کے خلاف ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کر دیا، یہ اعلان آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا، مرشدی گورایاؒ قومی موومنٹ پاکستان، مرشدی گورایاؒ میموریل کمیٹی (رجسٹرڈ) اور ملک بھر کے علماء مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام تحریک پاکستان کے بے تیغ سپاہی، بابائے خیر پور، دانشور، ادیب، صحافی پیر طریقت رہبر شریعت، داعی اتحاد امت اور اخوت و بھائی چارے کے فروغ کے علمبردار پیرو مرشد محمد اسحاق شاہین گورایاؒ نقشبندی مرشدی (بھیج پیر جٹا پنجم) صد سالہ جشن ولادت کے سلسلے میں منعقدہ تقریب اور، آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا اور سیدہ بی بی صاحبہ کی مبینہ بے حرمتی، بھیج پیر جٹا پنجم پیر طریقت رہبر شریعت مرشد محمد اسحاق شاہین گورایاؒ نقشبندی کی جائیداد پر 16 سال سے قابضین اور سہولت کاروں کے خلاف احتجاجی اجتماع سے خطاب میں کیا جس کی صدارت علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے سربراہ سفیر امن پیر صاحبزادہ نقشبندی سجادہ نشیں آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا نے کی، جبکہ سیاسی، سماجی اہنماوں اور علماء مشائخ جن میں پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین نوری، پروفیسر ڈاکٹر سعید سہروردی، پیر سید محمد خرم شاہ جیلانی، پروفیسر ڈاکٹر مہربان نقشبندی ایڈوکیٹ سپریم کورٹ، علامہ ضیاء الدین،، فقیر ملک شکیل قاسمی، پیر مفتی محمد یوسف لجپال، پیر سید ارشد حسین اشرفی، مفتی حفیظ اللہ ہادیہ، صوفی سید مسرور ہاشمی خانی، علامہ خلیل نورانی، عبدالوحید یونس، پروفیسر علامہ ڈاکٹر محمود عالم خرم آسی جہانگیری، قاری محمد ادریس، علامہ نسیم غوری، سلیم بخاری شامل ہیں نے بھی خطاب کیا، مقررین نے بھیج پیر جٹا پنجم پیر طریقت رہبر شریعت مرشد محمد اسحاق شاہین گورایاؒ نقشبندی کی دینی ملی اور اتحاد امت کیلئے خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اتحاد امت میں مرشد محمد اسحاق شاہین گورایاؒ نقشبندی کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں، آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا کی مبینہ بے حرمتی کرنے والوں کا احتساب ناگزیر ہے، خانقاہوں کا کردار ہمیشہ سے انسانیت کی فلاح و بہبود اور معاشرتی اصلاح میں نمایاں رہا ہے، خانقاہیں وہ مراکز ہیں جہاں سے انسانیت کو محبت، ایثار اور اخلاقِ حسنہ کا درس ملتا ہے، کہ آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا اور سیدہ بی بی صاحبہ کی حرمت کو پامال کرنے والے عناصر، بشمول احمد سفیان، اس کے بیٹوں اور سہولت کاروں کے خلاف ملک بھر کے علماء و مشائخ بھرپور آواز اٹھائیں گے۔ راتوں کو آستانے کی بجلی کاٹنا، میٹر کو آگ لگانا، تالوں میں ایلفی ڈالنا اور گن پوائنٹ پر بے حرمتی کے واقعات ناقابلِ برداشت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب واقعے کی اطلاع پولیس کو دی گئی تو کاروائی سے پہلے مبینہ طور پر بھاری نذرانوں کے عوض خاموشی اختیار کی گئی

پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ PP-4 کے ممتاز رہنما ملک امانت خان راول کی عثمان خان مہمند اور جمال خان زیارت خان کی رہائش گاہ پر خصوصی آمد

اس موقع پر انہوں نے امیر حمزہ مہمند اور نعیم خان مہمند کو شادی کی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

پنڈی گھیب (ملک کاشف) پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ PP-4 کے ممتاز رہنما ملک امانت خان راول کی عثمان خان مہمند اور جمال خان زیارت خان کی رہائش گاہ پر خصوصی آمد۔ اس موقع پر انہوں نے امیر حمزہ مہمند اور نعیم خان مہمند کو شادی کی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایوب خان، رئیس خان، نور رحمان نوری پٹھان، ملک کاشف اور منو خان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ملک امانت خان راول نے کہا کہ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی خصوصی محنت اور دلچسپی سے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے پنڈی گھیب میں ڈائیلاسز سینٹر قائم کیا گیا جس سے گردوں کے مریضوں کو مقامی سطح پر ڈائیلاسز کی سہولیات میسر آرہی ہیں جبکہ اب فتح جنگ کے عوام کے لیے شہید بے نظیر بھٹو فری ڈائیلاسز سینٹر اور بلڈ بینک کا قیام ایک اور تاریخی تحفہ ہے، جو بلاشبہ ایک عظیم عوامی خدمت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نئے ڈائیلاسز سینٹر اور بلڈ بینک کے تعمیراتی کام آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں اور جلد یہ ادارے عملی طور پر عوام کی خدمت شروع کر دیں گے۔ اس منصوبے کے آغاز سے فتح جنگ کے مریضوں کو خون کی فراہمی اور ڈائیلاسز کی قیمتی سہولت اپنے ہی شہر میں بلا معاوضہ دستیاب ہوگی، جس سے غریب اور مستحق مریضوں کو بہت بڑا ریلیف ملے گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے مشن پر کاربند ہے اور عوام کی سہولت کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے۔

چوہدری ساجد محمود پٹواری کے بھتیجے چوہدری مرتضیٰ طارق رشتہ ازدواج منسلک ہو گئے

ان کی شادی چوہدری محمد اسلم مرحوم کی صاحبزادی کے ساتھ بخیر وخوبی سرانجام پائی گزشتہ روز ان کی طرف سے دی گئی

پنڈی گھیب (تحصیل رپورٹر) چوہدری ساجد محمود پٹواری کے بھتیجے چوہدری مرتضیٰ طارق رشتہ ازدواج منسلک ہو گئے، ان کی شادی چوہدری محمد اسلم مرحوم کی صاحبزادی کے ساتھ بخیر وخوبی سرانجام پائی گزشتہ روز ان کی طرف سے دی گئی دعوت ولیمہ میں مہمانوں کا استقبال سابق وفاقی ڈپٹی سیکرٹری چوہدری یعقوب، چوہدری محمد اشرف، چوہدری رحمت اللہ، چوہدری عابد حمید، شیخ محمد ارشد، ملک نثار احمد پٹواری، محمد جمیل چشتی (کینیڈا) چوہدری آصف، زاہد اقبال اور سید فرحت عباس نقوی نے کیا جبکہ مہمانوں میں ممبر پنجاب اسمبلی نوابزادہ چوہدری شیر علی خان، نوابزادہ ملک ناصر علی خان، وزیر صنعت وتجارت آزاد کشمیر راجہ محمد صدیق، نوابزادہ ملک عمر حیات خان، مسلم لیگ ق پنجاب کے صدر ملک سمین خان، پیپلز پارٹی کے راہنماء حاجی محمد اختر، سابق امیدوار صوبائی اسمبلی ملک امانت خان راول، سردار فیضان حیدر، ملک عمران خان آف غریب وال، ملک سعد طارق، ملک احد طارق، ڈی ایس پی چوہدری سجاد، تحصیل دار افضل ہراج، نائب تحصیلدار محمد حیات خان، ملک اصغر گھیبہ، عطاء المصطفیٰ جمیل، مدثر عزیز سمیت برادری، دوست احباب، سیاسی و سماجی شخصیات، محکمہ مال، محکمہ پولیس، محکمہ ایجوکیشن، وکلاء اور عوام الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

افغانیوں کا سرعام دندنانہ حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

جعلی شناختی کارڈ والے افغانیوں کے سہولت کارروں کو فل الفور گرفتار کیا جائے، افغان قوم پاکستان میں ناسور بنتی جارہی ہے

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) افغانیوں کا سرعام دندنانہ حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، جعلی شناختی کارڈ والے افغانیوں کے سہولت کارروں کو فل الفور گرفتار کیا جائے، افغان قوم پاکستان میں ناسور بنتی جارہی ہے، دنگا فساد افغانیوں کا مشغول مشغلہ بن چکا ہے※ تفصیلات کے مطابق عوال الناس کی اکثریت نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اڈیالہ روڈ اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں افغانی اکثریت سے پائے جاتے ہیں※ جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ کو حکومت نے بے دخل کیوں نہیں کیا تو ان کا کہنا ہوتا ہے کہ ہمارے شناختی کارڈ پاکستان کے بنے ہوئے ہیں اس لیے ہمیں کوئی بھی پاکستان سے بے دخل نہیں کر سکتا※ ان افغانیوں کے شناختی کارڈ کی تصدیق کرنے والے سہولت کاروں کو حکومت فی الفور گرفتار کرے اور افغانیوں سمیت سہولت کاروں کو پابند سلاسل کرے※ کیونکہ یہ افغانی شہری دنگا فساد چوری ڈکیتی جیسی وارداتوں میں ملوث پائے جاتے ہیں※ یہ لوگ کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں کیونکہ انہوں نے پاکستانی معاشرے میں بگاڑ پیدا کر رکھا ہے※ جبکہ عوام ان کی وجہ سے بے روزگاری اور نشے جیسی مصیبتوں میں مبتلا ہو چکی ہے※ شہریوں کی اکثریت نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ ان بزدلوں کو فی الفور ملک بدر کیا جائے※ عوام نے یہ بھی کہا ہے کہ پاکستان نے انڈیا کے ساتھ پانچ جنگیں لڑی ہیں جبکہ کوئی بھی پاکستانی بھاگ کر جنگ کی وجہ سے پناہ لینے نہ تو افغانستان گیا اور نہ ہی ایران گیا※ جبکہ افغانستان میں جب بھی روس اور امریکہ نے حملہ کیا تو یہ بزدل قوم بھاگ کر پاکستان اور ایران کا رخ کرتی ہے اور پھر یہ بزدل گیڈر پاکستان میں آکر بدمعاشیاں کرتے ہیں اس لیے حکومت کو چاہیئے کہ ان بزدلوں کو ان کے ملک واپس بھیج کر پاکستانی عوام پر احسان عظیم کرے

35 ویں نیشنل گیمز 2025 کے لیے 8 نومبر آئی ایٹ کرکٹ گراؤنڈ مغل مارکیٹ اسلام آباد میں ہوں گے

اسلام آباد بیس بال ٹیم نے نیشنل گیمز میں میڈل حاصل کیا تو کھلاڑیوں کو بھاری نقد انعام سے نوازا جائے گا

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) 35 ویں نیشنل گیمز 2025 کے لیے اسلام آباد بیس بال ٹیم کے ٹرائلز آج بروز ہفتہ 8 نومبر آئی ایٹ کرکٹ گراؤنڈ مغل مارکیٹ اسلام آباد میں ہوں گے۔ اسلام آباد بیس بال ایسوسی ایشن کے نائب صدر منظر شاہ نے بتایا ہے کہ ٹرائلز کا آغاز صبح 11 بجے ہوگا۔ ٹرائلز کی نگرانی پاکستان بیس بال فیڈریشن کے نمائندے طاہر محمود اور اسلام آباد بیس بال فیڈریشن کے صدر عارف شہزاد کریں گے۔ منظر شاہ نے کہا کہ اسلام آباد کی ٹیم نیشنل گیمز میں وکٹری سٹینڈ تک پہنچے گی اور میڈل ضرور حاصل کرے گی، انہوں نے اعلان کیا کہ اسلام آباد بیس بال ٹیم نے نیشنل گیمز میں میڈل حاصل کیا تو کھلاڑیوں کو بھاری نقد انعام سے نوازا جائے گا۔

وقاص علی خان، عثمان علی خان اور رحمان علی خان رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے ہیں

ان کی طرف سے جنڈ میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا

پنڈی گھیب (ملک کاشف) وقاص علی خان، عثمان علی خان اور رحمان علی خان رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے ہیں، ان کی طرف سے جنڈ میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا دعوت ولیمہ میں اے ایس آئی ملک شفقت علی خان، ملک زمرد خان نمبردار، ملک دوست محمد خان نے مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ مہمانوں میں ایم این اے ملک سہیل خان، سابق ممبر پنجاب اسمبلی ملک جمشید الطاف، سابق امیدوار صوبائی اسمبلی ملک بہادر یار خان، ملک نواز۔۔ ملک شیر احمد۔ سابق ناظم یونین کونسل ملھووالی ملک ریاض الدین اعوان، ملک سعد طارق، ایوب خان تاجر عثمان خان مہمند ملک کاشف اور ملک شیر جنگ سمیت عمائدین علاقہ، برادری، دوست احباب اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور دولہا برادران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

معروف کاروباری شخصیت چوہدری تنویر کی اہلیہ چوہدری خاور تنویر کی والدہ گزشتہ روز جنجوعہ ٹاؤن میں وفات پا گئی

جن کا نماز جنازہ آج دن 11 بجے مین لائن 7 گلستان اپارٹمنٹس گلستان کالونی نزد ایوب پارک کے قبرستان میں ادا کی جائے گی

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) معروف کاروباری شخصیت چوہدری تنویر کی اہلیہ چوہدری خاور تنویر کی والدہ گزشتہ روز جنجوعہ ٹاؤن میں وفات پا گئی جن کا نماز جنازہ آج دن 11 بجے مین لائن 7 گلستان اپارٹمنٹس گلستان کالونی نزد ایوب پارک کے قبرستان میں ادا کی جائے گی، مرحومہ خلیفہ چوہدری جاوید سلطان اور چوہدری شہزاد کی بھابی ہیں

بھاری جرمانوں اور گرفتاریوں کی وجہ سے دوبارہ پورا شہر بند ہے اور شٹر ڈاؤن کر دیا گیا

تمام شہر کی دکانیں بند کر دی گئی بلا جواز گرفتاریاں مسائل کا حل نہیں کاروباری حالات انتہائی مشکل ہو چکے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان متحد نانبائی ایسوسی ایشن کے صدر محمد شفیق قریشی نے ہڑتال ختم ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ کی طرف سے نانبائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھاری جرمانوں اور گرفتاریوں کی وجہ سے دوبارہ پورا شہر بند ہے اور شٹر ڈاؤن کر دیا گیا تمام شہر کی دکانیں بند کر دی گئی بلا جواز گرفتاریاں مسائل کا حل نہیں کاروباری حالات انتہائی مشکل ہو چکے ہیں انتظامیہ مسائل حل کرنے کی بجائے گرفتاریاں۔ دکانیں سیل اور جرمانے کر رہی ہے یہ انتقامی کاروائیاں بند ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے دونوں بیٹے حمزہ قریشی، بلال قریشی اسی طرح سینئر نائب صدر چن زیب عباسی، گل خان سینئر صدر کا بیٹا، حاجی سفیر اور دو مزید کاریگر گرفتار کئے گئے ہیں اسی طرح شہر بھر میں متعدد تندور والوں کو اٹھا لیا گیا ہے جس کی وجہ سے دوبارہ شٹر ڈاؤن کر کے تمام تندور بند کر دیے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم ضلعی انتظامیہ کی طرف ان تمام گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، کمشنر راولپنڈی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ تمام تندور والوں کو فی الفور رہا کیا جائے اور جواز بھاری بھر جرمانے دکانیں سیل کرنا تمام انتقامی کاروائیاں بند کی جائیں۔

حلقہ این اے 53 ڈھوک لکھن نئی آبادی کے رہائش بنیادی سہولیات سے محروم

ایم این اے قمر الاسلام راجہ اور ایم پی اے خود علاقے کا دورہ کر کے خود جائزہ لیکر عوامی مشکلات کو ختم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

راولپنڈی (سٹاف) حلقہ این اے 53 ڈھوک لکھن نئی آبادی کے رہائش بنیادی سہولیات سے محروم ڈھوک لکھن نئی آبادی کے رہائشیوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ایم این اے قمر الاسلام راجہ سے اپیل کی ہے کے ڈھوک لکھن نئی آبادی میں سوئی گیس کی فراہمی کو یقینی بنائے جائے ڈھوک لکھن نئی آبادی کے رہائشیوں نے کہا کے قمر الاسلام راجہ خود ان رہائشی علاقوں کا دورہ کرئے جہاں حلقہ کے وڈرز بنیادی سہولیات سے محروم ہے حلقہ کی لوکل قیادت متعلقہ ایم این اے اور ایم پی اے کو حقائق کے برعکس سب اچھے کی رپورٹ دیکر اندھیرے میں رکھ رہے ہیں جبکہ ڈھوک لکھن نئی آبادی میں ابھی تک گیس کی لائیں نہ بچھائی گئیں علاوہ ازیں سٹریٹ لائٹس نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ میں چوری کی وارداتیں ہو رہی ہیں۔ اہلیان علاقہ نے کہا کہ ایم این اے قمر الاسلام راجہ اور ایم پی اے نے الیکشن مہم کے دوران جو وعدے کئے وہ پورے نہیں ہوئے اور ترقیاتی کام نامکمل ہیں ڈھوک لکھن نئی آبادی کے رہائشیوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل کی ہے کہ حلقہ این اے 53 میں دیگر حلقوں کی طرح توجہ دیکر عوامی مسایل کو حل کرانے کے احکامات جاری کئے جائے۔ اہل علاقہ نے کہا کہ جدید دور میں بھی علاقہ ڈھول لکھن نئی آبادی مختلف مسائل کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامہ قیادت کی سب اچھے کی رپورٹ پر نہ جائی بلکہ ایم این اے قمر الاسلام راجہ اور ایم پی اے خود علاقے کا دورہ کر کے خود جائزہ لیکر عوامی مشکلات کو ختم کرنا ے میں اپنا کردار ادا کریں۔

اقبالؒ نے ہمیں یہ یقین عطا کیا کہ قوموں کی تعمیر دولت یا طاقت سے نہیں، بلکہ کردار سے ہوتی ہے۔ سردار آفتاب اقبال

علامہ اقبالؒ نے ہمیں یہ یقین عطا کیا کہ قوموں کی تعمیر دولت یا طاقت سے نہیں بلکہ کردار سے ہوتی ہے۔ علم، محبت اور جذبہ یقین سے ہوتی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) علامہ اقبالؒ نے ہمیں یہ یقین عطا کیا کہ قوموں کی تعمیر دولت یا طاقت سے نہیں، بلکہ کردار سے ہوتی ہے۔ علم، محبت اور جذبۂ یقین سے ہوتی ہے۔ اُن کی فکر آج بھی رہنمائی کا سرچشمہ ہے، جو ہمیں مایوسی سے اُمید، غلامی سے آزادی، اور خواب سے حقیقت کی راہ دکھاتی ہے۔ اگر ہمارا تعلیمی نصاب میں سیرت النبی ﷺ اور علامہ اقبال کی کتب کو شامل کیا جائے تو یہ قوم ایک عظیم قوم بن سکتی ہے مگر افسوس یہ ہے کہ ہمارا نصاب بوسیدہ جس میں چند لوگوں کے قصے اور باقی انگریزی کا راج حقیقی اور اصلی ہیروں کو نظر انداز کیا جائے تو قوم کا شعار اور شعور کا لیول کیا ہوگا وہ آج کا نوجوان اسکی بہترین عکاسی کرتا ہے ہم ایک قوم نہیں بلکہ ہجوم بن چکے ہیں جن کا کوئی مشن نہیں بس ایک دوسرے کو نیچا کرنے کی ریس اور نظام کی غلامی عام آدمی کو روز مرہ کی ضروریات میں جکڑ رکھا ہے جس سے آدھے سے زیادہ لوگوں کو پتہ ہی نہیں کہ اصلی ہیرو کون تھا اس کا کردار کیسا تھا اس نے کیا جدوجہد کی اور تب ہمیں یہ وطن ملا۔

پی ایم ایس کی آسامیاں مشتہر کرنے کے لیے ابھی سے ہوم ورک شروع کیا جائے

صوبائی حکومت عمران خان کے وژن کے مطابق میرٹ، شفافیت اور ڈیجیٹل گورننس کے فروغ کے لیے اصلاحات پر عمل کر رہی ہے

پشاور (اشتیاق نور خان سے) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے محکمہ انتظامیہ وعملہ اور پبلک سروس کمیشن کے حکام کو جنوری 2026 میں پراونشل مینجمنٹ سروس (پی ایم ایس) کی نئی آسامیوں کا اعلان یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ پی ایم ایس کی آسامیاں مشتہر کرنے کے لیے ابھی سے ہوم ورک شروع کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور میں خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن سے متعلق ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے پبلک سروس کمیشن کے تحت امتحانات سمیت تمام امور کی ڈیجیٹائزیشن کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ صوبائی حکومت عمران خان کے وژن کے مطابق میرٹ، شفافیت اور ڈیجیٹل گورننس کے فروغ کے لیے اصلاحات پر عمل کر رہی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال اور ڈیجیٹائزیشن سے کارکردگی اور شفافیت دونوں یقینی بنائی جائیں گی۔ ”ہم غیر ضروری انسانی مداخلت اور سفارشی کلچر ختم کرنے کے لیے تمام اُمور ڈیجیٹائز کر رہے ہیں۔ عوام کی سہولت کے لیے حکومت پبلک سروس کمیشن کی ضرویات ترجیحی بنیادوں پر پوری کرے گی“۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ پبلک سروس کمیشن کو مزید مضبوط اور موثر ادارہ بنانے کے لیے سرمایہ کاری میں اضافہ کیا جائے گا۔ محمد سہیل آفریدی نے پبلک سروس کمیشن کے تحت بھرتیوں کا عمل بھی تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بھرتیوں کا عمل تیز اور میرٹ پر مبنی بنانے کے لیے آوٹ آف باکس پالیسی اپنائی جائے

فدا حسین نے امن وامان کی صورتحال مزید بہتر بنانے اور سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے سٹی ڈویژن کے مختلف مقامات کا دورہ کیا

شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا اور شہر میں امن وامان کی فضا کو مستحکم رکھنا ہے

پشاور (اشتیاق) نوتعینات ایس پی سٹی ڈویژن فدا حسین * نے امن وامان کی صورتحال مزید بہتر بنانے اور سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے سٹی ڈویژن کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ایس پی فدا حسین نے شہر کے داخلی و خارجی راستوں اور اہم مقامات پر قائم ناکہ بندیوں پر چیکنگ کے عمل کی نگرانی کی اور ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو چوکنا رہنے اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنے کی ہدایت کی۔ شہر کے تمام حساس اور اہم مقامات پر ناکہ بندیوں اور چیکنگ کے عمل کو مزید سخت کر دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے مؤثر طور پر نمٹا جا سکے۔ ناکہ بندیوں کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی نقل وحرکت پر قابو پانا، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا اور شہر میں امن وامان کی فضا کو مستحکم رکھنا ہے۔ ایس پی فدا حسین نے کہا کہ پولیس فورس شہریوں کے اطمینان اور امن کے احساس کے لیے ہمہ وقت الرٹ ہے اور ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر پشاور کیپٹن (ر) ثناءاللہ خان کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

پشاور (اشتیاق نور خان سے) صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر پشاور کیپٹن (ر) ثناءاللہ خان کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) بابر خان تنولی سمیت انتظامی افسران اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد صوبائی حکومت کے احکامات پر عملدرآمد کے حوالے سے جاری پیش رفت، محکموں کی کارکردگی، درپیش چیلنجز اور محکموں کے درمیان کوآرڈینیشن کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی کارکردگی رپورٹس، زیر التواء اہداف اور فیلڈ سرگرمیوں سے متعلق تمام ریکارڈ اجلاس میں پیش کریں تاکہ مجموعی انتظامی بہتری کے لیے مؤثر حکمت عملی تشکیل دی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور نے اس موقع پر واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات پر مکمل اور بروقت عملدرآمد ہر محکمے کی اولین ذمہ داری ہے

پشتو ادب اور زبان کی ترویج کے سلسلے میں ایک کامیاب ادبی محفل کا انعقاد

پشتو ادب اور زبان کی ترویج کے سلسلے میں ایک کامیاب ادبی محفل کا انعقاد گزشتہ شب، اتوار 8 نومبر 2025 کو اسماعیل شاہ ژوند صاحب کی رہائش گاہ پر ہوا

کرم (محمد خالق اورکزئی سے) یونس بنگش کے اعزاز میں متحدہ عرب امارات میں عظیم الشان ادبی محفل) رپورٹ محمد خالق اورکزئی) یونس بنگش مینوال کے اعزاز میں متحدہ عرب امارات میں عظیم الشان ادبی محفل پشتو زبان کے فروغ کے لیے متحدہ پلیٹ فارم کے قیام پر زور دبئی سے محمد طاہر پراچہ نے صحافی محمد خالق اورکزئی سے خصوصی طور پر فون پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پشتو ادب اور زبان کی ترویج کے سلسلے میں ایک کامیاب ادبی محفل کا انعقاد گزشتہ شب، اتوار 8 نومبر 2025 کو اسماعیل شاہ ژوند صاحب کی رہائش گاہ پر ہوا۔ یہ تقریب بنگش پشتو ادبی ٹولنہ※ کے بانی محترم یونس بنگش مینوال صاحب کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے تل قومی اتحاد پشاور رجسٹر※ کے زیرِ اہتمام اور ژوند پشتو ادبی ٹولنہ※ کے انتظام میں ہوئی۔ غونڈہ (محفل) میں ملک بھر سے معروف شعراء اور ادب سے وابستہ افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اہم نکات وشرکاء صدارت: پیر سرفراز صاحب مہمانِ خصوصی: سید ملنگ صاحب نظامت: کامران ارمانی صاحب اعزازی خطاب: فانوس بنگش صاحب (بنگش ادبی ٹولنہ کے صدر) نے ادب کی خدمات پر روشنی ڈالی۔ ایوارڈز کی تقسیم: بنگش پشتو ادبی ٹولنہ کے کارکردگی دکھانے والے اور ژوند ادبی ٹولنہ کے مہمان ارکان کو اعزازی ایوارڈز سے نوازا گیا۔ آزاد مشاعرہ اور مرکزی پیغام دوسرے مرحلے میں آزاد مشاعرہ ہوا، جس میں پیر سرفراز، سید ملنگ، کامران ارمانی، اسماعیل شاہ ژوند، اور طاہر پراچہ سمیت 17 سے زائد شعراء نے اپنا کلام پیش کیا۔ بلال فدا سرحدی صاحب نے اہم پیغام دیتے ہوئے کہا کہ متحدہ عرب امارات میں تمام ادب دوستوں کو ایک ہی تنظیم کے تحت متحد ہو جانا چاہیے تاکہ لسانی اور علاقائی تفریق ختم ہو اور ادبی اتفاق کی فضا قائم ہو۔ تمام حاضرین نے اس تجویز کی تائید کی۔ تقریب کا اختتام اسماعیل شاہ ژوند صاحب کے شکریہ اور عشائیے پر ہوا)

چکوال ون فائیو چوک پر ریلوے کی جگہ پر قبضہ مافیا کا راج، انتظامیہ اور پیرا فورس کی آنکھوں پر پٹی

حیران کن طور پر اس قبضے کے سامنے سے روزانہ درجنوں پولیس اہلکار، پیرا فورس کے اہلکار اور انتظامی افسران گزرتے ہیں

چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ بیورو چیف ملک حسن فردوس سے) چکوال شہر کے مصروف ترین علاقے ون فائیو چوک، جہاں ہر وقت پولیس کی نقل و حرکت جاری رہتی ہے اور عین سامنے پولیس خدمت مرکز واقع ہے، وہاں آج کل ریلوے کی قیمتی سرکاری اراضی پر قبضہ مافیا کا مکمل راج قائم ہے۔ حیران کن طور پر اس قبضے کے سامنے سے روزانہ درجنوں پولیس اہلکار، پیرا فورس کے اہلکار اور انتظامی افسران گزرتے ہیں، مگر کسی کو یہ غیر قانونی قبضہ مافیا کا راج نظر نہیں آتا عینی شاہدین کے مطابق، ریلوے کی ملکیتی زمین پر ایک شخص نے بغیر کسی اجازت نامے یا لیز کے لوہے کا کیبن (کھوکا) تعمیر کر رکھا ہے۔ یہ کیبن نہ صرف مین روڈ پر قائم ہے بلکہ اطراف کی دکانوں کے بالکل سامنے۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ اس غیر قانونی کھوکے کے سامنے میں ہی پولیس خدمت مرکز موجود ہے، جو چکوال پولیس کی موجودگی اور فرض شناسی پر سوالیہ نشان ہے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ یہ کھوکا کئی مہینوں سے لگا ہوا ہے اور انتظامیہ کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ ”اگر کوئی غریب ریڑھی بان یا سبزی فروش مین روڈ پر ٹھیہ لگالے تو فوراً پیرا فورس پہنچ جاتی ہے، اس کی ریڑھی اُٹھا کر تھانے پہنچا دی جاتی ہے۔ لیکن یہاں تو پولیس کے عین سامنے ریلوے کی زمین پر قبضہ ہو چکا ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں شہریوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا پیرا فورس کی ترجیحات: غریبوں کے نرخ چیک، قبضہ مافیا آزاد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر بنائی گئی پیرا فورس بظاہر شہر میں مہنگائی اور تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہے، مگر افسوس کہ ان کارروائیوں کا دائرہ صرف غریب ٹھیہ بانوں، سبزی فروشوں اور ریڑھی والوں تک محدود ہے۔ چکوال کے شہری سوال اٹھا رہے ہیں کہ آخر پیرا میٹرز فورس کو ون فائیو چوک جیسی مرکزی جگہ پر موجود غیر قانونی قبضہ کیوں نظر نہیں آتا کیا یہ فورس صرف کمزوروں پر اپنی طاقت آزماتی ہے؟ یا طاقتوروں کے سامنے خاموشی اختیار کرنا اس کا نیا ضابطہ بن چکا ہے ریلوے چکوال کی زمینیں ماضی میں بھی قبضہ مافیا کی زد میں رہی ہیں۔ متعدد مقامات پر ریلوے کی قیمتی اراضی پر کیبن، مکانات اور دکانیں تعمیر ہو چکی ہیں، مگر محکمے کی جانب سے تاحال کوئی بڑی کارروائی سامنے نہیں آئی۔ یہ تازہ کیس ایک مرتبہ پھر اس نظام کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے، جہاں سرکاری ادارے اپنی زمین بچانے میں ناکام اور قبضہ گروہ دندناتے پھرتے ہیں ون فائیو چوک کے اطراف میں کاروبار کرنے والے دیگر دکانداروں کا کہنا ہے کہ وہ بھاری کرایے، بل، اور ٹیکس ادا کر کے اپنی دکانیں چلاتے ہیں۔ ”ہمیں تو چھت ڈالنے کے لیے بھی بلدیہ سے اجازت لینا پڑتی ہے، مگر ایک شخص نے حکومتِ پاکستان کی زمین پر قبضہ کر کے مفت میں کاروبار کھول لیا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں۔ یہ انصاف نہیں بلکہ مذاق ہے۔“ متاثرین دکانداروں نے شدید غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب، اور کمشنر راولپنڈی ڈویژن سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری نوٹس لیں اور ریلوے اراضی پر قائم اس غیر قانونی قبضے کو ختم کروائیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ اگر قانون صرف کمزوروں پر لاگو ہو اور طاقتوروں کو استثنا حاصل رہے، تو پھر انصاف کی بنیادیں ہل جاتی ہیں چکوال کے باسیوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگر حکومت واقعی قانون کی بالادستی چاہتی ہے تو سب سے پہلے پولیس خدمت مرکز کے سامنے موجود قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کر کے مثال قائم کرے، تاکہ عوام کو یقین ہو کہ ”قانون اندھا نہیں۔“

ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر چکوال راجہ محمد سرفراز کی نگرانی میں 15 چوک چکوال میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی کی گئی

چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ بیورو چیف ملک حسن فردوس) اس موقع پر متعدد موٹر سائیکل سواروں کو جرمانے عائد کیے گئے

ٹریفک پولیس چکوال حکومتِ پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر چکوال راجہ محمد سرفراز کی نگرانی میں 15 چوک چکوال میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی کی گئی چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ بیورو چیف ملک حسن فردوس) اس موقع پر متعدد موٹر سائیکل سواروں کو جرمانے عائد کیے گئے مزید برآں، ڈی ٹی او چکوال راجہ محمد سرفراز نے اپنی نگرانی میں بغیر ڈرائیونگ لائسنس موٹر سائیکل سواروں کے لائسنس بنوائے تاکہ انہیں قانون کی پاسداری کی ترغیب دی جا سکے ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر چکوال راجہ محمد سرفراز نے اس موقع پر کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر گاڑی یا موٹر سائیکل چلانا قانوناً جرم ہے۔ ڈرائیونگ لائسنس نہ صرف قانونی تقاضا ہے بلکہ یہ ڈرائیور میں خود اعتمادی بھی پیدا کرتا ہے انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ ٹریفک قوانین پر عمل کر کے ایک ذمہ دار اور مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

کرم کے علاقے مناتو میں شدت پسندوں کی ممکنہ موجودگی اور بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر بٹالین ہیڈ کوارٹر میں خُمری، کامران کلی اور نرئی راغہ کے معزز مشران کے ساتھ ایک اہم جرگہ منعقد ہوا

یہ جرگہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقائی امن واستحکام کے لیے جاری سنجیدہ اور مربوط کوششوں کا حصہ تھا

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) کرم کے علاقے مناتو میں شدت پسندوں کی ممکنہ موجودگی اور بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر بٹالین ہیڈ کوارٹر میں خُمری، کامران کلی اور نرئی راغہ کے معزز مشران کے ساتھ ایک اہم جرگہ منعقد ہوا۔ یہ جرگہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقائی امن و استحکام کے لیے جاری سنجیدہ اور مربوط کوششوں کا حصہ تھا۔ جرگے کے دوران سیکیورٹی حکام نے واضح کیا کہ پائیدار امن صرف مقامی آبادی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی اعتماد اور تعاون سے ممکن ہے۔ حکام نے زور دیا کہ علاقے کا تحفظ فورسز کے ساتھ ساتھ ہر شہری کی اجتماعی ذمہ داری ہے، اور جب تک شدت پسندوں کا مکمل خاتمہ نہیں ہوتا، ترقی اور خوشحالی ممکن نہیں۔ مشران نے یقین دہانی کرائی کہ وہ کسی بھی شدت پسند کو پناہ یا سہولت فراہم نہیں کریں گے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شدت پسند کی آمد کی فوری اور خفیہ اطلاع متعلقہ یونٹ کو دیں گے)

ضلع کرم کے عوام کا مطالبہ: ہمیں امن، تعلیم اور ترقی چاہیے

ضلع کرم ایک خوبصورت مگر بدقسمتی سے طویل عرصے سے بدامنی کا شکار علاقہ ہے۔ اسی بدامنی کی وجہ سے ضلع کرم دیگر علاقوں سے ترقی میں بہت پیچھے رہ گیا

کرم) سروی رپورٹ محمد خالق اورکزئی) ضلع کرم کے عوام کا مطالبہ: ہمیں امن، تعلیم اور ترقی چاہیے ضلع کرم ایک خوبصورت مگر بدقسمتی سے طویل عرصے سے بدامنی کا شکار علاقہ ہے۔ اسی بدامنی کی وجہ سے ضلع کرم دیگر علاقوں سے ترقی میں بہت پیچھے رہ گیا ہے۔ آج بھی یہاں کے لوگ بنیادی سہولیات سے محروم ہیں نہ تعلیمی نظام میں بہتری آئی، نہ صحت کے مراکز بہتر ہوئے، نہ ہی روزگار کے مواقع پیدا کیے گئے۔ ہم حکومتِ پاکستان اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ضلع کرم میں پائیدار امن قائم کیا جائے تاکہ عوام ایک پرامن اور خوشحال زندگی گزار سکیں۔ جب امن ہوگا تو تعلیم، روزگار، صحت اور ترقی کے دروازے خود بخود کھلیں گے۔ ہمیں امن چاہیۓ۔ ہمیں تعلیم چاہیۓ۔ ہمیں روزگار چاہیۓ۔ ہمیں ترقی چاہیۓ۔ اس طرح ضلع کرم حوئیداد خیل کے دور دارز علاقہ گاؤں تھانڑہ سے زاوی تک جو کے تمام بنیادی سہولت سے محرم ھے یہاں پر بجلی۔ ھسپتال۔ اور۔ روڈ نھی ان علاقے کے غریب عوم اس راستہ پر جاتے ہیں جو کے کچہ راستہ ھے کوی مریض ہوں تو اس کو ٹل اور دوا بہ کیلئے پہنچ کر راستے میں دم توڑ تھے ہے اگر بنیادی سہولتوں کے باری میں بات کی جای تو تمام سہولت جن میں ھسپتال۔ روڈ۔ بجلی۔ جو کے اب تک اس علاقوں میں نہی اور دوسرے جانب ابھی ٹل۔ سے ڈول راعہ اور پھر حدمیلہ۔ تھانڑہ۔ سے طورہ واڑی تک کچہ روڈ ھے جس گاڈی سفر کرتے ھے جو کے اس راستہ پر اگر مریض کو لیے جاتے تو راستہ اتنا خراب ھے کے مریض ھوں ان کو توسخت تکلیف کا سامنا ہوگا اس علاقے کے مشران اور نوجوان نے سروی میں۔ صحافی محمد خالق اورکزئی کو بتایا کے اب تک نہ ایم ای نی اور ایم پی اے نے کوی کام نہی کی اور قوم حوئیداد خیل کے ان علاقے کے مشران اور نوجوان جن میں۔۔ ملک حاجی خیال بت۔ ملک خیال زار خان۔ سعید واز یر۔ مجید۔ ملک حاجی سید۔ نے۔ اعلی حکام۔ وزیر اعلی۔ کے پی کے۔ اور ایم پی اے سے پرزور اپیل ھے کہ ضلع کرم۔ قوم حوئیداد خیل کے تمام علاقے خاص کر۔ تھانڑہ سے طورہ واڑی روڈ پوری طور پر منظور کر کے اس پر کام شروع خاص کر قبائل سے ابھی وزیر اعلی سہیل افریدی ان پر حق بنتا ھے کہ وہ کے پی کے ھر ضلع کا خیال رکی کیونکہ قبائل کے خوبصورت ضلع قوم خوائیداد خیل تمام علاقے ان میں۔ ڈول راعہ۔ حدمیلہ۔۔ تھانڑ۔ اور۔ چنارک۔ شامل ھے اور انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولت میں۔ روڈ۔ ھسپتال۔ اور سکول۔۔ کم سے کم ھر ایک علاقے میں ضروری ھے خوایداد خیل کے غریب عوام پر رحم کری)

ہتھیار سازی کی ذہانت: AI جنگ کا آغاز

وقار حسن

انسان غالب ہونے کی قوی خواہش رکھتے ہیں اور اپنی طاقت کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مسلسل تباہ کن ذرائع استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر بازنطینی سلطنت کے لیے فوجی کامیابی آگ کی تباہ کن طاقتوں کے استعمال سے حاصل ہوئی۔ 672 عیسوی میں قسطنطنیہ کے محاصرے کے دوران اور دوسری لڑائیوں میں بازنطینیوں نے اپنے مخالفین کے خلاف ایک خاص کمپاؤنڈ استعمال کیا۔ یہ کمپاؤنڈ اتنا خطرناک تھا کہ پانی کو چھونے پر جل جاتا تھا۔ اثر کے بعد، اس نے آگ لگا دی، جنگی ساز و سامان کو تباہ کر دیا اور فوجیوں کو

رہا، جس نے 2045 تک انسانی ذہنوں کے بڑے پیمانے پر پھیلنے کی پیش گوئی کی۔ جیمز لیولاک، جس نے گایا تھیوری تیار کی، ان کا بھی ماننا ہے کہ انتھروپوسین ختم ہو چکا ہے، یہ کہتے ہوئے کہ انسانیت نوواسین میں داخل ہو رہی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ اے آئی جلد ہی انسانی دماغ سے دس لاکھ گنا زیادہ تیزی سے کام کر سکتی ہے اور یہ کہ نوواسین سائبرگ

ہتھیار بنایا اسی طرح عالمی طاقتیں اور غیر ریاستی عناصر مصنوعی ذہانت کو ہتھیار بنا کر اہداف کو بلا مقابلہ ختم کر سکتے ہیں۔ ہنٹن نے اس خطرے کی شدت سے خبردار کرتے ہوئے 10٪ امکان کا اندازہ لگایا کہ AI دو دہائیوں کے اندر انسانیت کو ختم کر سکتا ہے۔ مصنوعی ذہانت پہلے ہی جنگ کے فیصلے کر سکتی ہے، غیر انسانی فیصلے کو متعارف کروا کر جنگ کے

لیس ڈرون پہلے ہی جنگی اور سرحدی حفاظت میں فوجیوں کی جگہ لے رہے ہیں۔ حالیہ تنازعات میں، جیسے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان، خودکش ڈرون نے سرحدیں عبور کیں اور شہروں کو نشانہ بنایا۔ یوکرین نے روس کے اندر مربوط حملوں کے لیے ڈرونز کا استعمال کیا ہے، جس میں دنیا کی سب سے ترقی یافتہ فوجوں میں سے ایک کو

انسانی نگرانی کے، خودمختاری کے ساتھ قتل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ "وار بوٹس" ابھریں گے۔ مشینیں لڑنے والی مشینیں۔ AI سے چلنے والے ہتھیاروں کا فائدہ ان کی درستگی، رفتار اور بے خوفی میں مضمر ہے، جو انسانی حدود سے تجاوز کرتے ہیں۔ "الفاڈاگ فائٹ" تجربہ اس نکتے کو واضح کرتا ہے۔ 2016 اور 2020 میں، یو ایس ایئر فورس ریسرچ

تیار کر رہی ہیں۔ نوے سے زیادہ ممالک پہلے ہی اپنی فضائی حدود میں ڈرون استعمال کر رہے ہیں۔ تاہم، مصنوعی ذہانت رضامندی کے بغیر انسانی طرز عمل کو سیکھ اور نقل کر سکتی ہے۔ فرض کریں کہ مشینیں سیکھے ہوئے انسانی رویوں کی بنیاد پر جنگیں شروع کرتی ہیں۔ اس کے لیے فوری اتفاق رائے اور ضابطے کی ضرورت ہوگی۔ ریڈ کراس کی بین

جا سکتا" اور قوموں پر زور دیا کہ وہ انسانی نگرانی کے بغیر کام کرنے والے روبوٹک ہتھیاروں پر پابندی لگائیں۔ خودمختار ہتھیاروں کی ممانعت کے لیے ایک عالمی معاہدہ ضروری ہے جو فوجیوں اور شہریوں کے درمیان فرق نہیں کر سکتے، تمام AI پر مبنی ہتھیاروں پر انسانی کنٹرول کو یقینی بناتا ہے۔ بین الاقوامی انسانی قانون کا حکم ہے کہ ریاستیں نئے

انسان غالب ہونے کی قوی خواہش رکھتے ہیں اور اپنی طاقت کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مسلسل تباہ کن ذرائع استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر بازنطینی سلطنت کے لیے فوجی کامیابی آگ کی تباہ کن طاقتوں کے استعمال سے حاصل ہوئی۔ 672 عیسوی میں قسطنطنیہ کے محاصرے کے دوران اور دوسری لڑائیوں میں بازنطینیوں نے

سمندری اور فضائی کارروائیوں کے لیے خودمختار نظام

اور غیر قانونی بنا دیتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا ہے کہ انسانیت کی تقدیر کو "الگورتھم پر نہیں چھوڑا

سامراجی عزائم کو روکنے کے لیے بھی اہم ہے جو اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جنگیں ہمیشہ طاقت کے حصول کے لیے انسانیت کی جستجو سے چلتی رہی ہیں اور تہذیبوں نے دوسروں پر غلبہ پانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا ہے۔ مصنوعی ذہانت غلبے کا نیا آلہ بن چکی ہے۔ اگر دنیا عملی اور اخلاقی نقطہ نظر اختیار کرنے میں ناکام رہی تو انسانیت کو بے مثال انتشار کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ جنگ میں نیا عفریت ابھر رہا ہے: مصنوعی ذہانت۔





بھاگنے کا باعث بنا۔ جنگ اس وقت سے زیادہ خطرناک ہو گئی ہے کیونکہ ٹیکنالوجی کی ترقی جاری ہے۔ کیا آج کچھ بھی زیادہ نتیجہ خیز اور خطرناک ہو سکتا ہے، اس کے بنیادی عناصر کی تیزی سے توسیع پر انحصار کرتے ہوئے؟ AI کی عمر میں خوش آمدید۔ دنیا ایک نئے پرومیتھیس کے طلوع ہونے کا مشاہدہ کر رہی ہے۔ رے کرزویل، ایک کمپیوٹر سائنس دان، نے 2005 میں پیشین گوئی کی تھی کہ واحدت قریب تھی۔" اس نے دس سال کے اندر اندر انتہائی ذہین کمپیوٹرز کے ظہور کی پیشین گوئی کی، جس سے انسانی سمجھ سے باہر تہذیب میں انقلاب آیا۔ 2024 میں، مصنوعی ذہانت کی تبدیلی کی صلاحیت میں اس کا یقین بدستور برقرار

کے لیے زمین کی رہائش کو برقرار رکھے گا۔ مصنوعی ذہانت خطرناک رفتار سے آگے بڑھ رہی ہے اور اگر اس کی نگرانی نہ کی جائے تو وہ عفریت بن سکتا ہے۔ اعصابی نیٹ ورک کے علمبردار جیفری ہنٹن کو خدشہ ہے کہ اے آئی اس مقام تک پہنچ سکتی ہے جہاں نئی ذہانت سامنے آئے گی۔ ان کا خیال ہے کہ مشترکہ سیکھنے کے ذریعے کمپیوٹر انسانوں سے زیادہ ہوشیار بن سکتے ہیں، جسے انسان نقل نہیں کر سکتے۔ AI کی تیز رفتار ترقی ایک خطرہ ہے، خاص طور پر اس کے فوجی استعمال کے بارے میں۔ تاریخ نے ہمیشہ برے اداکاروں کو شامل کیا ہے اور ڈیجیٹل دور بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔ جس طرح بازنطینی سلطنت نے آگ کو

پورے ڈھانچے کو بدل دیتی ہے۔ AI اسٹریٹجک انتخاب انسانوں کے مقابلے میں تیز اور زیادہ درست طریقے سے

نشانہ بنایا گیا ہے۔ فوج میں AI کا انضمام ایک واضح خطرہ ہے۔ جیسے جیسے ٹیکنالوجی ترقی کرتی ہے، AI تیزی سے

لیبارٹری نے AI کا مجازی فضائی جنگی تخروپن میں تجربہ کیا۔ AI پروگرام Falco نے ایک انسانی پائلٹ کو 5-0

الاقوامی کمیٹی نے خبردار کیا ہے کہ AI سے چلنے والے ہتھیار بغیر کسی مواصلات کے اہداف کی شناخت اور ان پر حملہ

> انسانی تاریخ میں طاقت کے حصول کی جستجو نے ہمیشہ تباہ کن راستے اختیار کیے۔ آج، مصنوعی ذہانت (AI) اس جستجو کا نیا ہتھیار بن چکی ہے۔ AI کی برق رفتار ترقی، خاص طور پر اس کے فوجی استعمال، نے دنیا کو ایک نئے خطرے سے دوچار کر دیا ہے۔ خودمختار ہتھیار، ڈرون، اور الگورتھم پر مبنی فیصلے جنگ کے اصول بدل رہے ہیں۔ اگر عالمی سطح پر ضابطے نہ بنائے گئے تو انسانیت کو بے قابو ٹیکنالوجی کے ہاتھوں شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔

کر سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر براہ راست انسانی شمولیت کے بغیر لڑی جانے والی جنگوں کا باعث بنتا ہے۔ ہتھیاروں سے

اس بات کا تعین کرے گا کہ جنگیں کس طرح لڑی جاتی ہیں، خودمختار ہتھیاروں کے ساتھ جو الگورتھم کے مطابق، بغیر کسی

کے سکور سے شکست دی، کامل حساب اور بے مثال حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آج، دنیا بھر میں فوجیں زمینی،

کرنے کے قابل ہیں، غلط فہمی اور کنٹرول کھونے کے خطرے کو بڑھاتے ہیں، ممکنہ طور پر ایسے ہتھیاروں کو بلا امتیاز

ہتھیاروں کی قانونی حیثیت کا جائزہ لیتی ہیں اور ICRC اس بات پر زور دیتا ہے کہ یہ فرض AI سے چلنے والے نظام تک پھیلا ہوا ہے۔ حقیقت پسندانہ حالات میں AI سسٹمز کی جانچ کر کے، لازمی جائزے ایسے ہتھیاروں کی تعیناتی کو روک سکتے ہیں جو انسانی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ فوجی AI سے متعلق اقوام متحدہ کی 2025 کی قرارداد میں AI سے متعلقہ خطرات سے نمٹنے کے لیے ایک فریم ورک تجویز کیا گیا، جس میں اقوام پر زور دیا گیا کہ وہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ دنیا کو جنگ میں AI کے استعمال پر اتفاق رائے تک پہنچنا چاہیے۔ یہ نہ صرف AI کو بے قابو ہونے سے روکنے کے لیے بلکہ عالمی

اپنے مخالفین کے خلاف ایک خاص کمپاؤنڈ استعمال کیا۔ یہ کمپاؤنڈ اتنا خطرناک تھا کہ پانی کو چھونے پر جل جاتا تھا۔ اثر کے بعد، اس نے آگ لگا دی، جنگی ساز و سامان کو تباہ کر دیا اور فوجیوں کو بھاگنے کا باعث بنا۔ جنگ اس وقت سے زیادہ خطرناک ہو گئی ہے کیونکہ ٹیکنالوجی کی ترقی جاری ہے۔ کیا آج کچھ بھی زیادہ نتیجہ خیز اور خطرناک ہو سکتا ہے، اس کے بنیادی عناصر کی تیزی سے توسیع پر انحصار کرتے ہوئے؟ AI کی عمر میں خوش آمدید۔ دنیا ایک نئے پرومیتھیس کے طلوع ہونے کا مشاہدہ کر رہی ہے۔

نوٹ: یہ لکھاری کا ذاتی نقطہ نظر ہے جس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔





نیویارک کے پہلے مسلمان میئر

مسلمان ڈیموکریٹک سوشلسٹ ظہران ممدانی نے نیویارک سٹی کے میئر کا انتخاب جیت لیا۔ انہوں نے یہ معرکہ 34 سال کی عمر میں سر کر لیا، یہی نہیں بلکہ وہ نیویارک کے پہلے مسلمان، پہلے ایشیائی اور 1892ء کے بعد منتخب ہونے والے سب سے کم عمر میئر ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تمام تر مخالفت کے باوجود وہ فتح یاب ہوئے، اُنہوں نے امریکی صدر کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سابق گورنر اینڈریو کومو اور ریپبلکن پارٹی کے کرٹس سِلوا کو شکست دی۔ ظہران ممدانی نے چار لاکھ 86 ہزار 741 ووٹ حاصل کیے جبکہ اینڈریو کومو کو تین لاکھ 96 ہزار 177 اور کرٹس سِلوا کو صرف 79 ہزار 281 ملے، یوں ممدانی کو 4.50 اور اینڈریو کومو کو 6.41 جبکہ کرٹس سِلوا کو صرف لگ بھگ آٹھ فیصد ووٹ ملے۔ یہ انتخابات بلاشبہ تاریخی رہے، اِن میں 2001ء کے بعد سب سے زیادہ ٹرن آؤٹ ریکارڈ کیا گیا، 17 لاکھ سے زائد ووٹروں نے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کیا۔ نومنتخب میئر ظہران ممدانی نے اپنی فتح پر بھرپور جوش و خروش سے تقریر کی، امریکی صدر کو آڑے ہاتھوں لیا، انہیں تنبیہ کی کہ وہ غور سے سن لیں کہ نیویارک میں اسلاموفوبیا کی کوئی گنجائش نہیں، کرپشن کے اِس کلچر کا خاتمہ ہوگا جس نے ٹرمپ جیسے ارب پتیوں کو ٹیکس سے بچ نکلنے کی چھوٹ دی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ موروثی سیاست کو شکست ہوئی، نیویارک کے شہریوں نے بتا دیا کہ طاقت امیروں کے ہاتھ میں نہیں۔ وہ خود مسلمان اور ڈیموکریٹک سوشلسٹ ہیں اور اِس پر شرمندہ نہیں ہیں، وہ یونینوں کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور مزدوروں کے حقوق مضبوط بنائیں گے، آج کی رات سے نیویارک ایک مہاجر کی قیادت میں آگے بڑھے گا، وہ نیویارک کو ایسا بنائیں گے کہ جہاں ورکنگ کلاس آسانی سے رہ سکے۔ اینڈریو کومو اور سِلوا نے شکست تسلیم کی اور اپنے تعاون کا یقین بھی دلایا۔ اینڈریو کومو کی تقریر انتہائی قابلِ ستائش تھی۔ نومنتخب میئر کی کامیابی کے بعد بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ دیکھتے ہیں ظہران ممدانی نیویارک میں کیسا کام کرتے ہیں، اُن کی تھوڑی مدد کریں گے، نیویارک کے لوگوں نے بائیں بازو کے ظہران ممدانی کو میئر منتخب کر کے امریکہ کی "خودمختاری" گنوا دی ہے، ایک کمیونسٹ امریکہ کے سب سے بڑے شہر کا میئر بن گیا ہے، تاہم وہ چاہتے ہیں کہ نیویارک کامیاب ہو۔ البتہ اُنہوں نے ری پبلکنز کی شکست کی دو وجوہات بیان کیں، پہلی یہ کہ بیلٹ پیپر پر اُن کا نام نہیں تھا اور دوسری وجہ ملک میں جاری شٹ ڈاؤن تھا۔ اُنہوں نے 2026ء کے وسط مدتی انتخابات سے قبل بذریعہ ڈاک ووٹنگ اور ووٹنگ مشینوں کے خاتمے کے لئے ایگزیکٹو آرڈر جاری کرنے کا اشارہ بھی دے دیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ صدر ٹرمپ کے حامی امیدوار صرف نیویارک ہی نہیں بلکہ نیوجرسی اور ورجینیا میں بھی ناکام ہوئے، وہاں خواتین نے میدان مارا، ابی گیل سپین برجر ورجینیا کی اور میکی شیرِل نیوجرسی میں پہلی خاتون گورنر منتخب ہوئیں جبکہ غزالہ ہاشمی ورجینیا کی پہلی بھارتی نژاد مسلم نائب گورنر بنی ہیں۔ اِس جیت کے بعد جہاں امریکہ میں ڈیموکریٹس کا مورال خاصا بلند ہوا ہے وہاں مِڈ ٹرم انتخابات سے قبل ریپبلکنز کے لئے خطرے کی گھنٹی بج گئی ہے، اِس وقت وہاں اقلیتی ووٹ ڈیموکریٹس کے حق میں جا رہا ہے۔ نیویارک کے میئر کے انتخاب میں سیاہ فام، ہسپانوی اور ایشیائی ووٹروں کی اکثریت نے ظہران جبکہ سفید فام ووٹروں نے اینڈریو کومو کے حق میں ووٹ دیا تاہم کرٹس سِلوا کو انتہائی محدود حمایت ملی۔ حالیہ نتائج نیویارک میں بدلتی سیاسی اور سماجی ساخت کے عکاس ہیں۔ نیویارک میں یہودی آبادی نمایاں حد تک زیادہ ہے اور ایسے ماحول میں ایک فلسطین نواز مسلمان میئر کا کامیاب ہونا ایک تاریخی اور غیر معمولی سیاسی پیش رفت ہے۔ یہ کامیابی یہودی ووٹ بینک میں نمایاں تقسیم کو ظاہر کرتی ہے۔ ماہرین کے مطابق، 60 فیصد یہودی ووٹروں نے کومو جبکہ 31 فیصد نے ممدانی کی حمایت کی۔

ظہران ممدانی 18 اکتوبر 1991ء کو یوگنڈا کے دارالحکومت کمپالا میں پیدا ہوئے، لیکن ان کی پرورش نیویارک شہر میں ہوئی۔ ان کا تعلق علم، فن اور سماجی شعور کی علامت سمجھے جانے والے بھارتی نژاد خاندان سے ہے۔ ان کی والدہ مشہور فلم ساز میرا نائر ہیں، جبکہ والد محمود ممدانی بھارتی نژاد ہیں اور ایک نامور اسکالر اور محقق ہیں۔ ان کی جیت پر پاکستان اور بھارت دونوں ممالک میں ہی خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ ظہران ممدانی یکم جنوری کو عہدہ سنبھالیں گے اور پھر 116 ارب ڈالر کا بجٹ، تین لاکھ سرکاری ملازمین اور 80 لاکھ سے زائد آبادی والے شہر کا نظم و نسق ان کے ہاتھ میں ہوگا۔ یہ سب اتنا آسان نہیں ہوگا، اُنہیں اقتدار کے آغاز ہی پر مالی، سیاسی، انتظامی اور سماجی دباؤ کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صدر ٹرمپ نے تو پہلے ہی نیویارک سٹی کے لئے کئی ارب ڈالر کی سالانہ وفاقی فنڈنگ سے انکار کا عندیہ دے رکھا ہے جبکہ یہاں کے ارب پتی سرمایہ داروں کی زیادہ تعداد بھی ممدانی کی جیت سے خوش نہیں، ایسے میں واشنگٹن پوسٹ، ٹائم، پولیٹیکو، بی بی سی اور گلف نیوز کی رپورٹس کے مطابق ممدانی کو بطور میئر کئی چیلنجوں کا سامنا ہے، جن میں قدامت پسند حلقوں اور ٹرمپ نواز گروہوں کی جانب سے اُنہیں "سوشلسٹ خطرہ" قرار دیا جانا، ریاستی اختیارات کی محدودیت اور وفاقی فنڈنگ کی کمی کے باوجود شہر کے مالی نظم و نسق کو سنبھالنا شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر، اسٹاک مارکیٹ اور دولت کے ارتکاز کے عالمی مرکز نیویارک جیسے شہر میں کاروباری طبقے سے تعلقات برقرار رکھتے ہوئے عوامی سلامتی کے تقاضوں، پولیس اصلاحات کے نفاذ اور پولیس فورس کے ردِعمل کے درمیان توازن قائم کرنا بھی ایک نازک ذمہ داری ہے۔ مزید برآں، بلدیاتی خدمات کی زبوں حالی، بجٹ خسارہ، مہنگائی، رہائشی اخراجات، روزگار کے مسائل اور عوامی توقعات میں اضافہ بھی ان کے لئے بڑے امتحانات ہیں

، خصوصاً جب اُنہوں نے اپنے منشور میں فری بسیں، کرایوں پر کنٹرول، اور غریب و متوسط طبقے کے لئے مراعات دینے کا وعدہ کیا ہے۔

پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا 27ویں ترمیم کے خلاف 14 نومبر کو حیدرآباد سے احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان

پاکستانی سیاست کے برعکس نیویارک کے انتخابات کی سب سے اہم بات یہ رہی کہ امریکی صدر کی مخالفت سمیت انتخابی مہم میں جو کچھ بھی ہوا وہ سب نتائج سامنے آجانے کے بعد ختم ہو چکا ہے۔ ڈیموکریٹ ہوں یا ریپبلکن، یہاں تک کہ امریکی صدر، شکست خوردہ امیدواروں سمیت سب ہی نے نومنتخب میئر کو مبارکباد دی اور اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ یہی جمہوریت کی اصل روح ہے کہ جب عوام اپنا فیصلہ سنا دیں تو پھر سب کچھ پس پشت چلا جاتا ہے، انتخابی مہم اور اُس دوران ہونے والے مقابلے ماضی کا قصہ بن جاتے ہیں اور سب دائروں میں گھومنے کے بجائے مستقبل کی فکر کرتے ہیں۔ اِس کے برعکس پاکستان میں انتخابات ہو جائیں، نتائج آ جائیں تو ہارنے والا اسے قبول نہیں کرتا، ایک دوسرے کو للکارا جاتا ہے، مخالفت برائے مخالفت کا بازار گرم رہتا ہے اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ مسلسل کوئی دنگل جاری ہے۔ اہل سیاست کو سمجھنا چاہئے کہ ایسا کرنے سے عوامی اعتماد متزلزل ہوتا ہے

پاکستانی پاسپورٹ کا بے دریغ غیر قانونی اجرا



عبدالحمید

کسی بھی آزاد، خودمختار ملک کا شہری ہونا ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ قونصلیٹ جنرل آف پاکستان، جدہ سعودی عرب میں پوسٹنگ کے دوران رجب کے مہینے کے آخری دنوں میں سعودی وزارتِ خارجہ کی وساطت سے طائف جیل کا ایک خط موصول ہوا۔ یہ ایک فہرست تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ اس میں شامل ناموں کے حامل پاکستانی افراد کو منشیات برآمدگی کے جرم میں سزائے موت سنائی گئی ہے۔

اس فہرست کے ساتھ علیحدہ سے ایک دو سالہ بچے کا نام بھی درج تھا، کہا گیا تھا کہ اس پاکستانی بچے کو پاکستانی قونصلیٹ جنرل جدہ جیل سے لے لے۔ اطلاع کے مطابق اس بچے کی والدہ کو بھی موت کی سزا ہوئی تھی لیکن اسے فوراً سزا دینے کے بجائے دو سال انتظار کیا گیا کہ بچہ دو سال کا ہو جائے۔ بچے کا دودھ پینے کا دورانیہ مکمل ہو جائے تو پھر اس کو اس کی والدہ سے الگ کر کے والدہ کی موت کی سزا پر عمل درآمد کر دیا جائے۔

ہم نے فوری طور پر پاکستان میں وزارتِ داخلہ، نادرا کے دفتر سے رابطہ کیا اور فہرست میں شامل افراد کی پاکستانی شہریت کی فوری تصدیق چاہی۔ یہ 149 افراد کی فہرست تھی۔

چھان بین کے نتیجے میں پتہ چلا ان میں سے صرف دو افراد اصلی پاکستانی تھے اور باقی 147 افراد پاکستانی پاسپورٹ کے حامل لیکن غیر پاکستانی تھے جنھوں نے پاکستانی پاسپورٹ حاصل کر کے اس پر سفر کیا اور غیر قانونی طور پر منشیات کا دھندا کر کے پاکستان کے حصے میں بدنامی لکھوائی۔ سعودیہ میں روایت یہ ہے کہ جن افراد کے جسموں یا ذاتی سامان سے منشیات برآمد ہوں ان کے لیے کوئی معافی نہیں اور انھیں عام طور پر موت کی سزا ملتی ہے۔ سعودی انتظامیہ 15 شعبان سے عید الفطر تک موت کی سزا پر عمل درآمد روک دیتی ہے اسی لیے ہمیں رجب کے مہینے میں فہرست بھجوائی گئی تاکہ سفارت خانے کے علم میں ہو کہ ان افراد کی سزاؤں پر 15 شعبان سے پہلے عمل درآمد ہو جائے گا۔

افغان طالبان کی پہلی حکومت جب بنی تو اسے پاکستان کی بھرپور حمایت حاصل تھی البتہ دنیا کے دو اور ممالک کو چھوڑ کر کسی بھی ملک کی حکومت نے پہلی طالبان حکومت کو تسلیم نہیں کیا۔ طالبان حکومت کو صرف پاکستان، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب نے سفارتی پذیرائی بخشی۔ ایسے میں افغانستان میں بسنے والوں کے لیے اپنے ملک کے پاسپورٹ پر غیر ملکی سفر بالکل ہی ناممکن تھا کیونکہ نہ تو ان کے ملک کی حکومت جائز حکومت متصور تھی اور نہ ہی ان کا پاسپورٹ دنیا کے لیے قابلِ قبول تھا۔

اس صورتِ حال میں تمام افغانوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ پاکستان کی انتظامیہ نے ناعاقبت اندیش بنتے ہوئے آنکھیں موند لیں اور افغانوں کو دھڑا دھڑ پاکستانی شناختی کارڈ کا غیر قانونی اجرا شروع ہو گیا۔ جب ایک دفعہ شناختی کارڈ جاری ہو گیا تو اس کی بنیاد پر پاکستانی پاسپورٹ بسہولت ایشو ہونے لگا۔ افغان نوکریوں اور کاروبار کے لیے پاکستان کے طول و عرض میں پھیل گئے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ان کو کیمپوں سے باہر نکلنے کی اجازت نہ ہوتی لیکن پاکستان کی انتظامیہ فیاض تھی اور پاکستان کے محکموں میں پیسہ لگانے سے ہر کام کروایا جا سکتا تھا۔ افغان پاکستان کا پاسپورٹ حاصل کر کے بڑی تعداد میں پاکستانیوں کے لیے مخصوص ملازمتوں کے کوٹے پر خلیجی ممالک خاص طور پر امارات اور سعودی عرب چلے گئے۔

افغان غیر قانونی طور پر حاصل کردہ پاکستانی پاسپورٹ کی تجدید کرواتے رہے اس لیے افغانوں کے پاس ابھی بھی پاکستانی شناختی کارڈ اور پاکستانی پاسپورٹ ہیں۔ وہ پیسے لگا کر اپنے کارڈوں اور پاسپورٹ کی تجدید کرواتے رہتے ہیں۔ ان کی وجہ سے پاکستانی سفارت خانوں پر کام کا بوجھ بے تحاشہ ہے۔ پاکستانی افسر اور اسٹاف ان کو سروسز دیتے ہیں جس کے بدلے میں پاکستان کو افغانوں سے مفت کی نفرت ملتی ہے کیونکہ ان کا پاکستان اور پاکستانیوں کی جانب رویہ بہت معاندانہ ہے۔ طائف کی جیل سے اس دو سالہ بچے کو لیا گیا اور اسے بہت مشکلات جھیل کر پاکستان روانہ کیا گیا۔ ایک پاکستانی فیملی کو درخواست کی گئی کہ وہ اپنے گھر میں اس بچے کو اس وقت تک رکھے جب تک اسے پاکستان نہیں بھیج دیا جاتا۔ قونصلیٹ جنرل کے افسروں نے اپنے پاس سے رقم اکٹھی کر کے اس کے ٹکٹ کے لیے انتظام کیا۔ قونصلیٹ کے ہی ایک ملازم کو فلائٹ میں ساتھ بھیجا گیا تاکہ وہ سفر میں اس بچے کا خیال رکھے اور پاکستانی انتظامیہ کے طفیل کسی این جی او کے حوالے کرے۔ اور یہ سب یہ جانتے ہوئے کرنا پڑا کہ اس بچے کے والدین نے غیر قانونی طور پر پاکستان کی شہریت حاصل کر رکھی تھی۔

پاکستان نے صرف افغانوں کو ہی شناختی کارڈ نہیں دئے بلکہ برما کے تمام روہنگیا مسلمانوں کو یہ سہولت دی ہوئی تھی۔ اسی طرح یوگنڈا کے بہت سے باسیوں کے پاس بھی پاکستانی پاسپورٹ ہیں۔ یوں ایسے لاکھوں غیر ملکی ہیں جنھوں نے کبھی پاکستان میں رہائش اختیار نہیں کی، بس زندگی میں صرف ایک بار کراچی کا چند دنوں کے لیے چکر لگایا اور شناختی کارڈ و پاسپورٹ بنوا کر یہ جا وہ جا۔ ان کے پاسپورٹوں اور شناختی کارڈ پر پتہ بھی بہت عجیب لکھا ہوتا ہے۔

مثلاً یہ لکھا ہوگا نزد فلاں مسجد ناظم آباد کراچی۔ آپ ڈھونڈتے رہیں تو وہ مسجد آپ کو نہیں ملے گی۔ مکان نمبر اور اسٹریٹ نمبر بھی نہیں ہوگا۔ یہ لوگ جہاں بھی کماتے ہیں، وہاں سے اپنا سرمایہ اپنے دیس یا کہیں اور منتقل کرتے ہیں اور سروسز ساری کی ساری پاکستانی مشنوں سے لیتے ہیں۔ یہ کوئی جرم کرتے ہیں تو وہ جرم پاکستان کے کھاتے میں جاتا ہے۔ پاکستان کا شناختی کارڈ، شہریت اور پاسپورٹ صرف اور صرف خالص پاکستانیوں کا حق ہے یہ حق کسی دوسرے کو نہیں ملنا چاہیے۔ حکومت پاکستان سے درخواست ہے کہ ایسے تمام شناختی کارڈ اور پاسپورٹس منسوخ کرے تاکہ پاکستانی پاسپورٹ کی عزت اور رینکنگ بہتر ہو سکے۔

قارئین کرام نیویارک امریکا کا بہت اہم شہر ہے۔ اسی شہر میں اقوامِ متحدہ کا ہیڈکوارٹر ہے۔ نیویارک کے میئر کے لیے یوں تو انتخابات ہوتے ہی رہتے ہیں لیکن پہلی بار ایک مسلمان امیدوار میدان میں تھا۔ یہ انتخاب جناب ظہران ممدانی نے جیت لیا ہے۔ وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حمایتی امیدوار جناب اینڈریو کومو اور ری پبلکن امیدوار کرٹس سلوا کو شکست دے کر جیتے ہیں۔ انھوں نے اپنی وکٹری تقریر میں کہا کہ نیویارک میں اب اسلاموفوبیا نہیں چلے گا اور اس اہم شہر کو ایکس پیٹری ایٹس چلائیں گے۔ جناب ظہران ممدانی ایک بوہرہ مسلمان ہیں۔ ان کی فیملی کاٹھیاواڑ انڈیا سے مشرقی افریقہ منتقل ہوئی اور وہاں سے امریکا چلی گئی۔ خدا کرے کہ وہ اپنے حمایتیوں کے ساتھ مل کر نیویارک جیسے انتہائی اہم شہر کے رہنے والوں کی زندگیوں میں خوبصورت تبدیلی لا کر اپنی جیت کو امر کر دیں۔ آمین۔

نواب بانو المعروف نمی

رئیس فاطمہ

ایک دن بمبئی (ممبئی) میں محبوب صاحب کی فلم "انداز" کی شوٹنگ ہو رہی تھی، سیٹ پر دلیپ صاحب، نرگس اور راج کپور موجود تھے، نواب بانو اپنی نانی کے ساتھ فلم کی شوٹنگ دیکھنے آئی، انھیں محبوب صاحب نے خود دعوت دی تھی کیونکہ نواب بانو کی ماں ایک بہت اچھی اداکارہ اور گلوکارہ تھیں، نام تھا وحیدہ۔ انھوں نے اے آر کاردار کی بہت سی فلموں میں کام کیا تھا۔

نواب بانو صرف گیارہ برس کی تھی، جب اس کی والدہ کا انتقال ہو گیا، یہ لوگ کلکتہ (کولکتہ) میں رہا کرتے تھے، بیوی کی وفات کے بعد نواب کے والد عبدالحکیم میرٹھ جا بسے اور نواب بانو کو اس کی نانی کے پاس ایبٹ آباد بھیج دیا، لیکن جب ملک کا بٹوارہ ہوا تو وہ اسے لے کر بمبئی آ گئیں۔ جہاں محبوب صاحب نے نانی نواسی کو اسٹوڈیو میں ایک سجا سجایا کمرہ دے دیا، جو دراصل انھوں نے شمشاد بیگم کے لیے تیار کروایا تھا، لیکن شمشاد کو وہ کمرہ پسند نہ آیا۔ اس طرح وہ کمرہ نواب بانو اور اس کی نانی کو مل گیا۔ نواب بانو کی ماں نے محبوب صاحب کی فلموں میں بھی کام کیا تھا اور ان کے وحیدہ کے خاندان کے ساتھ اچھے مراسم تھے۔

فلم "انگار" کی شوٹنگ جاری تھی، نرگس کی ماں جدن بائی سیٹ پر لگی ایک کرسی پہ بیٹھی تھیں، ان کے برابر والی کرسی خالی تھی، نواب آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر نامی گرامی اداکاروں کو دیکھ رہی تھی، جدن بائی کے برابر والی کرسی خالی پڑی تھی، لیکن نواب بانو ڈر کے مارے اس پر نہیں بیٹھ رہی تھی کہ کہیں جدن بائی کو برا نہ لگے۔

اسی دوران جدن بائی کی نظر نواب پر پڑی تو اس نے اسے آواز دے کر کہا کہ "اے لڑکی! تم کرسی پر بیٹھ کیوں نہیں جاتیں، کرسی خالی پڑی ہے، آؤ یہاں بیٹھ جاؤ۔" نواب ایک دم کرسی پر بیٹھ کر شوٹنگ دیکھنے لگی، اسی دوران راج کپور وہاں آ گئے اور جدن بائی کے پاؤں چھو کر جب جانے لگے تو ان کی نظر اس شرمیلی سی لڑکی پر پڑی جس کی غلافی آنکھیں اس کے چہرے کو چار چاند لگا رہی تھیں، وہ ٹھٹھک گئے اور اس سے پوچھا "اے لڑکی! تمہارا نام کیا ہے؟" اس نے شرما کر جواب دیا "نواب بانو"۔ اتنا سن کر وہ چلے گئے، راج کپور ان دنوں اپنی دوسری فلم "برسات" کی کاسٹنگ میں لگے ہوئے تھے، نرگس کو کاسٹ کیا تھا، پریم ناتھ کو بھی فائنل کر لیا تھا، لیکن ابھی تک پریم ناتھ کے مقابل انھیں ایسی لڑکی نہیں مل رہی تھی، جیسی انھیں چاہیے تھی۔

معصوم سی، بھولی بھالی سی گاؤں کی الہڑ دوشیزہ۔ اگلے دن کیا ہوا کہ نواب بانو کے گھر کے سامنے ایک بڑی سی گاڑی آ کر جو نواب کو لینے کے لیے آئی تھی، اسے بتایا گیا کہ آر۔ کے اسٹوڈیو میں انھیں راج کپور نے بلایا ہے۔ وہ اسٹوڈیو پہنچ تو گئی لیکن وہاں دو تین لڑکیاں اور بھی تھیں جو اسکرین ٹیسٹ دینے آئی ہوئی تھیں، وہ بہت نروس تھی۔ جب لمبے چوڑے مکالمے اسے تھمائے گئے تو وہ سوچنے لگی کہ اگر اسے منتخب نہ کیا گیا تو اس کا کیا بنے گا، وہ بھی اپنی ماں کی طرح اداکارہ بننا چاہتی تھی، سوچتے سوچتے وہ مکالمے بول رہی تھی، ساتھ ساتھ اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اس کا تلفظ بھی صاف تھا کیونکہ وہ یوپی کی رہنے والی تھی۔ مکالموں کی ادائیگی کے ساتھ اس کی آنکھوں میں آئے ہوئے آنسوؤں نے اس کی قسمت کھول دی۔ راج کپور کو لگا کہ جس قسم کی لڑکی اسے پریم ناتھ کے ساتھ چاہیے وہ یہی لڑکی ہے اور وہی ان کی فلم "برسات" کی سیکنڈ ہیروئن بنے گی۔ نواب بانو نے جب گھر جا کر اپنی نانی کو یہ خبر سنائی تو وہ بھی آبدیدہ ہو گئیں۔

نواب بانو کا جنم 18 فروری 1933 کو آگرہ میں ہوا، اور "برسات" فلم میں چانس دے کر راج کپور نے اسے "نمی" کا نام دیا۔ جی ہاں وہی مدھ بھرے نینوں والی ہنستی کھلکھلاتی نواب بانو جو اب نمی کے نام سے جانی جاتی ہے۔ بے شمار فلموں میں ہیروئن کا رول کیا، فلم "برسات" میں نرگس کے مقابل راج کپور تھے، لیکن نمی نے اپنی پہلی ہی فلم سے دھوم مچا دی۔ فلم "برسات" سپرہٹ ثابت ہوئی اور اس کے گانے بچے بچے کی زبان پر تھے۔ آج بھی موسیقی کے متوالے ان گیتوں کو شوق سے سنتے ہیں اور ان مقبول گیتوں کو بھلا کون بھلا سکتا ہے۔

(1)۔ ہوا میں اڑتا جائے، مورا لال دوپٹہ ململ کا

(2)۔ برسات میں ہم سے ملے تم سجن، تم سے ملے ہم

(3)۔ بچھڑے ہوئے پردیسی اک بار تو آنا تو

جب آنکھ ملائی ہے نظریں نہ چرانا تو

یہ گیت نمی پر ہی فلمائے گئے۔ نمی کی یہ خوبی تھی کہ وہ کردار میں ڈوب جاتی تھی۔ "برسات" میں اس نے ایک ایسی لڑکی کا رول کیا ہے، جسے اس کا محبوب چھوڑ کر چلا گیا، پیار کے جھوٹے وعدے کر کے اور وہ اس کی یاد میں آنسو بہاتی رہ گئی۔

"برسات" کی کامیابی کے فوراً بعد نمی کے پیچھے پروڈیوسروں کی لائن لگ گئی، ہر کوئی اسے اپنی فلم میں ہیروئن لینا چاہتا تھا۔ اس کا چہرہ بہت معصوم اور جذبات کا آئینہ دار تھا، جب وہ کھلکھلا کر ہنستی اور ہلکے پھلکے رول کرتی تو یہی لگتا کہ جیسے فطرتاً وہ ہنستی مسکراتی لڑکی ہے۔ اور جب وہ غمگین اداکاری کرتی تو سارے جہاں کا درد اس کی غلافی آنکھوں میں سمٹ آتا جیسے فلم "بھائی بھائی" اس نے ایک شوخ اور چنچل لڑکی کا کردار ادا کیا ہے۔ کشور کمار کے ساتھ اس کا یہ ڈوئیٹ بہت مشہور ہوا تھا:

مجوزہ 27ویں آئینی ترمیم

ایم جے گوہر

آئین وہ بنیادی دستاویز ہوتی ہے جو کسی بھی ملک کے نظم و نسق چلانے کی اساس ہوتی ہے۔ ملک کے تمام ادارے آئین میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق وجود میں آتے ہیں اور اس کے مطابق اپنے اپنے فرائض آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے ادا کرتے ہیں۔ دنیا کے تمام مہذب جمہوری ملکوں میں آئین کے تحت امورِ مملکت چلائے جاتے ہیں۔

آئین و قانون کا ہر صورت احترام کیا جاتا ہے، کسی ادارے، فرد یا سربراہ کی طرف سے دانستہ یا غیر دانستہ طور پر آئین سے انحراف کا تصور بھی نہیں کیا جاتا۔ آئین تمام حالات میں مقدم اور مقدس خیال کیا جاتا ہے۔ آئینی و قانونی ماہرین بجا طور پر یہ سمجھتے ہیں کہ آئین کے بغیر، ریاست، سیاست اور عدالت کا وجود ممکن نہیں اور آئین و قانون کے طریقہ کار سے باہر کا کوئی عمل قابل قبول نہیں ہوتا۔ وہ ہر صورت تنقید کی زد میں رہتا ہے۔ پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں آغاز ہی سے آئین کی تشکیل کا عمل زبوں حالی کا شکار رہا۔

تاریخ کے اوراق بتاتے ہیں کہ آزادی کے بعد فوری طور پر آئین کی تشکیل کا کام کیا جانا چاہیے تھا تاکہ اول دن سے کاروبارِ سلطنت کو آئین کے تحت چلایا جا سکے لیکن آزادی حاصل کرنے کے 9 سال بعد تک آئین کی تشکیل کا کام تعطل کا بار بار شکار ہوتا رہا۔ بعض عاقبت نااندیش سیاسی زعمانے آپس کی کشمکش و رنجش کے باعث ملک کے عوام آئین و قانون کی فضا سے بے بہرہ رہے، ان کے حقوق کے آئینی و قانونی تحفظ کا کوئی وجود نہ تھا، عبوری احکامات سے ملک کا نظم و نسق چلایا جا رہا تھا۔

قیامِ پاکستان کے 9 سال بعد 23 مارچ 1956 کو ملک میں پہلے آئین کا نفاذ عمل میں آیا اور ملک میں پارلیمانی طرزِ حکومت رائج کیا گیا، لیکن محلاتی سازشوں کو سیاست دانوں کی آپس کی رنجشوں اور بیوروکریسی کے عمل دخل کے باعث 1956 کا آئین اپنی روح کے مطابق پوری طرح کامیابی سے پارلیمانی نظام کو تحفظ دینے میں ناکام رہا، جس کا فائدہ غیر سیاسی قوتوں نے اٹھایا اور 9 اکتوبر 1958 کو گورنر جنرل اسکندر مرزا نے ملک کے فوجی سربراہ جنرل ایوب خان کے مشورے سے آئین منسوخ کر دیا اور پورے ملک میں مارشل لا نافذ کر دیا۔

مرکزی و صوبائی اسمبلیوں کو توڑ کر حکومتیں ختم کر دی گئیں۔ جنرل ایوب خان کو چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیا گیا۔ صرف 20 دن بعد ہی جنرل ایوب خان نے اسکندر مرزا کو برطرف کر کے عہدہ صدارت بھی خود سنبھال لیا، یوں ملک میں قائداعظم کے جمہوری نظام کا خاتمہ کر کے پہلی مرتبہ غیر جمہوری قوتوں نے اقتدار پر مکمل قبضہ اور کنٹرول حاصل کر لیا۔ ایوب نے خان بوڈو اور ایبڈو قانون کے تحت نامور سیاستدانوں کو میدان سیاست سے باہر کر دیا اور یکم مارچ 1962 کو ملک میں نیا آئین نافذ کرایا، لیکن یہ ملک کے دونوں حصوں یعنی مشرقی اور مغربی پاکستان کو جوڑے رکھنے میں ناکام رہا۔ آمریت سے مشرقی پاکستان کے عوام نالاں تھے۔

بنگال کے لیڈر شیخ مجیب الرحمن کے چھ نکات نے عوام میں منفی جذبات کو ہوا دی اور مرکزی حکومت کے خلاف بغاوت کی چنگاریاں شعلہ بننے لگیں۔ ایوب خان کو اقتدار چھوڑنا پڑا۔ پھر جنرل یحییٰ خان نے ان کی جگہ صدارت سنبھال لی لیکن وہ بھی حالات سنبھالنے میں ناکام رہے اور اس کا فائدہ دشمن ملک بھارت نے اٹھایا اور 1971 میں پاکستان پر حملہ کر کے ملک دولخت کر دیا۔ سقوط بنگال کے بعد ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کا اقتدار سنبھالا، ان کا سب سے بڑا کارنامہ 1973 کا متفقہ آئین تھا جو آج بھی ملک کے پارلیمانی نظام کی اساس ہے، لیکن اس آئین میں اس قدر ترامیم کی گئی ہیں کہ اس کا بنیادی ڈھانچہ ڈگمگانے لگا ہے۔ جنرل ضیا الحق سے لے کر جنرل پرویز مشرف تک اور نواز شریف سے لے کر آج تک 1973 کے آئین کو بار بار ترامیم کے کچوکے لگا کر بازیچہ اطفال بنا دیا گیا ہے، بدقسمتی یہ کہ ہماری عدالتیں بھی آئینی ترامیم اور اس کے سرپرستوں کو تحفظ فراہم کرنے میں "نظریہ ضرورت" کا جواز فراہم کرتی رہیں۔ 26ویں آئینی ترمیم اس کی تازہ مثال ہے۔

پی پی پی اور (ن) لیگ کی حکومت نے کس طرح جبری طور پر پارلیمان سے 26ویں ترمیم رات کے اندھیرے میں منظور کرائی، سب جانتے ہیں اپوزیشن آج بھی سراپا احتجاج ہے۔ اب 27ویں ترمیم کا ڈول ڈالا جا رہا ہے۔ آج بھی اپوزیشن اتحاد 27ویں ترمیم پر معترض ہے لیکن پی پی پی اور (ن) لیگ 27ویں ترمیم کی منظوری پر بضد ہیں لیکن پوری قوم دیکھے گی کہ قومی مفاد کے نام پر 26ویں ترمیم کی طرح "ایکشن ری پلے" کا مظاہرہ ہوگا اور 27ویں ترمیم بھی دونوں ایوانوں سے منظور کرا لی جائے گی۔ اپوزیشن کا احتجاج رنگ لاتا نظر نہیں آ رہا ہے۔

اعجاز ملاح اور دُنیا بھر میں پھیلے بھارتی دہشت گرد

تنویر قیصر شاہد

2 نومبر 2025 کو وزیر اطلاعات (عطا تارڑ) نے وزیر مملکت برائے داخلہ (طلال چوہدری) کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا: "پاکستان سے شکستِ فاش کھانے کے بعد تمام بھارتی میڈیا جھوٹا بیانیہ پھیلانے میں مصروف ہے۔ پاکستانی اعجاز ملاح نامی مچھیرے کو سمندر میں مچھلیاں پکڑتے ہُوئے بھارتی کوسٹ گارڈز نے گرفتار کیا اور پھر اُسے (پاکستان کے خلاف جاسوسی کا) ٹاسک دے کر پاکستان بھیجا۔

مچھیرے کو ٹاسک دیا گیا کہ وہ پاکستانی سیکیورٹی فورسز کی یونیفارمز خریدے۔ اعجاز ملاح نے پاکستانی موبائل سمز، پاکستانی کرنسی، پاکستانی سگریٹ اور رسیدیں حاصل کیں۔ خفیہ اداروں نے مشکوک حرکات پر اعجاز ملاح پر نظر رکھی اور اُسے (رنگے ہاتھوں) گرفتار

حساس فائلیں چراتا اور آگے بیچتا تھا۔ کچھ عرصہ سے امریکی خفیہ اداروں کی اُس پر نظر تھی۔ اکتوبر کے تیسرے ہفتے وہ بالآخر جاسوسی کرتے رنگے ہاتھوں پکڑا ہی گیا۔

سبھی تحقیقی عالمی ادارے اِس بات پر متفق ہیں کہ بھارتی حکومت، انڈین اسٹیبلشمنٹ اور بھارتی خفیہ اداروں نے دُنیا بھر میں جاسوسی اور دہشت گردی کے جال بچھا رکھے ہیں۔ اِس امر پر بھی اتفاق پایا جاتا ہے کہ بھارت اور اسرائیل، دونوں مل کر جاسوسی اور دہشت گردی کی وارداتیں کرتے ہیں۔ مثلاً: 2023 کے اواخر میں 8 بھارتی جاسوس قطر میں گرفتار ہُوئے۔ آٹھوں کا تعلق بھارتی نیوی سے بتایا گیا۔ مبینہ طور پر یہ آٹھوں بھارتی جاسوس، بھارت کی ایما پر، اسرائیل کے لیے جاسوسی کررہے تھے۔ ایک پرائیویٹ کمپنی کی آڑ میں یہ سب بھارتی جاسوس قطری آبدوزوں کے بارے میں اسرائیل کو حساس معلومات فراہم کررہے تھے۔

جرم ثابت ہونے پر انہیں سزائے موت سنائی گئی، لیکن بعدازاں بھارتی سفارتکاری کے "جادُو" سے ان کی سزائیں معاف کر دی گئیں اور یوں ان سب کو بھارت ڈیپورٹ کر دیا گیا۔ اِسی پر بس نہیں۔ 2016 میں ایک اور خلیجی ریاست میں ایک بھارتی شہری کو جاسوسی کا الزام ثابت ہونے پر پانچ سال کی سخت سزا سنائی گئی۔ یہ بھارتی جاسوس خلیجی ملک کی بندرگاہوں پر موجود ملٹری جہازوں بارے معلومات اکٹھی کررہا تھا۔ اِسی طرح 2017 میں ایک تیسری اہم عرب ریاست میں بھارتی خفیہ ایجنسی (را) کے تین

گولیاں چلانے کے اِن تینوں واقعات میں کوئی شخص مارا گیا نہ زخمی ہُوا۔ مطلب کپل شرما کو بزنس سے ڈرانا اور بھگانا تھا۔ دُنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے بھارتی حکومت کا الزام ہے کہ یہ فائرنگ بھارتی گینگسٹر، لارنس بشنوئی، نے کروائی ہے (بشنوئی بھارتی جیل میں ہے) سب جانتے ہیں کہ اِس کے پیچھے کس کا ہاتھ ہے؟

بھارتی خفیہ ایجنسیوں کے تربیت یافتہ دہشت گرد پہلے ہی کینیڈا میں دہشت گردی کی کئی وارداتیں کر چکے ہیں۔ کینیڈا اِسی لیے بھارت سے شدید ناراض ہے۔ بھارتی سفارتی چھتری تلے بھارتی دہشت گردوں نے کینیڈا میں سکھوں کے معروف رہنما اور ایکٹوسٹ (45 سالہ ہردیپ سنگھ نجر) کو 18 جون 2023 کو قتل کر دیا تھا۔ مقتول ہردیپ سنگھ نجر کا قصور یہ تھا کہ وہ کینیڈا میں خالصتان کا پرچم بلند کیے ہُوئے تھا۔ بی بی سی کی رپورٹر (جیسیکا مرفی) بھی اپنی ایک رپورٹ میں بتا چکی ہیں کہ ہردیپ سنگھ نجر کے قتل کے الزام میں کینیڈا میں مقیم تین بھارتی شہریوں (کرن براڑ، کمل پریت، کرن پریت سنگھ) کو گرفتار بھی کیا جا چکا ہے۔

مقتول کینیڈین شہری تھا؛ چنانچہ سب نے دیکھا کہ اِسی بنیاد پر بھارت اور کینیڈا کے سفارتی تعلقات بھی نہایت کشیدہ ہُوئے۔ سابق کینیڈین وزیر اعظم (جسٹن ٹروڈو) نے توکھل کر بھارت اور نریندر مودی کی حکومت کی

عہدہ جب سر پر سوار ہو جائے: ایک تلخ حقیقت

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی- قلم حق

انسان کی اصل پہچان اس وقت سامنے آتی ہے جب اسے اختیار یا طاقت ملتی ہے۔ عام حالات میں ہر کوئی نرم لہجے میں بات کرتا ہے، اخلاق اور شرافت کا مظاہرہ کرتا ہے، لیکن جیسے ہی کسی کے ہاتھ میں تھوڑا سا عہدہ آتا ہے، اس کے لہجے میں اکڑ، باتوں میں تلخی، اور چہرے پر غرور آ جاتا ہے۔ یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب پتہ چلتا ہے کہ انسان دراصل اندر سے کتنا چھوٹا یا بڑا ہے۔ مجھے آج ایک پرانا واقعہ یاد آ رہا ہے، جو میں نے یوکے میں اپنی ڈیوٹی کے دوران دیکھا۔ وہاں ایک ایشیائی بندہ تھا، جو کئی سالوں سے نرس کے طور پر کام کر رہا تھا۔ تجربہ کار بھی تھا، بااثر بھی، مگر اس کی عادت تھی ہر کسی کی برائی کرنا۔ اس کے پاس بیٹھ کر کبھی کسی کے لیے خیر کی بات سننے کو نہیں ملتی تھی۔ اس کے لیے دنیا میں کوئی اچھا نہیں تھا، سب غلط، سب ناقص۔ میں اکثر اس کے ساتھ ڈیوٹی کرتا تھا۔ شروع میں لگا کہ بس مزاج ایسا ہے، مگر بعد میں محسوس ہوا کہ یہ مزاج نہیں بلکہ زہر ہے۔ ایسا زہر جو آہستہ آہستہ کردار کو کھا جاتا ہے۔ کچھ عرصے بعد ہوم کی ڈپٹی منیجر آف سِک ہو گئی، اور انتظامیہ نے عارضی طور پر اسی بندے کو ایکٹنگ منیجر بنا دیا۔ پھر جو ہوا، وہ کسی سبق سے کم نہیں تھا۔ وہ بندہ جس کے چہرے پر پہلے مسکراہٹ ہوتی تھی، اب غرور کا سایہ چھا گیا۔ وہ ہر یونٹ میں جا کر عملے کو ڈانٹتا، بات بات پر غلطیاں نکالتا، چھوٹی بات کو بڑا مسئلہ بنا دیتا۔ خاص طور پر اپنے جیسے ایشیائی اسٹاف کے ساتھ اس کا رویہ بدل گیا۔ جن کے ساتھ کل تک ہنسی مذاق کرتا تھا، آج ان پر حکم چلا رہا تھا۔ وقت گزرتا گیا اور ایک دن وہی انگریز ڈپٹی منیجر واپس آ گئی۔ قانون کے لحاظ سے وہ اپنی پوزیشن پر بحال ہو گئی، لیکن انتظامی طور پر چند دنوں تک وہ اسی ایشیائی ایکٹنگ منیجر کے سپروژن میں رہی۔ یہ وہ لمحہ تھا جہاں اس بندے کے اصل کردار کا پردہ مکمل طور پر فاش ہو گیا۔ اس نے اپنی ڈپٹی منیجر کو نیچا دکھانے کے لیے رپورٹس میں غلط باتیں لکھنا شروع کر دیں۔ وہ اس کے کام پر سوال اٹھاتا، معمولی باتوں کو بڑا بنا دیتا۔ مقصد صرف ایک تھا، اپنے عہدے کا رعب جمانا۔ مگر اس نے بھول کیا کہ عہدہ وقتی ہوتا ہے، کردار مستقل۔ جب ڈپٹی منیجر نے اصل صورتحال سمجھ لی تو اس نے ہوم منیجر کے ساتھ مل کر تمام ثبوت پیش کیے۔ تحقیقات ہوئیں، اور آخرکار وہی بندہ جس نے دوسروں کی زندگی مشکل بنائی تھی، خود اپنے انجام کو پہنچ گیا۔ اسے کہا گیا کہ یا تو استعفیٰ دے دے یا اس کا کیس نرسنگ کونسل کو رپورٹ کیا جائے۔ آخر وہ خاموشی سے استعفیٰ دے کر چلا گیا۔ یہ واقعہ میرے لیے ایک آئینہ بن گیا۔ کیونکہ یہ کہانی صرف یوکے کی نہیں، بلکہ پاکستان کے ہر دفتر، ہر محکمے اور ہر ادارے کی عکاسی کرتی ہے۔ ہمارے ہاں بھی یہی المیہ ہے، جو عہدے پر بیٹھتا ہے، وہ خود کو قانون سے بالاتر سمجھنے لگتا ہے۔ پاکستان میں سینئرٹی کا مطلب تجربہ نہیں، بلکہ بالادستی سمجھ لیا گیا ہے۔ سینئر بننے کا مطلب ہے جونیئر کو دبانا، اس پر حکم چلانا، اور اسے احساس دلانا کہ وہ کچھ نہیں جانتا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بہت سے لوگ عہدے پر بیٹھ کر رہنمائی نہیں دیتے، بلکہ نیچا دکھانے کو ہی اختیار کا استعمال سمجھتے ہیں۔ ہمارے دفاتر، اسپتالوں، سرکاری محکموں میں ایسے بے شمار منیجرز، آفیسرز اور سینئرز موجود ہیں جو سمجھتے ہیں کہ ان کے بغیر نظام نہیں چل سکتا۔ وہ جونیئر عملے کی حوصلہ افزائی کے بجائے ان کی ہمت توڑ دیتے ہیں۔ وہ بھول جاتے ہیں کہ کبھی وہ بھی جونیئر تھے، اور کسی نے انہیں سکھایا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں ادارے مضبوط نہیں ہو پاتے۔ کیونکہ ہمارے سینئرز رہنمائی نہیں کرتے، حکم چلاتے ہیں۔ وہ میرٹ کو نہیں، سفارش کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ ٹیم ورک کو نہیں، چاپلوسی کو کامیابی کی کنجی سمجھتے ہیں۔ اور جب ادارے کے سربراہ خود اخلاق سے خالی ہوں، تو نیچے والے کہاں جائیں؟ ایسا ہی حال سیاست، تعلیم، صحت، حتیٰ کہ میڈیا میں بھی ہے۔ عہدہ ملتے ہی لوگوں کے لہجے بدل جاتے ہیں۔ ان کے رویے بدل جاتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اب وہ کسی کے محتاج نہیں۔ مگر حقیقت اس کے برعکس ہے، جتنا اونچا مقام، اتنی بڑی ذمہ داری۔ عہدہ کبھی عزت نہیں دیتا، بلکہ امتحان دیتا ہے۔ اگر تم نے انصاف کیا تو عزت خود آئے گی، اور اگر تم نے ظلم کیا تو وہی عہدہ تمہیں ذلت دے گا۔ تاریخ گواہ ہے کہ بڑے بڑے حکمران اپنے غرور کے باعث مٹی میں مل گئے، مگر ایک عام مزدور اپنی ایمانداری کی وجہ سے آج بھی زندہ مثال بنا ہوا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "اور زمین میں تکبر کے ساتھ نہ چلو، بے شک اللہ تکبر کرنے والوں اور فخر جتانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔" (سورۃ لقمان آیت 18) اور حضور ﷺ نے فرمایا: "جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہوگا، وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔" (صحیح مسلم) یہ دونوں تعلیمات ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ انسان کی اصل بلندی اس کی عاجزی میں ہے، نہ کہ اس کے عہدے میں۔ عہدہ ایک دن چھن جاتا ہے، مگر کردار ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ آج اگر پاکستان کے ہر سینئر، ہر افسر، ہر منیجر یہ سوچ لے کہ اس کا عہدہ خدمت کے لیے ہے، حکم چلانے کے لیے نہیں، تو یقین مانیں ہمارا نظام بدل جائے۔ ہمارے ادارے ترقی کریں، جونیئر اعتماد کے ساتھ کام کریں، اور قوم کے اندر عدل اور احترام کی فضا قائم ہو جائے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم عہدے کو خدمت کا موقع نہیں سمجھتے، بلکہ اپنی انا کا تاج سمجھ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم ترقی نہیں کر رہے، بلکہ زوال کی طرف جا رہے ہیں۔ یہ دنیا عہدوں سے نہیں، کردار سے پہچانی جاتی ہے۔ اور جو انسان عہدہ پا کر انسانیت کھو دیتا ہے، وہ اصل میں سب سے بڑا محروم ہے۔ آج بھی جب میں اس واقعے کو یاد کرتا ہوں تو دل یہی کہتا ہے، عہدہ اگر دل میں ہو تو انسان بڑا ہوتا ہے، اور اگر سر پر چڑھ جائے تو انسان چھوٹا ہو جاتا ہے۔

سوچو اگر

تحریر: سیف علی خان ترین

سوچو اگر آسمان پہ چاند ستارے نہ ہوتے، تو اندھیرے کتنے سارے ہوتے۔ سوچو اگر پھول میں خوشبو نہ ہوتی، کتنی کمی سی ہوتی۔ پانی میں بہاؤ نہ ہوتا، مزاج میں ٹھہراؤ نہ ہوتا۔ آنسو نیچے کو نہ بہتے، تو بالوں میں نمی رہتی۔ پرندے اگر اُڑتے نہ، تو انسان پھر چلتے نہ۔ ہاتھ میں انگلیاں نہ ہوتیں، پکڑنے کو گریبان ہوتے۔ دنیا میں مٹھاس نہ ہوتی، تو کڑواہٹ آس پاس ہوتی۔ زبان نرم گوشت نہ ہوتی، تو سخت الفاظ کی ساخت ہوتی۔ پتھر اتنے سخت نہ ہوتے، تو آئینوں میں شخص ہوتے۔ چہرے سارے حسین ہوتے، تو پاؤں کیوں زمین پر ہوتے؟ سانپوں میں زہر نہ ہوتا، تو ہاتھوں میں سانپ ہوتے۔ بھوک اور پیاس نہ ہوتیں، تو پیٹ کی اہمیت خاص نہ ہوتی۔ لفظوں کے معنی نہ ہوتے، تو کتابوں پر تصویریں ہوتیں۔ مکانوں پر چھت نہ ہوتے، تو اتنے جھوٹ سچ نہ ہوتے۔ جسم پر لباس نہ ہوتا، تو حیا کا احساس نہ ہوتا۔ دن میں دھوپ نہ ہوتی، تو وہ دن کہاں، رات ہوتی۔ رگوں میں خون نہ ہوتا، تو وراثت کا جنون نہ ہوتا۔ چہرے پر ہنسی نہ ہوتی، تو کس کو یہاں خوشی ہوتی۔ دل میں درد نہ ہوتا، تو اکیلا کوئی مرد نہ ہوتا۔ نیند میں خواب نہ ہوتے، تو ارمانوں کے ارمان ہوتے۔ لکڑی پر آگ نہ ہوتی، تو شعلوں میں تپش نہ ہوتی۔ مرضی میں مرضی ہوتی، تو کیوں اتنی خاموشی ہوتی؟ مشکل اگر آسان ہوتی، تو کیوں رسی پر جان ہوتی؟ غم اگر کم نہ ہوتے، تو خوشی کے ڈھنگ نہ ہوتے۔ آزمائش کا نام نہ ہوتا، تو قتل عام ہوتا۔ جہیز کی خواہش نہ ہوتی، ساس کی فرمائش نہ ہوتی۔ حسن کی ستائش نہ ہوتی، تو بازاروں میں نمائش نہ ہوتی۔ سوچو اگر سوچ نہ ہوتی، تو پھر کیا سوچ ہوتی؟

ایک بیٹی کی زندگی نے باپ کا ایمان زندہ کر دیا

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی- قلم حق

ڈاکٹر لارنس براؤن ایک امریکی ڈاکٹر ہیں جنہوں نے نہ صرف اپنی زندگی کا رخ بدلا بلکہ ہزاروں لوگوں کے دلوں کو ایمان کی روشنی سے منور کیا۔ [illegible] پیشہ ورانہ [illegible] اور مادیت [illegible] ایک عیسائی [illegible] ساتھ ساتھ وہ [illegible] شکی ذہن [illegible] ان کے [illegible] پاس تھا اور [illegible] زندگی بڑی [illegible] نے ان کے [illegible] سوچ، دل [illegible] بچی پیدا [illegible] صاف کہہ دیا [illegible] ڈاکٹر لارنس نے [illegible] نے کہا، "اے [illegible] ہے تو میری [illegible] تلاش کروں گا [illegible] نے ان کی دعا [illegible] طور پر صحت [illegible] عام واقعہ [illegible] سوچنے لگے [illegible] ان ہے؟ کیا [illegible] ہے تو کون سا [illegible] سوالات [illegible] انہوں نے [illegible] کیا۔ پہلے [illegible] دیت، ہندو ازم، بدھ ازم اور دیگر مذاہب کو پڑھا۔ مگر کسی مذہب نے انہیں وہ تسلی نہیں دی جس کی ان کے دل کو تلاش تھی۔ وہ دلائل اور منطق کے آدمی تھے، انہیں جذباتی باتوں سے مطمئن نہیں کیا جا سکتا تھا۔ ایک دن انہوں نے قرآن مجید کا مطالعہ شروع کیا۔ ابتدا میں وہ صرف ایک علمی دلچسپی کے طور پر پڑھ رہے تھے، مگر جیسے جیسے وہ آگے بڑھتے گئے، ان کے دل کی دنیا بدلتی گئی۔ انہوں نے پایا کہ قرآن کوئی عام کتاب نہیں بلکہ انسان کے ہر سوال کا منطقی اور واضح جواب دیتی ہے۔ قرآن میں جب انہوں نے پڑھا کہ "ہم نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے"، تو ان کے دل نے گواہی دی کہ یہ کسی انسان کا کلام نہیں ہو سکتا۔ ان کے اندر ایک سکون اترتا چلا گیا۔ انہیں محسوس ہوا کہ یہ وہی جواب ہے جس کی تلاش میں وہ برسوں بھٹکتے رہے۔ ڈاکٹر لارنس نے کئی مہینے قرآن کے ساتھ گزارے، ترجمہ پڑھا، غور کیا، سوالات کیے۔ ہر سوال کا جواب انہیں قرآن میں ہی ملا۔ انہوں نے دیکھا کہ اسلام نہ صرف ایک عقیدہ ہے بلکہ ایک مکمل نظام زندگی ہے۔ اسلام انسان کو خالق سے جوڑتا ہے، انسانوں کے درمیان عدل اور محبت سکھاتا ہے، اور دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت کی کامیابی کا راستہ بھی دکھاتا ہے۔ جب ان کا یقین کامل ہو گیا تو ایک دن انہوں نے خاموشی سے کلمہ شہادت پڑھا۔ "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔" یہ الفاظ ان کی زندگی کا سب سے مبارک لمحہ بن گئے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد ان کے دوست اور خاندان والے حیران رہ گئے۔ بعض نے مخالفت کی، بعض نے تمسخر اڑایا، مگر وہ ڈٹے رہے۔ انہوں نے کہا کہ "میں نے اسلام کو اندھی تقلید سے نہیں بلکہ علم، تحقیق اور عقل سے قبول کیا ہے۔" ان کی زندگی میں ایک نیا سکون اور مقصد پیدا ہوا۔ وہ پہلے اپنے مریضوں کی آنکھوں کی روشنی بحال کرتے تھے، اب دلوں کی بینائی جگانے کی کوشش کرنے لگے۔ انہوں نے کتابیں لکھیں، لیکچر دیے، اور اپنے تجربات دنیا سے بانٹے۔ ان کی کتاب "The First and Final Commandment" نے ہزاروں لوگوں کو متاثر کیا۔ انہوں نے اپنی تحریروں میں اسلام کو سادہ مگر مضبوط دلائل کے ساتھ پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام کوئی اندھا ایمان نہیں بلکہ سب سے زیادہ عقلی اور سائنسی مذہب ہے۔ قرآن انسان کو سوچنے، سمجھنے اور حقیقت کو جاننے کی دعوت دیتا ہے۔ وقت گزرتا گیا، اور ڈاکٹر لارنس کو اللہ نے وہ نعمت دی جو دنیا کے بہت کم لوگوں کو ملتی ہے، مدینہ منورہ میں رہنے کی سعادت۔ انہوں نے اپنی زندگی کا باقی حصہ وہاں گزارنے کا فیصلہ کیا۔ ان کے لیے مدینہ وہ جگہ ہے جہاں روح کو سکون ملتا ہے، جہاں ہر سانس عبادت بن جاتی ہے، اور جہاں دل ہمیشہ نبی ﷺ کے قرب کی تمنا کرتا ہے۔ مدینہ میں رہ کر وہ دین کی خدمت کر رہے ہیں، لوگوں کی رہنمائی کرتے ہیں، اور دنیا کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ ایمان اور عقل ایک دوسرے کے مخالف نہیں بلکہ ایک ہی راہ کے دو مسافر ہیں۔ ان کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اللہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔ ایک ایسا شخص جو کبھی مذہب کو مذاق سمجھتا تھا، آج اللہ کے سب سے محبوب دین کا علمبردار بن چکا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، "جسے اللہ ہدایت دینا چاہے، اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔" (الأنعام 125) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، "اللہ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے، اسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے۔" (صحیح بخاری، ترجمہ) ڈاکٹر لارنس براؤن کی زندگی اس حدیث کی عملی تفسیر بن چکی ہے۔ وہ علم، عقل اور ایمان کے سنگم پر کھڑے ہو کر دنیا کو یہ پیغام دے رہے ہیں کہ سچائی اگر دل سے تلاش کی جائے تو اللہ ضرور راستہ دکھاتا ہے۔ ان کی داستان صرف ایک انسان کی تبدیلی نہیں بلکہ اللہ کی قدرت کا وہ زندہ ثبوت ہے جو آج بھی موجود ہے۔ ایمان کا سفر دل سے شروع ہوتا ہے اور جب اللہ کسی کو چن لیتا ہے، تو وہ دلوں کے اندھیرے بھی اجالے میں بدل دیتا ہے۔ مدینہ کی فضا میں آج بھی وہ خاموشی سے دعا کرتے ہیں، شکر ادا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "میری بیٹی کی زندگی نے مجھے حقیقت کی زندگی عطا کی۔ اللہ نے میری بیٹی کو بچایا تاکہ میرا ایمان زندہ ہو جائے۔" یہ ہے ڈاکٹر لارنس براؤن کی کہانی، ایک ڈاکٹر کا ایمان کی طرف سفر، ایک عقل پرست کا خالق کی طرف رجوع، اور ایک انسان کا رب کے سامنے جھک جانے کا سفر۔

باجوڑ، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن خار کے اہلکار عوامی ایجنڈا کے تحت مختلف مقامات سے گند کو اٹھا رہے ہیں

شوگر ایڈوائزری بورڈ کا کرشنگ سیزن 15 نومبر سے شروع کرنے کا فیصلہ

جو شوگر مل مقررہ تاریخ پر کرشنگ شروع نہیں کرے گی اس کے خلاف کارروائی ہوگی، رانا تنویر حسین

اسلام آباد(صباح نیوز)شوگر ایڈوائزری بورڈ نے کرشنگ سیزن 15 نومبر سے شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا، وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ جو شوگر مل مقررہ تاریخ پر کرشنگ شروع نہیں کرے گی اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔ بدھ کو شوگر ایڈوائزری بورڈ کا اجلاس وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے وفد نے شرکت کی جس کی قیادت چوہدری ذکا اشرف نے کی۔ اس کے علاوہ چاروں صوبوں کے کین کمشنرز، وزارتِ صنعت و پیداوار، وزارتِ تجارت اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان بھی شریک ہوئے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ شوگر ایڈوائزری بورڈ نے کرشنگ سیزن 15 نومبر سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، فیصلہ تمام صوبوں اور پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن سے مشاورت کے بعد کیا گیا، جو شوگر مل مقررہ تاریخ پر کرشنگ شروع نہیں کرے گی اس کے خلاف کارروائی ہوگی کسانوں کو واجبات کی ادائیگی کرشنگ کے آغاز سے قبل یقینی بنائی جائے گی حکومت کسانوں کے مفاد میں فیصلے کر رہی ہے تاکہ ان کا استحصال نہ ہو۔ بروقت کرشنگ سے گنے کے کاشتکاروں کو سہولت ملے گی فیصلہ کسانوں کے مفاد اور مارکیٹ میں چینی کی بروقت فراہمی کے لیے کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے کرشنگ سیزن کے آغاز سے متعلق کیے گئے فیصلے کا خیر مقدم کیا اور حکومت کے بروقت اقدام کو سراہا۔ رانا تنویر حسین نے متعلقہ صوبائی حکام کو ہدایت کی کہ وہ تمام شوگر ملز کی نگرانی یقینی بنائیں تاکہ کسانوں کے حقوق کا مکمل تحفظ ہو سکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

سابقہ ناظم اعلیٰ حاجی محمد عمر کے بھائی کی وفات پر مولانا عطاء الرحمٰن اور عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر میاں افتخار حسین فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بنوں میں قومی مشران کا گرینڈ جرگہ

سول عسکری قیادت، پولیس عہدیداران، علماء، تاجروں، وکلاء ودیگر کی کثیر تعداد میں شرکت

ریڈ لائن کراس کرنیوالوں کو قبول نہیں کیا جائیگا، دہشت گردی، سہولت کاروں کیخلاف ہدفی آپریشنز جاری رہیں گے، کمانڈر عمیر نیازی

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں قومی مشران کے گرینڈ جرگے میں کمانڈر عمیر نیازی نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ ریڈ لائن کراس کرنیوالوں کو قبول نہیں کیا جائے گا، دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف ہدفی آپریشنز جاری رہیں گے۔ بدھ کو بنوں میں سول و عسکری قیادت، پولیس عہدیداران، علماء، تاجر، وکلا، یوتھ لیڈرز اور صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کے ساتھ ایک بڑا قومی مشران کا جرگہ منعقد ہوا جس کی صدارت کمانڈر بنوں عمیر نیازی نے کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر محمد فہیم اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سلیم عباس کلاچی بھی موجود تھے جرگہ کے دوران سیکیورٹی حکام نے واضح پیغام دیا کہ بنوں کے لیے مقرر کردہ ریڈ لائن کو ہر حالت میں عبور نہیں کرنے دیا جائے گا اور دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف ہدفی آپریشنز جاری رہیں گے فوج، عوام اور ضلعی انتظامیہ ایک صفحے پر کھڑی ہے اور جلد شہر میں محسوس ہونے والی تبدیلیاں لائی جائیں گی تاکہ امن و امان کی بحالی یقینی بنائی جا سکے کمانڈر بنوں عمیر نیازی نے جرگے سے خطاب میں کہا ہم سب محبِ وطن ہیں جو لوگ اس ضلع کا امن خراب کریں گے، ہم ان کے سہولت کاروں اور خاندان کو بھی نظر انداز نہیں کریں گے جرگہ میں شرکاء ملک حشمت علی، اساتذہ تنظیم کے صوبائی چیئرمین ریاض خان، ہائیکورٹ بار صدر حافظ حنیف، انجمن تاجران جنرل سیکرٹری فرمان نیاز، ملک نزیر خان، ملک توانی خان، ملک اعجاز خان، حافظ طیب شاہ بخاری، ڈسٹرکٹ بار جنرل سیکرٹری عثمان سکندری، ملک نافد خان اور دیگر نے اسلحہ کی کھلی نمائش، ٹارگٹ کلنگ اور فتنہ انگیزی کے خاتمے کو پہلی ترجیح قرار دیا مقامی معاملات میں غیر قانونی قوتوں یا خوارجی نوعیت کے جرگوں کو قبول کرنے سے انکار کیا گیا اور کہا گیا کہ زور زبردستی فیصلے عوام پر مسلط نہیں ہوں گے ڈپٹی کمشنر محمد فہیم نے بتایا کہ امن و امان کی ذمہ داری سول و عسکری اداروں پر ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز علماء، تاجر، وکلا، مقامی مشران اور نوجوان اپنا حصہ ڈالیں تاکہ بنوں جلد از جلد پرامن شہر بن سکے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جگہ پر فتنہ یا جرگوں کے نام پر دھمکیاں دینے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا اور قانون کے مطابق اقدامات کیے جائیں گے ڈی پی او سلیم عباس کلاچی نے جرگے میں شرکت کرنے والوں کو یقین دہانی کرائی کہ پولیس دہشت گردی کی موجودہ اور ممکنہ کڑیوں کی شناسائی اور تدارک کے لیے سخت کارروائیاں کرے گی اور ہدفی آپریشنز کا سلسلہ جار؟ رہے گا۔ پولیس نے عوام سے کہا کہ وہ مشتبہ سرگرمیوں کے بارے میں فوری طور پر انتظامیہ کو آگاہ کریں تاکہ بروقت مداخلت ممکن ہو شہر میں اسلحہ کی کھلی نمائش پر مکمل پابندی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی، ٹارگٹ کلنگ اور فتنہ انگیزی کا خاتمہ اولین ترجیح، خوارجی نوعیت کے غیر رسمی جرگوں یا علیحدہ گردیدہ اقدامات کی سخت مذمت اور ان کی قبولیت سے انکار، بنوں میران شاہ روڈ کھلوانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مربوط اقدامات، روڈ کو یکم دسمبر تک کھولنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے عوامی تعاون، مذہبی رہنماؤں اور تمام مکتبہ فکر سے شراکتِ عمل کی اپیل تاکہ کسی کے ساتھ غیر قانونی زیادتی نہ ہو اور امن کی بحالی شفاف طریقے سے ممکن بنے جرگے کے اختتام پر کمانڈر عمیر نیازی نے کہا کہ تمام ادارے اور مقامی مشران امن کے قیام کے لیے متحد ہیں اور جو بھی دشمن عناصر یہاں امن برباد کرنے کی کوشش کریں گے انہیں قانون اور ریاستی اداروں کے ذریعے چرہ شس رخی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات کی زیر صدارت سوات قومی جرگہ کا انعقاد

کسی قیمت پر ضلع کے امن و امان کو متاثر نہیں ہونے دیا جائیگا، سلیم جان مروت

سوات (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر کی زیر صدارت سوات قومی جرگہ کے مشران و علاقائی عمائدین کا جرگہ منعقد ہوا، جس میں ضلع سوات کی مجموعی صورتحال، امن و امان اور دیگر اہم انتظامی و عوامی امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ جرگہ میں علاقائی مشران و عمائدین بشمول عبدالجبار، اختر علی، حاجی زاہد خان، خورشید کاکاجی، صلاح الدین، شیر شاہ خان، جاوید بھائی جان، شیر بہادر ایڈووکیٹ سمیت دیگر معزز اراکین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے جرگہ کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور علاقے میں قیامِ امن اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ جرگے میں طے پانے والے فیصلوں پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے خاطر خواہ عملدرآمد کیا گیا ہے اور عوامی فلاح و تحفظ کے لیے مزید اقدامات جاری ہیں۔ اجلاس کے دوران عمائدین نے اپنے تحفظات، آرا اور تجاویز پیش کیں جنہیں ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات نے توجہ سے سنا اور اطمینان بخش جوابات فراہم کیے۔ ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت نے اس موقع پر کہا کہ ضلع سوات کے عوام باشعور، غیور اور امن پسند ہیں، جنہوں نے ہمیشہ قانون کی پاسداری اور امن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی قیمت پر ضلع کے امن و امان کو متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا اور ترقی و خوشحالی کے سفر کو جاری رکھا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر نے اجلاس کے شرکا کو ضلع بھر میں پولیس کے حالیہ اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ امن و امان کے تسلسل کے لیے نئی پولیس چوکیاں قائم کی گئی ہیں، حساس علاقوں میں گشت اور ناکوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ مختلف کارروائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے تعاون سے کسی بھی قسم کی بدامنی کو برداشت نہیں کرے گی اور ضلع میں دیرپا امن کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے عمائدین پر زور دیا کہ وہ انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں تاکہ ضلع سوات کو مزید پرامن اور محفوظ بنایا جا سکے۔

آٹے اور میدے کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف راولپنڈی میں نان بائیوں کی ہڑتال

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آٹا اور میدہ کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کے خلاف نان بائیوں نے شہر بھر میں ہڑتال کردی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بھر کے تمام چھوٹے بڑے تندور مکمل طور پر بند ہیں جس سے کھوکھا ہوٹلز اور چھوٹے ریستورانوں کا کاروبار بھی بری طرح متاثر ہوا ہے۔ متعدد مقامات پر چائے اور کھانے دستیاب ہیں مگر نان اور روٹی موجود ہیں۔ نان بائیوں نے کہا ہے کہ ڈیڑھ سال قبل آٹے کی سرخ بوری 5500 روپے میں دستیاب تھی جو اب 10500 روپے کی ہوگئی ہے جبکہ سفید آٹا (میدہ) 6200 روپے سے بڑھ کر 12 ہزار روپے فی بوری تک پہنچ گیا ہے۔ صدر نان بائی ایسوسی ایشن شفیق قریشی کے مطابق مہنگا آٹا خرید کر 14 روپے میں روٹی فروخت کرنا ممکن نہیں، بجلی، گیس، تنور کے کرائے اور مزدوری سب کچھ کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی فراہمی بند ہونے کے باعث نان بائی 15 ہزار روپے میں گیس سلنڈر خریدنے پر مجبور ہیں، جبکہ بل پھر بھی لاکھوں روپے میں موصول ہوتے ہیں۔ نان بائیوں نے پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی پر بھی تنقید کی، ان کے مطابق پیرا 50 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک کے بھاری جرمانے عائد کرتی ہے جس سے ان کا کاروبار تباہ ہو چکا ہے۔ تنور بند ہونے کے باعث شہریوں، خاص طور پر طلبہ اور ملازمین کو بغیر ناشتہ دفاتر اور اسکولوں کا رخ کرنا پڑا جبکہ بیکریوں پر ڈبل روٹی اور بن کی فروخت میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا۔

ملائیشیا کو گوشت کی برآمد میں اضافہ کیا جائیگا، ہارون اختر

ملائیشیا کو گوشت کی برآمد بڑھانے کیلئے ایک جامع بزنس ماڈل تیار کر کے وزیراعظم کو منظوری کے لیے پیش کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاونِ خصوصی ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ ملائیشیا کو گوشت کی برآمد میں اضافہ کیا جائے گا، ملائیشیا کو گوشت کی برآمد بڑھانے کے لیے ایک جامع بزنس ماڈل تیار کر کے وزیراعظم کو منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ بدھ کو وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار، مسٹر ہارون اختر خان کی زیر صدارت ملائیشیا کو گوشت کی برآمد سے متعلق وزیراعظم کی کمیٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے تحت قائم چار ورکنگ گروپس نے اپنی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں وزارتِ تجارت، صنعت، خوراک کے سینئر حکام کے علاوہ نجی و سرکاری شعبے کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان کے پاس مضبوط لائیو اسٹاک بیس اور حلال گوشت کے حوالے سے عالمی سطح پر تسلیم شدہ ساکھ موجود ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ گوشت کی برآمدات کے فروغ کے لیے معیار، تسلسل اور مسابقت میں بہتری لانا نہایت ضروری ہے۔ کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کو اس شعبے میں اب بھی کئی چیلنجز کا سامنا ہے جن میں چھوٹے جانوروں کی کمی، فیڈ لاٹ فنشنگ کا فقدان، اور کولڈ چین نظام کی کمزوری شامل ہیں۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ جانوروں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ، جدید سلاٹرنگ اور پراسیسنگ ٹیکنالوجی کا استعمال، مستحکم حلال سرٹیفکیشن نظام، اور لاجسٹکس کو عالمی معیار کے مطابق مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ دیہی آمدنی کا ایک اہم ذریعہ ہے اور ملک بھر میں 1 کروڑ 20 لاکھ سے زائد گھرانے مویشی پالنے سے وابستہ ہیں۔ ان کے مطابق دیہی خاندان اپنی آمدنی کا 35 سے 40 فیصد حصہ مویشیوں سے حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برآمد کنندگان زیادہ تر منجمد (فروزن) گوشت برآمد کرتے ہیں، جس سے لاگت کم اور منڈیوں تک رسائی زیادہ ہوتی ہے، تاہم پاکستان کے جانوروں کی جسامت اور پیداوار بڑے برآمد کنندگان کے مقابلے میں کم ہے۔ ہارون اختر خان نے بتایا کہ پاکستان میں فروزن اور ڈیبونڈ بیف کی پراسیسنگ کی صلاحیت محدود ہے،

چترال سٹی پولیس اور ٹریفک وارڈن پولیس، ایل ای ڈی لائٹس کے خلاف مشترکہ مہم کے دوران کاروائی کر رہے ہیں

قدرتی آفات سے متاثرہ خاندانوں میں امدادی چیکس کی تقسیم

ضلعی انتظامیہ متاثرہ شہریوں کی بحالی اور معاونت کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر ملاکنڈ، محمد فیاض خان شیر پاؤ نے ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ یونٹ (DDMU) کے تحت قدرتی آفات کے دوران جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد، متاثرہ مال مویشیوں اور عمارتوں کے نقصانات کے معاوضے سے متعلق منظور شدہ کیسز کے مطابق متاثرہ خاندانوں میں امدادی چیکس تقسیم کئے۔ اس دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف اینڈ ہیومن رائٹس) ملاکنڈ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر کہا کہ ضلعی انتظامیہ متاثرہ شہریوں کی بحالی اور معاونت کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی تاکہ عوامی مشکلات میں کمی لائی جا سکے اور متاثرہ خاندانوں کو بروقت ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ ڈپٹی کمشنر ملاکنڈ، محمد فیاض خان شیر پاؤ کی زیرِ صدارت باب ادھیانہ (تھانہ) کے قریب آرام گاہ کے قیام کیلئے حاصل کردہ زمین کے معاوضے سے متعلق ایک اہم کوآرڈینیشن اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف اینڈ ہیومن رائٹس) ملاکنڈ، اسسٹنٹ کمشنر بٹ خیلہ، متعلقہ محکموں کے افسران، فریقین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران زمین کے معاوضے کے معاملے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے فریقین کے مؤقف بغور سنے اور معاملے کے منصفانہ، پائیدار اور قانون کے مطابق حل کیلئے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔

☆☆☆☆☆

راولپنڈی، ڈینگی کے وار جاری

24 گھنٹوں میں 20 نئے کیسز رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں ڈینگی مچھر کے حملے تاحال نہ رک سکے، 24 گھنٹوں میں 20 نئے افراد وائرس کا شکار ہوگئے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے مطابق شہر کے مختلف ہسپتالوں میں ڈینگی کے 31 مریض زیر علاج ہیں، تاہم ڈینگی مچھر کے کاٹنے سے کسی قسم کی اموات رپورٹ نہیں ہوئیں۔ رواں سال 2025 کے دوران اب تک 21 ہزار 440 مریضوں کی اسکریننگ کی جاچکی ہے، جبکہ موجودہ سیزن میں 1409 افراد میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی ہے۔ ڈی ایچ او راولپنڈی ڈاکٹر جواد کے مطابق انسدادِ ڈینگی مہم کے تحت ویکٹر سرویلنس ٹیمیں سرگرم عمل ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کے اعداد و شمار کے مطابق 1361 ٹیموں نے اب تک 62 لاکھ 73 ہزار 989 گھروں کی چیکنگ مکمل کرلی ہے، جن میں سے 2 لاکھ 4 ہزار 641 گھروں میں لاروا کی موجودگی پائی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ رواں سال 2025 میں اب تک 17 لاکھ 94 ہزار 718 مقامات کو چیک کیا گیا، جن میں سے 2 لاکھ 32 ہزار 874 جگہوں پر لاروا برآمد ہوا۔ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کارروائیاں بھی جاری ہیں۔ سی ای او ہیلتھ راولپنڈی ڈاکٹر احسان غنی کے مطابق اب تک 4764 ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں جبکہ 1923 مقامات سیل کیے گئے۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر جواد کے مطابق 3657 چالان کیے جاچکے ہیں اور 11 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صفائی اور احتیاطی تدابیر پر عمل کریں تاکہ ڈینگی کے پھیلا کو مؤثر طریقے سے روکا جاسکے۔

پشاور، ڈرگ فری مہم میں مبینہ بے قاعدگیوں کا انکشاف

سیکریٹری سماجی بہبود نے الزامات مسترد کردیئے

پشاور (بیورو رپورٹ) ڈرگ فری پشاور مہم میں مبینہ بے قاعدگیوں کا انکشاف ہوا ہے اور محکمہ سماجی بہبود کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو بھی معطل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ڈرگ فری پشاور مہم میں مبینہ بے قاعدگیوں سے متعلق رواں سال ستمبر میں انکوائری شروع کی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق ڈرگ فری پشاور مہم پر پہلے مرحلے پر 32 کروڑ، دوسرے اور تیسرے مرحلے پر 16 کروڑ روپے کے اخراجات آئے تھے جبکہ مہم کو سابق صوبائی وزیر اور ڈپٹی کمشنر کے دور اقتدار میں شروع کیا گیا تھا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ ڈرگ فری پشاور منصوبے میں مبینہ بے قاعدگیوں اور کرپشن پر مزید ملازمین کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی، ملازمین پر ڈرگ فری پشاور مہم میں من پسند نجی تنظیموں کو ٹھیکے دینے کے الزامات بھی سامنے آئے ہیں۔ سیکریٹری سماجی بہبود نذر محمد کے مطابق منصوبے کی مجموعی لاگت 515 ملین تھی، منصوبہ تین فیز پر مشتمل تھا اور اسے مالی سال 2022-23 میں شروع کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے تحت 4 ہزار 485 افراد کا علاج کیا گیا ہے، منصوبے میں نجی بحالی سینٹرز اور نجی اسپتالوں کے ساتھ معاہدے طریقہ کار کے تحت کیے گئے، جس کے لیے باضابطہ مختلف ڈپارٹمنٹس کے نمائندہ افراد پر مشتمل کمیٹی بنائی گئی تھی، انہوں نے باضابطہ وزٹ کر کے بحالی سینٹرز اور اسپتالوں کو منتخب کیا۔ سیکریٹری کی جانب سے فراہم کردہ دستاویزات کے مطابق صرف ایک سینٹر میں سینیٹیشن اور وینٹیلیشن کا مسئلہ تھا تاہم کسی قسم کی سرکاری پیسوں کی ادائیگی نہیں کی گئی، ادائیگی بہت سے کیسز میں معائنہ اور تصدیق کر کے ایڈجسٹمنٹ کے بعد کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمے کا آڈٹ اور ذمہ داری کا ربوسٹ سسٹم ہے، حتمی ادائیگی عائد کردہ جرمانوں کی ایڈجسٹمنٹ کے بعد کی جاتی ہے۔ سیکریٹری نے تردید کرتے ہوئے وضاحت کی کہ پیسوں کی کوئی بے ضابطگی نہیں ہوئی ہے تاہم صرف پروسیجرل مسئلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ہم نے نیویارک میں تاریخ رقم کی، موروثی سیاست کا خاتمہ کردیا، زہران ممدانی

عوام نے ثابت کردیا کہ طاقت ان کے ہاتھ میں ہے، مستقبل ہمارے ہاتھ میں ہے

نیویارک (صباح نیوز) امریکا کے شہر نیویارک میں میئر کا انتخاب جیتنے والے زہران ممدانی نے کہا ہے کہ ہم نے نیویارک میں تاریخ رقم کردی، نیویارک میں موروثی سیاست کا خاتمہ کردیا، عوام نے ثابت کردیا کہ طاقت ان کے ہاتھ میں ہے، مستقبل ہمارے ہاتھ میں ہے، نیویارک نے آج تبدیلی کے لیے ووٹ دیا، یکم جنوری کو نیویارک میئر کے عہدے کا حلف اٹھاؤں گا۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق میئر نیویارک کا الیکشن جیتنے کے بعد اپنے ووٹرز سے خطاب میں زہران ممدانی نے کہا کہ اگرچہ آج شام ہمارے شہر پر سورج غروب ہو چکا ہے، مگر جیسا کہ یوجین ڈیبز نے کہا تھا، میں انسانیت کے لیے ایک بہتر دن کی صبح دیکھ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جب سے ہمیں یاد ہے، نیویارک کے محنت کشوں سے دولت مندوں اور بااثر طبقے نے ہمیشہ یہی کہا کہ اقتدار تمہارے ہاتھوں میں نہیں ہونا چاہیے، وہ ہاتھ جو گودام کے فرش پر ڈبے اٹھاتے اٹھاتے چھل گئے، جن کی ہتھیلیاں ڈیلیوری بائیک کے ہینڈل پکڑتے پکڑتے سخت ہو گئیں اور جن کی انگلیوں کے جوڑ باورچی خانے کی جلنے والی چوٹوں سے زخمی ہیں، انہی ہاتھوں کو کبھی اقتدار ہاتھ میں لینے کی نہیں دی گئی لیکن پچھلے 12 مہینوں میں آپ نے کسی بڑی چیز کو چھونے کی ہمت کی اور اب تمام رکاوٹوں کے باوجود آپ نے اسے پالیا ہے، مستقبل اب ہمارے ہاتھوں میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے دوستو، ہم نے موروثی سیاست کا خاتمہ کردیا ہے، میں اینڈریو کومو کے لیے ذاتی زندگی میں نیک تمنائیں رکھتا ہوں، لیکن آج کی رات کے بعد، یہ آخری بار ہے کہ میں اس کا نام لوں گا۔ زہران ممدانی نے کہا کہ تم نے تبدیلی کا مینڈیٹ دیا ہے، ایک نئی طرز کی سیاست کا مینڈیٹ، ایک ایسے شہر کا مینڈیٹ جس میں ہم جینے کا خرچ برداشت کرسکیں اور ایک ایسی حکومت کا مینڈیٹ جو اس وعدے کو حقیقت بنائے۔ زہران ممدانی نے یمنی بڈیگا (چھوٹی دکانوں) کے مالکان، سینیگالی ٹیکسی ڈرائیورز، ازبک نرسوں، ٹرینیڈاڈ کے باورچیوں اور ایتھوپیا کی آنٹیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نیویارک کی نئی نسل نے یہ ثابت کردیا ہے کہ بہتر مستقبل کا خواب اب ماضی کی بات نہیں رہا، تم نے دکھادیا کہ جب سیاست تم سے عزت اور سچائی سے بات کرتی ہے، تو ایک نئی قیادت جنم لیتی ہے۔ زہران ممدانی نے کہا کہ اس سیاسی اندھیرے کے دور میں، نیویارک کو روشنی بننے دو، انہوں نے وعدہ کیا کہ نیویارک پورے ملک کے لیے ایک مثال ثابت ہوگا، جو دوسروں کے حقوق کی حفاظت کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ چاہے آپ ایک مہاجر ہوں، ٹرانس کمیونٹی سے تعلق رکھتے ہوں، ان بے شمار سیاہ فام خواتین میں سے ایک ہوں جنہیں ڈونلڈ ٹرمپ نے وفاقی نوکری سے نکالا، ایک اکیلی ماں ہوں جو اب بھی راشن سستا ہونے کی منتظر ہے، یا کوئی بھی شخص ہو جو مشکلات میں گھرا ہوا ہے، آپ کی جدوجہد ہماری جدوجہد ہے۔ نومنتخب میئر نیویارک نے کہا کہ اور ہم ایک ایسا سٹی ہال بنائیں گے جو یہودی نیویارکرز کے ساتھ ڈٹ کر کھڑا ہو، اور یہود مخالف نفرت کے خلاف لڑائی میں کبھی پیچھے نہ ہٹے، ایک ایسا شہر جہاں 10 لاکھ سے زیادہ مسلمان یہ جان سکیں کہ وہ یہاں کے ہیں، اور یہ شہر ان کا بھی ہے۔ ممدانی نے کہا کہ میں جواہر لال نہرو کے الفاظ یاد کر رہا ہوں، جو بھارت کے پہلے وزیر اعظم تھے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ میں کبھی کبھار ایسا لمحہ آتا ہے جب ہم پرانے دور سے نکل کر نئے دور میں قدم رکھتے ہیں، جب ایک عہد ختم ہوتا ہے اور ایک قوم کی وہ روح، جو طویل عرصے سے دبائی گئی ہو، اپنی آواز پاتی ہے، اب ہم پرانے دور سے نکل کر نئے دور میں داخل ہو چکے ہیں،

☆☆☆☆☆☆☆

27ویں آئینی ترمیم پریشانی کی بات نہیں، ایم کیو ایم

27ویں آئینی ترمیم گڈ گورننس اور صوبوں میں بہتر ہم آہنگی سے متعلق ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

اسلام آباد (صباح نیوز) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم کی ضرورت ہے تو اس میں پریشانی کی بات نہیں، ایم کیو ایم ملک میں بلدیاتی نظام سمیت بہت سے اقدامات پر عملدرآمد چاہتی ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سربراہ ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ 27ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے گزشتہ کئی روز سے لوگ رابطے کر رہے ہیں، 26ویں آئینی ترمیم کے وقت بھی ایک ہی مطالبہ رکھا تھا، ہم نے کہا تھا کہ جمہوریت کے ثمرات عوام تک پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ 27ویں آئینی ترمیم کے معاملے پر ہم نے خود وزیراعظم سے رابطہ کیا، 27ویں آئینی ترمیم گڈ گورننس اور صوبوں میں بہتر ہم آہنگی سے متعلق ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب ایک الگ آئینی عدالت کے قیام کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے، آئینی مقدمات 10 فیصد ہیں لیکن 50 فیصد وقت مانگتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان اہم ترین مرحلے سے گزر رہا ہے، تعلیم کو صوبوں کے حوالے کرنے سے نتائج الٹے نظر آرہے ہیں، اب غور کیا جارہا ہے کہ تعلیم کے حوالے سے فیصلے کیا جائے، ہماری رائے ہے کہ بہبود آبادی کا محکمہ وفاق کے ساتھ ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ آرٹیکل 243 میں اس سال نے یہ تقاضا پیدا کیا ہے کہ اس کو قومی ہم آہنگی اور دفاع کے جدید تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک میں بلدیاتی نظام سمیت بہت سے اقدامات پر عملدرآمد چاہتی ہے، بلدیاتی حکومت کو بھی آئین کے تحت حکومت سمجھا جائے، بلدیاتی حکومت کا تحفظ آئین کرے اور سپریم کورٹ نگرانی کرے اور جو بھی ناظم اور میئر منتخب ہوں وہ اپنا وقت پورا کریں۔ ایم کیو ایم کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آئین ایک مقدس دستاویز ضرور ہے مگر صحیفہ آسمانی نہیں، اور اس میں حالات کے مطابق ترامیم ہوسکتی ہیں، 26 کے بعد 27 ویں آئینی ترمیم کی ضرورت ہے تو اس میں پریشانی کی بات نہیں، 27ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے بہت سی باتیں سامنے آئیں جس پر رسپانس دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے تحت صوبائی خودمختاری دی گئی، صوبائی کے بعد مقامی حکومتوں کی خودمختاری بھی ہونی چاہیے، مقامی حکومتوں کے قوانین مزید وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں وقت کے ساتھ ترامیم بھی ہونی چاہئیں، آئین میں لکھا جائے کہ بلدیاتی حکومت کی مدت پوری ہونے کے بعد الیکشنز ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆

کرک سے افغان مہاجرین کی باعزت واپسی شروع

53 افراد پر مشتمل سات افغان خاندانوں کا قافلہ طورخم کے راستے روانہ

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) کرک سے افغان مہاجرین کی باعزت واپسی شروع ہوگئی جہاں 53 افراد پر مشتمل سات افغان خاندانوں کا قافلہ طورخم کے راستے روانہ کردیا گیا۔ اس ضمن میں سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ کوہاٹ ڈویژن کے جنوبی ضلع کرک سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل و فوکل پرسن برائے واپسی افغان مہاجرین صاحبزادہ سمیع اللہ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف اینڈ ہیومن رائٹس محمد سعود اورکزئی کی زیرِ نگرانی افغان مہاجرین کی واپسی کا عمل جاری ہے اور کرک شہر اور نواحی علاقہ الگڈی کرک سے 53 افراد پر مشتمل سات افغان مہاجرین کے خاندانوں کا قافلہ طے شدہ ضابطہ کار کے مطابق باعزت طریقے سے براستہ طورخم جلال آباد روانہ کیا گیا۔ روانگی سے قبل تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تاکہ واپسی کے دوران کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ مہاجرین کو ان کے سامان اور دیگر ضروری امور میں ہر ممکن سہولت فراہم کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صاحبزادہ سمیع اللہ نے اس موقع پر کہا کہ افغان مہاجرین کی باعزت اور محفوظ واپسی حکومتِ پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے اور یہ عمل مکمل انسانی ہمدردی، احترام اور شفافیت کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔ آخر میں افغان مہاجرین کی بحفاظت واپسی اور ان کے بہتر مستقبل کے لیے دعا بھی کی گئی۔

☆☆☆☆☆☆

حنیف عباسی کی مریم اورنگزیب سے ملاقات

پاکستان ریلوے اور پنجاب حکومت کے اشتراک سے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بدھ کے روز یہاں پنجاب کی سینئر وزیر برائے اطلاعات و ثقافت مریم اورنگزیب سے ملاقات کی جس میں پاکستان ریلوے اور پنجاب حکومت کے اشتراک سے جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے ریلوے کے مختلف انفراسٹرکچر منصوبوں خصوصاً آٹھ برانچ لائنز کی اپ گریڈیشن سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر غیر محفوظ اور غیر نگرانی شدہ لیول کراسنگ کو محفوظ بنانے اور ان کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن سے متعلق پیش رفت پر بھی غور کیا گیا۔ مزید برآں، پنجاب ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے لاہور، راولپنڈی اور ٹیکسلا ریلوے اسٹیشنز کی تزئین و آرائش کے منصوبے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی۔ مریم اورنگزیب نے بتایا کہ ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ان اسٹیشنز کا ماڈل تیار کرلیا گیا ہے اور جلد عملی کام کا آغاز متوقع ہے۔ اجلاس میں گرین کوریڈور منصوبے پر بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جو شاہدرہ سے کوٹ لکھپت ریلوے ٹریک کے ساتھ ایک جدید اور ماحول دوست منصوبہ ہے، اس حوالے سے محکمہ جنگلات کے تعاون سے ریلوے لائن کے ساتھ درختوں کی قطاروں میں شجرکاری کے منصوبے پر بھی گفتگو ہوئی۔ دونوں وزرا نے لاہور تا راولپنڈی فاسٹ ٹرین منصوبے کی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اس منصوبے کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا تاکہ عوام کو تیز، محفوظ اور جدید سفری سہولت فراہم کی جا سکے۔ ملاقات کے اختتام پر مریم اورنگزیب اور محمد حنیف عباسی نے ریلوے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کو وفاقی و صوبائی سطح پر قریبی تعاون کے ساتھ آگے بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ریلوے کا جدید، ماحول دوست اور سیاحت کو فروغ دینے والا نظام پاکستان کے معاشی استحکام اور عوامی سہولت کے لیے ناگزیر ہے۔

کسٹمز انفورسمنٹ رکھنی نے اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنادی

گاڑی سمیت تین کروڑ پچاسی لاکھ روپے مالیت کی سگریٹس ضبط

اسلام آباد (این این آئی) کلکٹوریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ) کوئٹہ کے تحت فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ (ایف ای یو) رکھنی نے کوئلہ کے نیچے چھپائی گئی غیر ملکی سگریٹس کی ایک بڑی کھیپ اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ مصدقہ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے رکھنی کے قریب ایک ہینو ٹرک رجسٹریشن نمبر TTD-853 کو روکا گیا جس میں بظاہر کوئلہ لدا ہوا تھا۔ تفصیلی تلاشی کے دوران غیر ملکی سگریٹس کے 188 کارٹن برآمد ہوئے۔ ضبط شدہ سگریٹس کی مالیت کا تخمینہ تقریباً دو کروڑ پینتیس لاکھ روپے لگایا گیا ہے جبکہ اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑی کی مالیت ڈیڑھ کروڑ روپے ہے۔ ضبط کی گئی اشیا اور ٹرک کی کل مالیت تین کروڑ پچاسی لاکھ روپے بنتی ہے۔ ضبط شدہ اشیا اور گاڑی کو کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت قانونی کارروائی کے لیے کسٹمز گودام منتقل کر دیا گیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے رکھنی انفورسمنٹ ٹیم کی مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا ہے اور اسمگلنگ کی روک تھام، قومی محصولات کے تحفظ اور ملک بھر میں قانونی تجارت کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

سوات، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر مندنیز بونیر ارشد خان طلباء سے بات چیت کر رہے ہیں

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان
0937-9230147

کمشنر مردان ڈویژن
0937-9230572=9230573

ڈپٹی کمشنر مردان
0937-9230048

مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان
0937-9230051

ڈی آئی جی مردان
0937-9230112

ڈی پی او مردان دفتر
0937-9230109

ایس پی آپریشن مردان
0937-9230117

ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مردان
0937-930616

پال برانچ مردان
0937-9230120

ڈی ایس پی سٹی مردان
0937-9230108

تھانہ سٹی: 0937-9230125

تھانہ ہوتی: 0937-9230244

تھانہ پار ہوتی: 0937-561245

تھانہ صدر: 0937-9230130

تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن:
0937-868235

تھانہ شہباز گڑھی:
0937-580172

تھانہ رستم: 0937-800124

تھانہ طورو: 0937-860320

تھانہ چورہ: 0937-775981

تھانہ جبر: 0937-542112

تھانہ تخت بھائی: 0937-551001

تھانہ کاٹلنگ: 0937-575302

ساڑوشاہ: 0937-503001

تھانہ گڑھی کپورہ: 0937-846113

کنٹرول روم پولیس لائن مردان
0937-9230065

پاسپورٹ دفتر مردان
0937-9230560

سوئی ناردرن گیس مردان
0937-880019

ہیلپ لائن: 1199

ریسکیو مردان:
0937-9230770=1122

کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان
0937-9230261

سنٹرل جیل مردان: 0937-840625

ایف آئی اے تھانہ:
0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ: 0937-920151

ڈی ای او زنانہ: 0937-9230150

مردان کالج: 0937-9230033

کامرس کالج مردان: 0937-9230220

فضل حق کالج مردان
0937-9230070=9230084

جنرل پوسٹ آفس مردان
0937-9230031

ایکسائز دفتر مردان
0937-9230258

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان
0937-9230618=9230620

واپڈا ایمرجنسی مردان
0937-9230155

محکمہ خوراک مردان:
0937-9230225

ٹی ایم اے دفتر: 0937-9230104

مردان بورڈ
0937-9230250=9230251

گورنمنٹ گرلز کالج مردان
0937-9230218

دلچسپ اور عجیب

انسان کو خوش یا غمگین کرتے ہارمون

سائنس نے دریافت کیا ہے، انسانی جسم میں 50 سے زیادہ ہارمون پیدا ہوتے ہیں، گو مزید دریافت ہونے کا امکان ہے۔ یہ ہارمون کیمیائی پیغام بر ہیں جو خون کے دھارے میں شامل ہو کر میٹابولزم، نشوونما، تولید، نیند، موڈ اور دیگر جسمانی افعال کو منظم کرتے ہیں۔ ان کی مدد ہی سے ہمارا جسم درست طریقے سے کام کرتا ہے۔ لیکن وہ ہمارے موڈ اور ذہنی صحت پر طاقتور اور کبھی کبھار منفی اثر ڈال سکتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے جذبات و احساسات ہمارے قابو میں ہیں، لیکن کیا واقعی ایسا ہے؟ سائنسدانوں کو یہ بات پہلے سے معلوم ہے کہ کیمیائی پیغامات دینے والے مادے، جنہیں نیوروٹرانسمیٹرز کہا جاتا ہے، ہمارے دماغ پر بہت بڑا اثر ڈالتے ہیں۔ تاہم جیسے جیسے سائنسدان مزید تحقیق کر رہے ہیں، وہ یہ بھی دریافت کر چکے کہ ہارمون بھی غیر متوقع طریقوں سے ہمارے دماغ پر اچھے برے اثرات ڈال سکتے ہیں۔

بلی کے بار بار پڑوس میں چلے جانے پر خاتون پر 3 لاکھ کا جرمانہ

فرانس کے جنوبی حصے میں واقع شہر ایگڈے میں ایک خاتون پر ان کی بلی کے پڑوسی کے باغ میں بار بار جانے پر جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ بلی کا نام ریمی ہے اور مالکہ خاتون کا نام ڈومینیک بتایا گیا ہے۔ ہوا کچھ یوں کہ پڑوسی نے شکایت کی کہ بلی بار بار ان کے باغ میں گھستی ہے، گندگی کرتی ہے اور گیلے پلستر پر پنجے کے نشانات چھوڑتی ہے۔ عدالت نے خاتون کو تقریباً 1,250 یورو کا جرمانہ عائد کیا ہے، جو امریکی ڈالر کے حساب سے تقریباً $1,400 کے برابر ہیں اور پاکستانی روپوں میں 3 لاکھ 93 ہزار۔ اس کے علاوہ، عدالت نے فیصلہ دیا کہ اگر بلی دوبارہ پڑوسی کے باغ میں جائے گی تو مالکہ کو ہر واقعے کے لیے 30 یورو جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔ یہ ایک غیر معمولی کیس ہے۔



اے آئی کے تمام چیٹ بوٹس سے متعلق پریشان کن انکشاف!

ایک نئی تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ چیٹ جی پی ٹی جیسے مصنوعی ذہانت کے آلات کو صحیح اور غلط معلومات کے درمیان فرق کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ امریکا کی اسٹینفورڈ یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والی ایک ٹیم نے ایک تحقیق میں تمام بڑے اے آئی چیٹ بوٹس کو مسلسل غلط خبر کی نشاندہی میں ناکام پایا۔ تحقیق لارج لینگویج ماڈلز (ایل ایل ایمز) کے استعمال سے متعلق قابلِ تشویش نتائج پیش کرتی ہے، جہاں صحیح اور غلط معلومات کا تعین کرنا اہم ہوتا ہے۔ محققین نے بتایا کہ چونکہ لینگویج ماڈلز (ایل ایمز) کا قانون، طب، صحافت اور سائنس میں استعمال بڑھتا جا رہا ہے، اس لیے ان کی حقیقت اور افسانے کے درمیان فرق کرنے کی صلاحیت اہم ہو جاتی ہے اور ایسا کرنے میں ناکامی ان کے بیماری کی تشخیص میں کوتاہی، قانونی فیصلوں میں مسائل اور گمراہ کن معلومات پھیلانے کا سبب بن سکتی ہے۔

ذہنی سکون کی مشقیں خواتین میں جبڑے کے درد کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں، تحقیق

حالیہ تحقیق میں انکشاف ہوا کہ ذہنی سکون کی مشقیں خواتین میں جبڑے کے مسلسل درد کو کم کرنے میں مؤثر ثابت ہو سکتی ہیں۔ طبی ویب سائٹ پر شائع تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ جو خواتین روزمرہ کی زندگی میں ذہنی سکون کی مشقیں کرتی ہیں، ان میں جبڑے کے درد کی شدت کم ہوتی ہے اور وہ خود کو زیادہ آرام دہ محسوس کرتی ہیں۔ یہ تحقیق خاص طور پر 40 سال یا اس سے زائد عمر کی خواتین پر کی گئی، جنہیں جبڑے کے مسلسل درد کی شکایت تھی۔ ماہرین نے ان خواتین کی ذہنی سکون کی مشقوں کے اثرات کا تجزیہ کیا اور یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ان میں درد کی شدت کم ہوئی اور ان کی مجموعی صحت بھی بہتر ہوئی۔ ان کا کہنا ہے کہ جبڑے کا درد ایک عام مسئلہ ہے۔

خطرناک دماغی بیماری سے بچنے کیلئے کتنا چلنا ضروری ہے؟

ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ روزانہ 5000 سے زیادہ قدم چلنا دماغی کارکردگی میں تنزلی اور الزائمرز بیماری سے متعلقہ پروٹین کے دماغ میں جمع ہونے کی رفتار کو سست کر سکتا ہے۔ 14 برس تک جاری رہنے والی تازہ ترین تحقیق اس نوعیت کا پہلا مطالعہ ہے جس میں مختلف اقسام کی سرگرمیوں اور الزائمرز کی اہم علامات کے درمیان تعلق کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی کے ماہرین (جنہوں نے 50 سے 90 برس کے درمیان 294 افراد سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کا جائزہ لیا) کو تحقیق میں یہ بھی معلوم ہوا کہ جن میں الزائمرز کی ابتدائی علامات سامنے آ چکی ہیں ان کو بیماری کو بڑھنے سے روکنے کے لیے مناسب مقدار میں ورزش فائدہ پہنچا سکتی ہے۔ تحقیق میں شامل افراد کے دماغ میں ایمیلائڈ اور ٹاؤ نامی پروٹینز موجود تھے۔

83 سال سے شادی کے بندھن میں بندھے دنیا کے معمر ترین جوڑے کی محبت کی کہانی

ایک جوڑا جو سب سے پہلے 8 دہائیوں پہلے ملا تھا، اس نے اپنی محبت کی کہانی سے عالمی ریکارڈز توڑ دیے ہیں۔ امریکا سے تعلق رکھنے والے لائیل گیٹینز اور ایلانور گیٹینز پہلی بار ایک دوسرے سے 1941 میں کلارک اٹلانٹا یونیورسٹی میں ملے تھے۔ دونوں ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار ہوئے اور 1942 میں رشتہ ازدواج سے منسلک ہو گئے۔ اب ان دونوں نے دنیا کے معمر ترین شادی شدہ جوڑے کا ریکارڈ اپنے نام کر لیا ہے۔ امریکی شہر میامی میں مقیم لائیل گیٹینز کی عمر 108 سال جبکہ ایلانور کی 107 سال ہے اور دونوں کی مجموعی عمر 216 سال 132 بنتی ہے اور ان کا نام گنیز ورلڈ ریکارڈز کا حصہ بنایا گیا ہے۔ درحقیقت انہوں نے 2 عالمی ریکارڈز اپنے نام کیے ہیں، ایک تو اس وقت حیات سب سے معمر شادی شدہ جوڑے کا ریکارڈ ہے۔

امریکا: ہیلتھ کیئر سینٹر کی 500 سے زائد زندہ افراد سے تعزیت

امریکا میں ہیلتھ کیئر سینٹر کی جانب سے 500 سے زائد زندہ افراد کو غلطی سے تعزیتی خط بھیجنے پر معذرت کر لی۔ مقامی میڈیا کے مطابق امریکی ریاست مین ہیلتھ سینٹر میں کمپیوٹر سسٹم میں خرابی کے باعث اہلکاروں نے 531 زندہ افراد کو ان کی موت حوالے سے تعزیتی خط بھیج دیے۔ مین ہیلتھ کے اہلکاروں نے جاری ایک بیان میں کہا کہ 'مین ہیلتھ' اس غلطی پر تہہ دل سے پشیمان ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق اس غلطی کا سبب ایک کمپیوٹر پروگرام تھا جو خطوط تیار کرتا ہے۔ مین ہیلتھ ایک غیر منافع بخش ہیلتھ کیئر سینٹر ہے جو ایک لیول 1 ٹراما سینٹر اور آٹھ دیگر اسپتالوں کو چلاتا ہے۔

طویل فاصلے سے آئس کریم کا اسکوپ کیچ کرنے کا ریکارڈ

امریکا کے ایک سیریل ریکارڈ ساز نے طویل فاصلے سے کون میں آئس کریم کا اسکوپ کیچ کر کے گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ امریکی ریاست آئیڈاہو سے تعلق رکھنے والے ڈیوڈ رش نے جوش وین بیٹنبرگ کے ساتھ ٹیم بنا کر (دو کی ٹیم میں) 55 فٹ اور 5 انچز سے کون میں آئس کریم اسکوپ پکڑ کر گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کیا۔ دونوں کی ٹیم نے ریکارڈ کی یہ کوشش کیلفورنیا سمی ویلے میں کی۔ جوش وین بیٹنبرگ آئس کریم کا اسکوپ پھینکا اور ڈیوڈ رش نے 55 فٹ اور 5 انچز کے فاصلے پر کون میں کیچ کیا۔

واٹس ایپ چینل کے لیے نئے فیچر کی آزمائش

انسٹنٹ میسجنگ ایپلی کیشن واٹس ایپ کے چینلز کے لیے دلچسپ فیچر کی آزمائش شروع کر دی گئی۔ واٹس ایپ کی اپڈیٹس پر نظر رکھنے والی ویب سائٹ کے مطابق جلد ہی صارفین چینل کو زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے نئے فیچر کا استعمال کر سکیں گے۔ رپورٹ کے مطابق واٹس ایپ چینلز پر دوسروں کو چینل کو فالو کرنے کی دعوت دینے کے فیچر کی محدود پیمانے پر آزمائش شروع کر دی گئی۔

ڈراما 'جمع تقسیم' میں نیا تنازع، لیلیٰ اور قیس کے گھر دونوں والدین کی آمد سے کشیدگی بڑھ گئی

ہم ٹی وی پر نشر ہونے والا مقبول ڈراما سیریل 'جمع تقسیم' اپنی کہانی کے نئے موڑ کے ساتھ ناظرین کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ حال ہی میں نشر ہونے والی قسط میں دکھایا گیا کہ لیلیٰ اور قیس کے گھر دونوں والدین کی آمد سے گھریلو ماحول میں کشیدگی بڑھ گئی ہے، جس نے کہانی میں ایک نیا تنازع کھڑا کر دیا ہے۔ 'جمع تقسیم' میں مشترکہ خاندانی نظام کی حقیقت اور اس میں چھپی تلخیاں نہایت خوبصورتی سے اجاگر کی گئی ہیں، ہر کردار اپنی منفرد پہچان رکھتا ہے، جب کہ خواتین میں یہ کہانی خاص طور پر بے حد مقبول ہو رہی ہے۔ گزشتہ روز ڈرامے کی 17 ویں قسط نشر ہوئی، جس میں کہانی نے ایک نیا موڑ لیا، قسط میں دکھایا گیا کہ لیلیٰ اور قیس کے گھر اب دونوں کے والدین رہنے کے لیے آ گئے ہیں۔ ابتدا میں لیلیٰ کے والدین اپنی بیٹی کے اصرار پر اس کے گھر منتقل ہوتے ہیں، کیوں کہ وہ دونوں اکیلے رہ رہے ہوتے ہیں اور لیلیٰ کی والدہ کی حالیہ ریٹائرمنٹ کے بعد وہ اداسی اور تنہائی محسوس کر رہی ہوتی ہیں، اسی لیے لیلیٰ انہیں اپنے پاس لے آتی ہے۔ دوسری جانب قیس کے والد کو بچوں سے دوری کے غم میں دل میں تکلیف ہوتی ہے۔

سجل علی اور احد رضا کا ڈراما 'دھوپ کی دیوار' اب یوٹیوب پر

جتنی ہی مقبول اتنی ہی غیر یقینی کی شکار شوبز جوڑی احد رضا میر اور سجل علی کو مداح ایک بار پھر ایک ساتھ اسکرین پر دیکھ سکیں گے۔ رومانوی جوڑی احد رضا میر اور سجل علی نے 2017 کے سپرہٹ ڈرامے "یقین کا سفر" میں ساتھ کام کیا تھا اور اسی دوران دونوں ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار ہو گئے۔ دونوں کی کمال کی کیمسٹری کو نہ صرف ڈراموں بلکہ حقیقی زندگی میں پسند کیا گیا جس کے بعد مارچ 2020 میں دونوں کی شادی ہوئی۔ تاہم صرف دو سال بعد ہی ان کے درمیان طلاق کی خبریں سامنے آنے لگی تھیں۔ البتہ نہ تو احد رضا اور نہ سجل علی نے اس کی تصدیق کی ہے۔

والد کے ساتھ ہمیشہ جھجک رہی

اداکار کاشف محمود نے اپنے والد کے ساتھ تعلقات پر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ انہیں زندگی بھر اس بات کا افسوس رہا کہ وہ اپنے والد کے ساتھ صحیح طرح بات چیت نہیں کر سکے۔ کاشف محمود نے حال ہی میں پروگرام 'زبردست وِد وصی شاہ' میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے والد کے ساتھ تعلقات پر کھل کر بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں زندگی میں سب سے زیادہ اس بات کا غم ہے کہ وہ اپنے والد سے صحیح طرح سے گھل مل نہیں سکے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے اور والد کے درمیان ہمیشہ ایک جھجک، لحاظ اور تکلف رہا، جسے وہ اپنی پوری زندگی میں ختم نہیں کر سکے۔ کاشف محمود نے بتایا کہ ایسا نہیں تھا کہ ان کا والد سے بات کرنے کا دل نہیں کرتا تھا۔

یہ ہفتہ کیسا رہے گا؟ مریم اختر چوہدری

حمل (21 مارچ تا 21 اپریل)

گزشتہ ہفتے حاصل کیا گیا مالی فائدہ اس ہفتے اخراجات کی مد میں اٹھتا دکھائی دیتا ہے۔ اپنی آرام گاہ کی تزئین و آرائش کر سکتے ہیں۔

میزان (24 ستمبر تا 23 اکتوبر)

آپ کے اعصاب پر بزنس مکمل طور پر سوار ہونے جا رہا ہے، کیوں کہ کچھ نئی آفرز آپ کے بزنس کے پھیلاؤ میں مددگار ثابت ہونے والے ہیں۔

ثور (22 اپریل تا 20 مئی)

آپ سیارہ زہرہ اپنے شرفی برج میں آ چکا ہے، جہاں یہ آپ کو کئی طرح کی کامیابیوں سے ہم کنار کرے گا۔ آپ کے کیریئر میں تبدیلی زیر تکمیل رہے ہیں۔

عقرب (24 اکتوبر تا 22 نومبر)

آپ کا زیادہ وقت مارکیٹ اور پبلک ڈیلنگ میں ہی گزر رہا ہے۔ آپ کے حالات کی ڈور آپ کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ کئی بار آپ بے بس ہوئے ہیں

جوزا (21 مئی تا 21 جون)

سوشل میڈیا اور پبلسٹی کے مقامات پر آپ چمکتے نظر آتے ہیں۔ آپ کی خوش قسمتی کا سیارہ آپ کے ساتھ مکمل تعاون کر رہا ہے۔

قوس (23 نومبر تا 22 دسمبر)

نیند متاثر ہو سکتی ہے، کیوں کہ کام میں کچھ مشکلات ہو سکتی ہیں۔ آپ کی جاب آپ کو سفر پر لے جا سکتی ہے لیکن یہ سفر رابطہ نئے راستے ایک نہیں دو یا تین ہو سکتے ہیں۔

سرطان (22 جون تا 23 جولائی)

گزشتہ ہفتے کی الجھنیں اور خوف و خدشات جنہوں نے آپ کو ذہنی طور پر اپنے محور میں چکرا رکھا تھا، وہ اس ہفتے ختم ہو جائیں گے۔

جدی (23 دسمبر تا 20 جنوری)

پرانے مالی مسائل سر اٹھا سکتے ہیں، سفر ہو سکتا ہے، آپ کا ازدواجی یا بزنس پارٹنر آپ کے خوش بختی کا باعث بن سکتا ہے۔

اسد (24 جولائی تا 23 اگست)

آپ کا سیارہ ایسے مقام سے گزر رہا ہے، جیسے پرانے دور میں خطرناک جنگل سے کوئی انسان گزرتا تھا۔ ایسے وقت میں آپ کا محتاط رہنا اور سوچ سمجھ کے قدم اٹھانا۔

دلو (21 جنوری تا 19 فروری)

وراثتی جائیداد اور جھگڑے بیدار ہو سکتے ہیں۔ آپ کے اعتماد میں بہتری آ چکی ہے اور آپ پہلے سے بہتر انداز میں اپنے کاموں کو سرانجام دے رہے ہیں۔

سنبلہ (24 اگست تا 23 ستمبر)

بچوں اور ازدواجی ساتھی کی صحت اور ان سے تعلقات میں خرابی ہو سکتی ہے۔ اس دورانیے میں آپ کو بیرون ملک سے مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔

حوت (20 فروری تا 20 مارچ)

آپ کی صحت کو پرانے اور نئے امراض متاثر کر سکتے ہیں۔ آپ کا زیادہ وقت تنہائی، اسپتال اور کمرے میں بند گزر سکتا ہے۔

معاشرتی بگاڑ پر مبنی ڈراموں کے فروغ کا سبب

سینئر اداکار محمود اختر نے انکشاف کیا ہے کہ مغرب سے آنے والے فنڈز ایسے ڈراموں کی تیاری میں استعمال ہو رہے ہیں جو معاشرتی بگاڑ کو فروغ دے رہے ہیں۔ محمود اختر نے حال ہی میں پروگرام 'گپ شپ وِد واسع چوہدری' میں شرکت کی، جہاں انہوں نے موجودہ ڈراما انڈسٹری اور معاشرتی رویوں پر کھل کر گفتگو کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پرانے وقتوں میں ڈراموں کی کہانیاں مضبوط اور بامقصد ہوا کرتی تھیں۔

پاکستانیوں کی سوچ کی وجہ سے میرا لباس مختصر ہوتا جا رہا ہے، سامعہ حجاب

سوشل میڈیا اسٹار سامعہ حجاب نے حیران کن الزام عائد کیا ہے کہ پاکستانی عوام کی سوچ کی وجہ سے دن بدن ان کا لباس مختصر ہوتا جا رہا ہے، ان کے کپڑے چھوٹے ہونے میں قوم کا قصور ہے۔ سامعہ حجاب کی وائرل ہونے والی مختصر ویڈیو میں انہیں قوم سے شکایت کرتے دیکھا اور سنا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں وہ یہ شکوہ بھی کرتی نظر آئیں کہ قوم نے ان کے ساتھ اچھا نہیں کیا، انہیں ملک سے باہر ٹھوکریں کھانے پر مجبور کر دیا جب کہ انہوں نے حکومت اور عوام کے ایک ہی ذہنیت اور ملے ہونے کا دعویٰ بھی کیا۔

گھبراہٹ کے باعث ایوارڈ شو میں ڈانس کے دوران سانس لینے میں دشواری ہوئی

اداکارہ رمشا خان نے انکشاف کیا ہے کہ حال ہی میں ہونے والے ہم ایوارڈز میں پرفارمنس کے لیے انہوں نے بھرپور اور مکمل تیاری کی تھی لیکن پرفارمنس کرتے وقت 8 ہزار لوگوں کو پنڈال میں دیکھ کر وہ گھبراہٹ کا شکار ہو گئیں اور ڈانس کرنے کے دوران انہیں سانس لینے میں دشواری پیش آئی۔ رمشا خان نے حال ہی میں دیے گئے ایک انٹرویو میں اسٹیج سمیت لوگوں کے سامنے پرفارمنس کرنے پر گھبراہٹ کے سوال پر اعتراف کیا کہ انہیں بھی گھبراہٹ ہوتی ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ کوئی بھی اداکار یہ نہیں کہے گا کہ ان کے ساتھی اداکار اچھے نہیں تھے لیکن وہ خوش قسمت رہی ہیں کہ انہوں نے جب بھی اداکاروں کے ساتھ کام کیا، وہ سب اچھے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے جتنے بھی ساتھی مرد اداکار تھے یا پھر ڈراموں میں ان کی ماؤں کا کردار ادا کرنے والی تمام اداکارائیں اچھی تھیں اور ان کے سب کے ساتھ بہتر تعلقات رہے ہیں۔



نیویارک کے نومنتخب میئر زہران ممدانی کی اہلیہ رما دواجی کا لباس توجہ کا مرکز

نیویارک کے نومنتخب میئر زہران ممدانی کی جیت کے موقع پر ان کی اہلیہ رما دواجی نے اپنے منفرد انداز سے تقریب میں سب کی نگاہیں اپنی جانب مبذول کر لیں۔ امریکا کے شہر نیویارک میں ایک تاریخی موقع اُس وقت رقم ہوا، جب 34 سالہ زہران ممدانی شہر کے میئر منتخب ہوئے۔ ڈیموکریٹک سوشلسٹ نظریات کے حامل زہران ممدانی نیویارک کے پہلے مسلمان اور جنوبی ایشیائی نژاد میئر بن گئے، وہ تقریباً ایک صدی میں اس عہدے پر فائز ہونے والے سب سے کم عمر شخصیت بھی ہیں۔ زہران ممدانی کا منشور سستی رہائش اور کثیر الثقافتی ہم آہنگی پر مبنی تھا، جو دنیا کے مہنگے اور مصروف ترین شہروں میں بے حد مقبول ہوا، انہیں 20 لاکھ سے زائد ووٹوں میں سے نصف سے کچھ زیادہ ووٹ حاصل ہوئے۔

بقیہ 1

سن رہی ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ بھارت کے حملے کے بعد جس طرح پاکستان نے جواب دیا اس کا کریڈٹ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور پوری مسلح افواج کو جاتا ہے۔انھوں نے کہا کہ بھارت کو شکست دینے کے بعد دنیا اب پاکستان کوایک تبدیل رویے کے ساتھ دیکھ رہی ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے زبردست لیڈر شپ فراہم کی،اب پوری دنیا پاکستان کی بات سن رہی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کی عوام کی طرف سے جو پیار ملا وہ کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی،کارکردگی میں شہباز شریف کا ریکارڈ نہیں توڑا بلکہ میں ان کی ایکسٹینشن ہوں۔مریم نواز شریف نے کہا کہ فخر کا مقام ہے کہ پنجاب اب گلوبل سطح پر جارہا ہے، پنجاب میں ڈیڑھ برس میں وہ کام ہوئے جنہیں اب گلوبل اسٹیج پر لے کر جا رہے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی شرح نیچے آئی ہے،خواتین خود کو محفوظ تصور کررہی ہیں، 51 فیصد خواتین اگر اپنا حصہ نہیں ڈالیں گی تو پاکستان ترقی کیسے کرے گا۔ایک سوال کے جواب میں مریم نواز نے کہا کہ ہتک عزت کے قوانین بنادیے ہیں اب کسی کی پگڑی نہیں اچھلے گی۔

بقیہ 2

خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ کو بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں۔انہوں نے خیبرپختونخوا کی گورننس پردیے گئے بیان میں کہا کہ کے پی پچھلے 12 سال سے کمپرومائزڈ صورتِ حال سے گزر رہا ہے۔ایمل ولی نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی، بے امنی اور طالبائزیشن ہے،مگر صوبے کے وزیراعلیٰ کو بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں، صوبے میں حکومت نظر ہی نہیں آرہی۔انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ عشقِ قوم والے ہوتے ہیں،ان کو اپنی زمین اور قوم سے عشق ہوتا ہے، کچھ ہوتے ہیں عشقِ ریاست والے جن کو ریاست اور ریاستی اداروں سے عشق ہوتا ہے۔سینیٹرایمل ولی خان نے کہا کہ اب ایک نئی نسل آگئی ہے،ان کو بانی پی ٹی آئی سے عشق ہے،ان کو نہ قوم کی پرواہ ہے، نہ ملک کی۔

بقیہ 3

سہیل آفریدی کے بیان پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے قابل افسوس اور پاکستان کے تشخص کے خلاف قرار دیا ہے۔اپنے بیان میں مولانا طاہر اشرفی نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ نے مساجد سے متعلق جو گفتگو کی وہ نہ صرف گمراہ کن ہے بلکہ پاکستان کے قومی وقار کو مجروح کرنے کی کوشش ہے،قومی سلامتی کے ادارے پر اس طرح کی الزام تراشی بھارت نے بھی نہیں کی، پاک فوج مساجد و مدارس کی محافظ ہے،ان کی اساس ایمان،تقوی اور جہاد فی سبیل اللہ پر قائم ہے،فوج نے دہشتگردی کے خلاف بڑی جنگ لڑی اور کامیابی حاصل کی، آج بھی وہ ملک پر مسلط جنگ کا مقابلہ کررہی ہے۔مولانا طاہر اشرفی نے کہا کہ پاک فوج کی مساجد میں دہشتگردی کے واقعات ہوئے لیکن وزیراعلی اوران کے ساتھیوں نے اس وقت کبھی کوئی بات نہیں کی جب مساجد سے لاشیں اٹھائی جارہی تھیں، پاکستان میں 70 فیصد دہشتگردی کے واقعات جمعے کے روز ہوئے، یہ مساجد کس کا ہدف تھیں؟۔انہوں نے پی ٹی آئی رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ وزیراعلی کو اس نوعیت کے بیانات سے باز رکھیں، سیاسی مخالفت میں اس حد تک جانا درست نہیں کہ ملک،قوم اور پاک فوج کے وقار کو نقصان پہنچے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلی خیبر پختونخواہ کا بیان حقیقت کے منافی اور صرف دشمن کے مفاد میں ہے، اس طرح کی گفتگو وزیراعلی کے منصب کے شایانِ شان نہیں۔

بقیہ 4

کے صدر سید واجد علی شاہ گیلانی سے ملاقات کے دوران کہی جنہوں نے وفد کے ہمراہ اسلام آباد میں ان سے ملاقات کی۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ جمہوریت کے استحکام اور عدلیہ کی آزادی میں وکلاء کی مثالی جدوجہد تاریخ کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری اور پیپلز پارٹی کا دل کا رشتہ ہے جسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔گورنر پنجاب نے کہا کہ وکلا برادری پاکستان پیپلز پارٹی کا ہراول دستہ ہیں۔گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے بہت کم وقت میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ۔انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو نے عالمی سطح پر انڈیا کا مکروہ چہرہ بے نقاب کیا۔گورنر پنجاب نے کہا کہ بلاول بھٹو نوجوان نسل کے ہیرو اور امید کی کرن ہیں۔انہوں نے کہا کہ پارٹی ورکرز میں سے ہوں اور پیپلز پارٹی کا جیالا ہوں ۔گورنر پنجاب نے کہا کہ انہوں نے سیاست کا آغاز پیپلز پارٹی سے کیا اور اختتام بھی پیپلز پارٹی سے ہی کریں گے۔علاوہ ازیں، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے سندھ پولیس آپریشن میں ڈاکو شاہنواز عرف شاہو اور اس کے 11 ساتھیوں کی ہلاکت پر سندھ حکومت کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ سندھ اور پنجاب دونوں صوبوں میں متعدد مقدمات میں مطلوب ڈاکو کے خلاف کامیاب آپریشن سندھ پولیس کی بڑی کامیابی ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ ہمیں اپنے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر فخر ہے ۔انہوں نے آپریشن کے دوران شہید ہونے والے پولیس

اہلکار کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 5

انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، دنیا کے 40 سے زائد ممالک کے پارلیمانی رہنما شرکت کریں گے۔جمعہ کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق مشیر چیئرمین سینیٹ میاں خرم رسول نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ اور بانی چیئرمین انٹر پارلیمنٹری سپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) سید یوسف رضا گیلانی کے وژن اور رہنمائی کے مطابق کانفرنس کے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، چیئرمین سینیٹ خود روزانہ کی بنیاد پر کانفرنس سے متعلق تیاریوں اور انتظامی امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انٹر پارلیمنٹری سپیکرز کانفرنس پاکستان کے لئے ایک تاریخی اور سفارتی سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے جس میں دنیا کے 40 سے زائد ممالک کے سپیکرز، ڈپٹی سپیکرز اور پارلیمانی نمائندگان کی شرکت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کانفرنس امن،سکیورٹی اور ترقی کے فروغ کے موضوع پر اسلام آباد میں 11 تا 12 نومبر 2025 کو منعقد ہورہی ہے۔میاں خرم رسول نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو اپریل 2025 میں سیول، جنوبی کوریا میں ہونے والے اجلاس کے دوران انٹر پارلیمنٹری سپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کا بانی چیئرمین متفقہ طور پر منتخب کیا گیا تھا،دنیا بھر کے پارلیمانی رہنماؤں نے متفقہ طور پر سید یوسف رضا گیلانی کو اس منصب کے لئے منتخب کیا، یہ انتخاب عالمی پارلیمانی برادری کے پاکستان پر اعتماد اور احترام کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ کانفرنس کے دوران مختلف سیشنز میں پارلیمانی سفارتکاری سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا ۔ مزید برآں اجلاس میں ماحولیاتی اقدامات، پائیدار ترقی اور وسائل کی مساوی تقسیم سے متعلق عملی تجاویز بھی زیرِ غور آئیں گی، باہمی تعاون کے نئے فریم ورکز پر بھی مشاورت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا وژن ایک پرامن، باہمی جڑے ہوئے اور ترقی یافتہ عالمی معاشرے کی تشکیل پر مبنی ہے، پارلیمانوں کا کردار محض قانون سازی تک محدود نہیں بلکہ امن، استحکام اور پائیدار ترقی کے فروغ میں فعال شراکت داری پر مشتمل ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والی یہ عالمی کانفرنس پاکستان کے پارلیمانی تشخص، بین الاقوامی وقار،اور سفارتی کردار کو مزید اجاگر کرے گی۔

بقیہ 6

قابو پانے کی ذمہ داری افغانستان پر عائد ہوتی ہے۔عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ افغان طالبان دوحہ امن معاہدے 2021 کے مطابق اپنے بین الاقوامی، علاقائی اور دوطرفہ وعدوں کی تکمیل میں اب تک ناکام رہا ہے جبکہ پاکستان اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ وہ افغان عوام سے خیرسگالی کا جذبہ رکھتا ہے اوران کے لیے ایک پرامن مستقبل کا خواہش مند ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان طالبان حکومت کے ایسے اقدامات کی حمایت نہیں کرے گا جو افغان عوام یا پڑوسی ممالک کے مفاد میں نہ ہوں اور پاکستان اپنے عوام اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔خیال رہے کہ ترکیے کے شہر استنبول میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی کے دوران مذاکرات کا تیسرا دور گزشتہ روز شروع ہوا تھا، جس میں پاکستان اور افغانستان کے اعلیٰ سطح کے عہدیدار شریک ہیں۔ترکیے اور قطر کی ثالثی میں گزشتہ ماہ بھی دوحہ کے بعد استنبول میں مذاکرات ہوئے تھے اور اس دوران جنگ بندی جاری رکھنے پر اتفاق ہوا تھا

بقیہ 7

میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی دعوت پر وزیراعظم باکو میں منعقدہ یومِ فتح کی تقریبات میں شریک ہوں گے۔دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف صدر الہام علیوف سے ملاقات بھی کریں گے جس میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا اور تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، دفاع، تعلیم اور علاقائی روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے نئے امکانات پر بات چیت ہوگی۔ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہیں، جو مشترکہ عقیدے، تاریخ، ثقافت اور باہمی اعتماد پر مبنی ہیں۔دونوں ممالک علاقائی اور بین الاقوامی فورمز جیسے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی)، اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) اور اقوام متحدہ میں بھی قریبی اشتراک رکھتے ہیں۔وزیراعظم کا یہ دورہ آذربائیجان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کے اعادے اور دونوں برادر ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کا باعث بنے گا۔

بقیہ 8

نے صبح فیملی کے ہمراہ پارک لین پرواک کی اور بعدازاں بچوں کے ساتھ مقامی ریسٹورنٹ میں ناشتہ کیا، اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب بھی اُن کے ہمراہ تھیں۔دوسری جانب مریم نواز برازیل کیلئے روانہ ہوئیں، وہ برازیل میں کوپ 30 کانفرنس میں شرکت کریں گی۔

بقیہ 9

جبکہ یہ سہولت گھر کی دہلیز پر فراہم کی جائے گی۔صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے معذور افراد کو بااختیار بنانا حکومتِ پنجاب کا مشن ہے۔ایپ کے ذریعے فیلڈ افسران بھی درخواستوں کی رجسٹریشن اور مانیٹرنگ کرسکیں گے،جبکہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے تمام فیلڈ افسران کو ایپ انسٹال کرنے اور آگاہی مہم تیز کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔

بقیہ 10

آیت اللہ علی خمینی اور صدر مسعود پزشکیان کیلئے عزت و تکریم اور خیر سگالی کے پیغامات دیئے۔وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک ریاستی دہشت گردی اور خود مختار ممالک کے خلاف بلا اشتعال حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، پاکستان اور ایران بدقسمتی سے دہشت گردی کا شکار رہے ہیں،دونوں ممالک پوری دنیا کیلئے امن و خوشحالی اور علاقائی تعاون کے علمبردار ہیں۔شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اور ایران مسلم امہ کے اتحاد و یگانگت کیلئے مشترکہ عزم رکھتے ہیں، پاکستان ایران کے ساتھ باہمی مفاد کے مختلف شعبوں بالخصوص معاشی تعاون اور دوطرفہ تجارت کو بڑھانے کا خواہش مند ہے۔سپیکر ایرانی پارلیمنٹ ڈاکٹر باقر نے وزیراعظم،حکومت اور پاکستان کی عوام کا حالیہ ایران اسرائیل جنگ میں بھرپور تعاون اور حمایت پر دلی اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ ایران اسرائیل جنگ میں پاکستان کی حمایت کو ایرانی عوام کی تحسین اور خصوصی پذیرائی حاصل ہے، پاکستان اور ایران دنیا کے امن اور مسلم امہ کے اتحاد پر یقین رکھتے ہیں۔ڈاکٹر باقر قالیباف نے پاکستانی پارلیمنٹ کے ساتھ مثبت تعاون کو سراہتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کا خصوصی شکریہ ادا کیا، انہوں نے پاکستان کے ساتھ مختلف شعبوں بشمول معیشت اور تجارت میں تعاون کو مزید بڑھانے کے ایرانی عزم کا اظہار کیا۔ایرانی سپیکر نے ایران کے صدر مسعود پزشکیان کی طرف سے وزیراعظم اور پاکستانی عوام کیلئے جذبہ خیر سگالی کا بھی اظہار کیا، انہوں نے پاکستان میں دورے کے دوران مہمان نوازی پر بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور وزیراعظم کے خصوصی برائے خارجہ امور سید طارق فاطمی بھی ملاقات میں موجود تھے

بقیہ 11

افروز قیادت اور اس کے بامعنی اقدام کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں، شہزادی سبیکہ بنتِ ابراہیم الخلیفہ گلوبل ایوارڈ برائے خواتین کی بااختیاری کی تقریب میں شرکت باعثِ اعزاز ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا میں صنفی مساوات کو فروغ دینے اور خواتین کو بااختیار بنانے کی کوشش کو سراہتے ہیں، یہ ایوارڈ خواتین کی شمولیت، انصاف اور مواقع کی نمائندگی کرتا ہے۔آصفہ بھٹو نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا صرف انصاف کا تقاضہ نہیں بلکہ یہ پائیدار ترقی کے دروازے کھلنے کی کنجی ہے، محترمہ فاطمہ جناح سے لے کر شہید بےنظیر بھٹو تک خواتین کی پُرعزم قیادت میسر رہی ہے، ان کی قیادت نے ناصرف سیاست بلکہ پاکستان کے معاشرتی ڈھانچے کو بھی بدل دیا۔انہوں نے کہا کہ شہید بے نظیر بھٹو نے اسلامی دنیا کی پہلی خاتون وزیرِاعظم منتخب ہوکر دنیا میں خواتین کی قیادت کے معنی بدل دیے، انہوں نے لیڈی ہیلتھ ورکر پروگرام اور لڑکیوں کی تعلیم جیسے اقدامات کیے۔خاتونِ اوّل آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید بےنظیر بھٹو کی زندگی آج بھی ایک مصنف اور خوش حال قوم کا خواب دیکھنے والے ہر پاکستانی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

بقیہ 12

بات ہوئی تھی ان کی گرفتاری نہیں ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حامد رضا نے خود کو سرینڈر کیا ہے، یہ ان کی اپنی مرضی اور فیصلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ حامد رضا کا ایک ہی کیس ہے ان پر جو الزام لگایا ہے وہ بے بنیاد ہے۔انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی۔ ملاقات ہوگی، تیمارداری بھی ہوگی تو اچھی خبریں آئیں گی۔

بقیہ 13

جانے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کردی ۔شیخ رشید احمد نے اپنے وکیل سردار عبدالرزاق خان کے توسط سے لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ میں درخواست دائر کی ۔درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ عدالتی حکم ہونے کے باوجود امیگریشن حکام نے عمرہ کے لئے سفر کرنے کی اجازت نہیں دی۔حکام کے یہ اقدام توہین عدالت کے زمرے میں آتا ہے، استدعا ہے ذمہ داران کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائی جائے ۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس صداقت علی خان نے شیخ رشید احمد کو عمرہ کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب روانہ ہونے کی اجازت دی تھی تاہم جمعرات کے روز انہیں ائیر پورٹ پر سعودی عرب سفر سے روک دیا گیا تھا۔

بقیہ 14

اور علی محمدی ناہجی شامل تھے۔اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی پی آر فرید احمد بھی موجود تھے۔وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ایرانی وفد کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران سے تشریف لانے والے معزز مہمانوں کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے بیرون ملک روانگی سے قبل خصوصی ہدایت کی تھی کہ ایران مہمانوں کی مہمان نوازی میں کوئی کمی نہ رکھی

جائے۔ پاکستان اور ایران برادر اسلامی ممالک ہے۔، پاکستان اور ایران میں مذہبی اور ثقافتی گہری مماثلت رکھتی ہیں۔ایران اور پاکستان مل کر علامہ اقبال کا دن منائیں گے۔علامہ اقبال کو پاکستان کی طرح ایران میں بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔یوم اقبال کے موقع پر منعقد ہونے والی تقریب الحمدللہ یادگار ثابت ہوگی۔اس تقریب کی تیاری اور ڈیزائننگ میں محکمہ اطلاعات وثقافت پنجاب نے بھرپور محنت کی ہے۔اس تقریب کے انعقاد کیلئے ایرانی قونصل جنرل آفس نے بھی تعاون فراہم کیا۔یہ دن پاک ایران دوستی کے ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہوگا۔جلد ہی پاکستان، بالخصوص پنجاب کے صحافیوں کا ایک وفد ایران کا دورہ کرے گا۔جس سے میڈیا اور ثقافت کے میدان میں باہمی تعلقات کو مزید فروغ دیا جاسکے گا۔یہ دن پاک ایران دوستی کے ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہوگا۔ جلد ہی پاکستان، بالخصوص پنجاب کے صحافیوں کا ایک وفد ایران کا دورہ کرے گا۔جس سے میڈیا اور ثقافت کے میدان میں باہمی تعلقات کو مزید فروغ دیا جاسکے گا۔

بقیہ 15

فری سکول میل کے فیصلے کی توثیق کی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق آٹسٹک معصوم بچوں کی فری تھراپی، فری بکس،فری پک اینڈ ڈراپ اور کھانا دیا جائے گا۔ مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم پاکستان کا پہلا اسٹیٹ آف دی آرٹ سرکاری ادارہ جس میں آٹسٹک بچوں کو عالمی معیار کی تعلیم اور تھراپی اب بالکل مفت دی جائے گی۔اسکول میں پک اینڈ ڈراپ کی سہولت بھی حکومت کی جانب سے بالکل فری دستیاب ہوگی۔اوپن جم،سینڈ تھراپی (SandTherapy)،سینسوری گارڈن (SensoryGarden) اور واکنگ ٹریک کی سہولت بھی فری ہوگی۔ بورڈ اجلاس میں مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر فار آٹزم میں داخلوں اور سٹاف بھرتی کا عمل فوری شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے وزیراعلی مریم نواز شریف کے وژن کو خراج تحسین کیا اور مریم نواز اسکول فار آٹزم کے قیام پر اظہار تشکر کیا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اجلاس میں جدید ترین آٹزم اسکول اور عالمی معیار کی سروسز ایک چھت تلے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ پاکستان میں آٹسٹک بچوں کے لئے پہلے سرکاری آٹزم اسکول میں تعلیم اور بحالی کی خدمات بالکل مفت فراہم کرنے کے فیصلے کی توثیق کی گئی۔ ایوننگ شفٹ میں سیلف فنانسنگ پر آٹسٹک بچوں کو تھراپی سروسز کی سہولت بھی دی جائے گی۔ سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ، سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ اور سیکرٹری ایجوکیشن نے اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری فنانس اور سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن بھی بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 16

بتایا کہ ملاقات کرنے والے ریٹائرڈ ڈی ایس پیز میں ناصر وحید،محمد اشرف، ذوالفقار علی،محمد ادریس، طارق آصف رانجھا،محمد آصف، ظفر اقبال،محمد آصف، عامر حسین، محمد نواز اور عبدالمجید شامل تھے۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ ریٹائرڈ پولیس افسران کی محکمہ سے وابستگی اور خدمات لائق تحسین ہیں۔محکمہ ریٹائرڈ اہلکاروں کے پنشن، جی پی فنڈ اور دیگر مسائل کے فوری حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ریٹائرڈ پولیس افسران کا وسیع تجربہ لاء اینڈ آرڈر کنٹرول، انویسٹی گیشن اور ٹریننگ کے میدان میں فورس کیلئے رہنمائی فراہم کریں۔ دہشت گردی اور شدت پسندی پر قابو پانے کے لیے بھی ریٹائرڈ افسران کے تجربات اور تجاویز سے استفادہ کیا جائے۔ریٹائرڈ افسران نے محکمہ پولیس کی جانب سے عزت افزائی پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا شکریہ ادا کیا۔ملاقات کے موقع پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ڈاکٹر محمد عابد خان، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کیپٹن (ر) لیاقت علی ملک، اور ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب محمد علی نیکوکارا سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 17

ہوگی۔حکومت کے ویژن کے مطابق صوبہ بھر کی مساجد و مزارات میں بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنادیا۔عام آدمی کو ریلیف دینے کے لیے ریاست پوری طرح مستعد ہے۔ مساجد و مزارات اسلامی سوسائٹی کا نیوکلس اور مدار ہیں، جن کی اہمیت ہر دور میں مسلمہ اور معتبر رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ صوفیا نے تعمیر ملت کا فریضہ نہایت خلوص اور جانفشانی سے سرانجام دیا، ان کی خانقاہوں سے متصل مساجد و مدارس سے دینِ اسلام کی ترویج وترقی کا کام احسن طریقے سے ادا کیا گیا،جس کے سبب آج خطے میں کروڑہا مسلمان اللہ تعالی کی وحدانیت،رسول اللہ ﷺ کی رسالت اور اسلام کی صداقت کا علم بلند کئے ہوئے ہیں۔افتتاحی تقریب میں زونل ایڈ منسٹریٹر اوقاف لاہور زون (ویسٹ) ایاز لاشاری،مینیجر اوقاف سرکل نمبر 5 لاہور گوہر مصطفی، چیئرمین امور مذہبیہ کمیٹی جامع مسجد نورانی اور مسجد کمیٹی کے ممبران سمیت نمازیان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیکرٹری اوقاف نے اس موقع پر معزز شہریوں و نمازیان سے ملاقات کی اور محکمہ سے متعلقہ امور بارے موقف سماعت کرتے ہوئے، محکمانہ قواعد وضوابط کے مطابق تمام وقف پراپرٹیز کے معاملات کو بہتر سے بہتر

انداز میں چلانے اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام الناس کو سہولیات فراہم بارے ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 18

نے کہا کہ لاہور رنگ روڈ کے تمام الیکٹرک پولز فنکشنل ہیں جبکہ خراب حصوں پر اسفالٹ کا کام رات گئے بھی جاری ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ ایل ای ڈی لائٹس کی تنصیب، بیوٹیفکیشن اور سیفٹی ورک کا کام تیزی سے جاری ہے تاکہ عوام کو محفوظ اور خوشگوار سفر کی سہولت میسر آ سکے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹال پلازہ، ای چالان اور ایکسل کنٹرول کو مکمل طور پر فنکشنل کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاہور رنگ روڈ پر ماڈرن کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے قیام پر بھی کام جاری ہے جس سے مانیٹرنگ، ٹریفک کنٹرول اور سکیورٹی سسٹم میں مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ 19

نے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔گرفتار ہونے والے ملزم کی شناخت انیس احمد شاہ کے نام سے ہوئی ہے اور ان کا تعلق بھکر سے ہے، ان کے خلاف مقدمہ بھی درج کرلیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق ملزم کے قبضے سے ایک ٹیرابائٹ کی ہارڈ ڈسک برآمد ہوئی ہے جس میں کروڑوں پاکستانیوں کا ڈیٹا موجود تھا۔ذرائع کے مطابق ملزم نے یہ ڈیٹا بلیک مارکیٹ سے خریدا تھا اور اس ڈیٹا کے ذریعے 10 سے زائد ویب سائٹس چلا رہا تھا جہاں یہ ڈیٹا کو فروخت کر رہا تھا۔ذرائع نے بتایا کہ ملزم انیس احمد شاہ کو گرفتار کرکے اس سے مزید تفتیش کی جارہی ہے جبکہ اس وقت بھی انٹرنیٹ پر کئی ایسی ویب سائٹس موجود ہیں جو اس طرح کا ڈیٹا بیچ رہی ہیں۔

بقیہ 20

کرتے ہوئے کیا۔تقریب حکومت پنجاب کی جانب سے مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے کیے گئے اقدامات کے اعتراف تشکر کے طور پر منعقد کی گئی۔سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ موجودہ لیبر قوانین ناکافی ہیں اوران میں بہتری لانا ناگزیر ہے تاکہ مزدور کو مکمل قانونی تحفظ فراہم کیا جاسکے۔ وہ ایک مضبوط ارادے اور نیک نیتی کے ساتھ یہ عزم کرتے ہیں کہ مزدور طبقے کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے منشا اللہ بٹ کو صوبائی وزیر محنت اور شافع حسین کو وزیر صنعت تعینات کیا ہے، جنہیں بخوبی علم ہے کہ صنعت مزدور کے بغیر بے معنی ہے۔صوبائی وزرا مزدوروں کی فلاح کے لیے بھرپور اقدامات کریں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ مزدور کی طاقت دراصل عوامی طاقت ہے اور مزدور کی حرمت وہی جانتے ہیں جو ترقی کے سفر کو سمجھتے ہیں۔اگر ملک کو حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے تو مزدور کی ترقی کو یقینی بنانا ہوگا۔آخر میں سپیکر ملک محمد احمد خاں نے یقین دلایا کہ مزدور کا استحصال کسی صورت نہیں ہونے دیا جائے گا اور اسے اس کا جائز حق ہر قیمت پر دلایا جائے گا۔

بقیہ 21

جمعہ کو جے سیون مال چکوال کے ڈائریکٹر کرنل سید جمشید شاہ اور سید علی اصغر کے بڑے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ انتظامی افسران سے انصاف کی توقع رکھنا خام خیالی ہے، عدلیہ بہت کمزور ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان افغانستان مذاکرات کی بحالی مثبت عمل ہے، کیونکہ افغانستان کیساتھ جنگ سے ہر صورت بچا جائے کیونکہ افغانستان سے جنگ سے دہشتگردی کو فروغ ملے گا کیونکہ جنگ طویل ہوئی تو بھارت یقینی طور پر ہتھیار افغانستان کو فراہم کرے گا۔انہوں نے کہا کہ پاک افغانستان مذاکرات کامیاب کرنے کیلئے جرگے کی خدمات بھی حاصل کی جانی چاہیں۔کرنل سید جمشید شاہ اور علی اصغر شاہ سے تعزیت کرنے والوں کا تانتا بندھا رہا۔

بقیہ 22

ایوبوو، آذربائیجان کے اول نائب وزیر خارجہ فریز رضایوو، آذربائیجان میں تعینات پاکستان کے سفیر قاسم محی الدین اور سفارتی عملے نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔سرکاری اعلامیے کے مطابق وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ بھی وزیر اعظم کے ہمراہ ہیں، دورے کے دوران وزیراعظم کی آذربائیجان کے صدر الہام علیو سے دوطرفہ ملاقات بھی ہوگی۔

بقیہ 23

تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ کوئی بھی نظام بلدیات پر شب خون نہ مار سکے، ترمیم سے عدلیہ کی آزادی اور غیر جانبداری کو مزید تقویت ملے گی، ترمیم سے صوبائی خودمختاری اور وفاقی توازن مضبوط ہوگا جبکہ الیکشن کمیشن کو مزید خودمختار اور موثر ادارہ بنایا جارہا ہے،قرارداد کے متن میں کہا گیا کہ یہ ترمیم کوئی انقلاب نہیں بلکہ ادارہ جاتی ارتقاء ہے ،آئینی اصلاحات پر وزیر اعظم پاکستان خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ 27 ویں آئینی ترمیم پاکستان کے اداروں کے استحکام کا سنگ میل ثابت ہوگی۔

بقیہ 24

ہوئے۔شرکاء کا تعلق حکومت، سیاسی جماعتوں، مذہبی کمیونٹیز، تھنک ٹینکس اور میڈیا سمیت مختلف شعبوں سے تھا۔اجلاس کے دوران شرکاء نے چین اور پاکستان میں ہونے والی ترقی کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کیا،

چین۔پاکستان دوستی کی دل کو چھو لینے والی کہانیاں بیان کیں اور مستقبل میں تعاون کے امکانات پر گفتگو کی۔ دونوں جانب سے اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ چین اور پاکستان میں جاری جدیدیت کے عمل نے تعاون کے وسیع مواقع فراہم کیے ہیں۔خاص طور پر چین کے پندرہویں پانچ سالہ منصوبے میں پیش کردہ تجاویز جس میں مشترکہ مستقبل کی حامل انسانیت کی کمیونٹی کی تعمیر، بیلٹ اینڈ روڈ کے اعلیٰ معیار کے تعاون کو فروغ دینا اور اعلیٰ سطح کی بیرونی کھلے پن کو بڑھانا شامل ہے۔چین اور پاکستان کے درمیان مشترکہ مستقبل کی کمیونٹی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اہم مواقع فراہم کرتی ہیں۔یہ اقدامات سی پیک کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لیے مضبوط محرک اور دونوں ممالک کو معاشی عالمگیریت کے فروغ میں مشترکہ کردار ادا کرنے کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔دونوں ممالک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آہنی بھائی چارے کو مزید آگے بڑھایا جائے گا،عملی تعاون کو مستحکم کیا جائے گا اور مشترکہ طور پر ایک روشن مستقبل کی تعمیر کے لیے ساتھ کام کیا جائے گا۔

بقیہ 25

اور پارٹیوں کے درمیان مثبت تعلقات قائم رکھے۔گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ پاکستان مسلم لیگ ق کے مرکزی سیکرٹری جنرل ومعاون خصوصی وزیراعلیٰ سندھ محمد طارق حسن کی رہائش گاہ آمد کے موقع پر بات چیت کر رہے تھے۔ جہاں مسلم لیگ ق سندھ کے صدر سرائی نیاز حسین اور طارق حسن کے بیٹے احمد حسن وحماد حسن نے ان کا باوقار استقبال کیا۔سید مہدی شاہ نے طارق حسن کو حال ہی میں عمرہ کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا خوبصورت گلدستہ پیش کیا، جس پر محمد طارق حسن نے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے ملکی ترقی، سیاسی امور اور عوامی خدمت کے مختلف شعبوں پر تفصیلی بات چیت کی۔ گورنر سید مہدی شاہ نے کہا کہ ایسی ملاقاتیں سیاسی قیادت کے درمیان اعتماد اور عوامی خدمت کے جذبے کو فروغ دیتی ہیں اور ملک میں مثبت سیاسی ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔سرائی نیاز حسین نے اس موقع پر کہا کہ گورنر گلگت بلتستان کا یہ دورہ مسلم لیگ ق کے لیے اعزاز کا سبب ہے اور پارٹی کے قائدین و کارکنان کے لیے حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ مضبوط رابطے عوامی خدمت کے فروغ اور پارٹی کی مقبولیت کے لیے اہم ہیں۔محمد طارق حسن نے بھی اس ملاقات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنر کے اس احترام بھرے دورے سے پارٹی کے رہنماؤں میں جوش و ولولہ پیدا ہوا ہے اور یہ عوامی خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے تعلقات سیاسی قیادت اور عوام کے درمیان مضبوط رابطے قائم کرتے ہیں اور پارٹی کی ساکھ اور اعتماد میں اضافہ کا سبب بنتے ہیں۔اس موقع پر طارق حسن کے اہل خانہ اور مسلم لیگ ق کے دیگر رہنما بھی موجود تھے، جنہوں نے گورنر کی آمد کو خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ یہ ملاقات نہ صرف سیاسی تعلقات کو مضبوط کرے گی بلکہ عوام کی خدمت اور ترقی کے منصوبوں میں بھی مثبت کردار ادا کرے گی۔ گورنر نے پارٹی رہنماؤں کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ وہ ہمیشہ عوامی خدمت اور ترقی کے اقدامات میں رہنماؤں کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ 26

ہماری پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ارکان پارلیمنٹ نے شرکت کی ۔ انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم کی بحث پر سر جوڑ کر بیٹھے اور سوچا، اب تک کوئی مسودہ منظر عام پر نہیں آیا، ان کی جزیات پر بات نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ کچھ اصولی طور پر طے کیا ہے 26 ویں ترمیم میں حکومت 35 شقوں سے دستبردار ہوئی تھی ،اگر انہی شقوں میں کوئی چیز 27 ویں ترمیم کے ذریعے پاس کی جاتی ہے تو یہ پارلیمنٹ کی اور آئین کی توہین سمجھیں گے ،آپ جن سے کل دستبردار ہوئے تھے آج آپ اس کو پاس کرائیں گے کیا یہ پارلیمنٹ ربڑ سٹیمپ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم میں طے ہوا تھا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر بحث ہوگی مگر ایسا سال میں نہیں ہوا، سود کے حوالے سے جہاں یکم جنوری 2028ء سے خاتمہ ہونا ہے اسکی کوئی پیش رفت نظر نہیں آرہی ۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس کی رجسٹریشن کا معاملہ بھی لٹکا ہوا ہے، مدارس کے ہاتھ مروڑ کر وزارت تعلیم کے ساتھ رجسٹر کرانے کی کوشش کررہی ہے ،18 ویں ترمیم کے تحت جو صوبوں کو اختیار دیئے گئے ہیں وہ کم کئے گئے تو ہم دفاع کریں گے ۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے جو باتیں چل رہی ہیں، صوبوں کے حق میں اضافہ ہوسکتا ہے کمی نہیں ،صوبائی حق پر ڈاکہ ڈالا گیا تو مخالفت کی جائے گی۔صحافی نے سوال کیا کہ کیا 243 میں جو ترامیم لائی جارہی ہیں کیا 26 ویں ترمیم میں یہ شامل کی گئی تھیں؟ کیا اب اس کی مخالفت کریں گے ۔ مولانا فضل الرحمٰن نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر ملکی سیاست، جمہوریت پر منفی اثرات پڑے گا تو اس کی مخالفت کریں گے ،اگر انتظامی طور پر کچھ اختیار دیا گیا تو اس پر حمایت کرسکتے ہیں، ہم نے 26 ویں آئینی

ترمیم بہت محنت کیساتھ 35 نکات ڈراپ کروائے گئے ،اس پارلیمان پر بہت سے سوالات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک طبعی، فطری نظام بنانے کی ضرورت ہے،غیر طبعی وغیر فطری نظام مت لائیں، طاقت کا بے جا استعمال نہیں ہونا چاہیے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان دو پڑوسی مسلم ملک ہیں چاہتے ہیں معاملات افہام وتفہیم سے حل ہوں ۔انہوں نے کہا کہ معلوم نہیں مسودہ کہاں ہے اور کس نے بنایا ، یہ مجھ سے مت پوچھیں۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے موقع پر متفقہ منظور کیا گیا کیونکہ ایجنڈا لمبا تھا اور 17 ویں ترمیم کو مسترد کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی چیئرمین نے جو بات کی تو پھر اس سے بیٹھ کر بات ہوگی کہ ایک کیوں قبول کی باقی کیوں مسترد کیں؟ ،ابھی تک پیپلز پارٹی کیساتھ کوئی ملاقات ابھی ایجنڈا میں نہیں اگر ضرورت محسوس ہوئی تو ضرور ملیں گے۔

بقیہ 27

باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے متعارف کرایا گیا ہے۔ پروگرام کے تحت آئی ٹی اور کمپیوٹر سائنس کے گریجویٹس کو جدید مارکیٹ اسکلز اور ٹیکنالوجیز میں تربیت دی جائے گی جبکہ انٹرنز کو ماہانہ 50 ہزار روپے وظیفہ بھی دیا جائے گا۔اہلیت کے لیے امیدواروں کو آئی ٹی یا کمپیوٹر سائنس کی ڈگری گزشتہ چار سال کے اندر مکمل کی گئی ہو، امیدوار کا پنجاب ڈومیسائل ہو،اس کے علاوہ شناختی کارڈ درست اور قابلِ تصدیق ہو۔

بقیہ 28

شیراز اور والدہ امیراں بی بی شامل ہیں جبکہ بچوں کا والد غلام رضا تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا۔اس واقعہ کے خلاف مشتعل افراد نے مہران ہائی وے کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بلاک کردیا

بقیہ 29

ایسا بیان محب وطن نہیں دے سکتا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے ہرزہ سرائی کرکے ازلی دشمن کو خوش کرنے کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کی پوری دنیا اور قوم معترف ہے اور خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کے جوان سب سے زیادہ شہید ہوئے۔محسن نقوی نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے احسان فراموشی کی حدیں پار کیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو اشتعال انگیز بیان پر قوم سے معافی مانگنی چاہیے۔

بقیہ 30

بتایا کہ گزشتہ روز پی آئی اے کے ڈیٹا سینٹر میں آگ سے یو پی ایس بیٹری متاثر ہوئی ہے ۔دوسری جانب تاحال انٹرنیٹ سروس معطل ہونے سے پی آئی اے کے کراچی دفاتر میں انٹرنیٹ سروس بحال نہیں ہوئی، جس سے عملے کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

بقیہ 31

کہ جرمنی ایک قابلِ اعتماد شراکت دار ہے جس نے پاکستان کی سماجی و معاشی ترقی میں ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ پنجاب شفاف طرزِ حکمرانی، پائیدار ترقی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور اس حوالے سے دوطرفہ تعاون مزید گہرا کیا جاسکتا ہے۔سپیکر ملک محمد احمد خاں نے تعلیم،صحت اور تکنیکی تربیت کے شعبوں میں جرمنی کی معاونت کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ قابلِ تجدید توانائی، آئی ٹی اور صنعتی شعبوں میں بھی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان۔جرمنی کلائمیٹ پارٹنرشپ معاہدے کی جلد تکمیل دونوں ممالک کے مفاد میں ثابت ہوگی۔اس موقع پر جرمنی کی سفیر اینا لیپل نے کہا کہ جرمنی پاکستان کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور تعلیم، توانائی، ماحولیات اور ہنرمندی کی تربیت کے شعبوں میں تعاون جاری رکھا جائے گا۔انہوں نے پارلیمانی سفارت کاری اور مشترکہ ترقیاتی منصوبوں میں شراکت داری کو مزید آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ملاقات میں باہمی تعاون کو فروغ دینے اور دونوں جانب ادارہ جاتی سطح پر روابط مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 32

والے عناصر کو بے نقاب کرنا ہماری ذمے داری ہے، دشمن جھوٹا پروپیگنڈا کرنے والوں کو فنڈنگ کررہا ہے۔نوجوان نسل بغیر تصدیق کوئی بھی مواد سوشل میڈیا پر شیئر نہ کریں۔طارق فضل چوہدری نے کہا کہ دھیر کوٹ باغ اسپتال میں زخمی اہلکار کو لے جانے والی گاڑی پر حملے کی وڈیو کو منفی انداز میں پیش کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے 5 رکنی کمیٹی کو مظفرآباد بھیجا، ہم نے تحریری معاہدہ کیا، ہم دل سے کشمیریوں کی عزت کرتے ہیں جسے کم نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 33

واضح کیا ہے کہ آرٹیکل 243 کی حمایت کریں گے۔چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ اگر آرٹیکل 243 میں ترمیم کا نقصان سول بالادستی اور جمہوریت کو ہوتا تو میں خود اس کی مخالفت کرتا، میں حمایت اس لیے کررہا ہوں کیونکہ اس سے کوئی نقصان نہیں ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جنگ جیتنے کے بعد حکومت نے جو فیصلے کیے، اس کا پاکستان کو احترام ملا ہے اور اب وہ آئینی اور قانونی کور دیا جارہا ہے تو پاکستان پیپلز پارٹی کھل کر حمایت کررہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا

کہ جہاں تک این ایف سی اور دیگر سوالات ہیں تو اس پر اتفاق رائے ہے اگر دوسری جماعتوں سے مدد لینی پڑی تو خوشی خوشی ان سے رابطہ کریں گے۔ان کا کہنا تھا کہ آئینی عدالتیں بھی پیپلز پارٹی کا ہی انیشیٹو ہے، میثاق جمہوریت میں بھی آئینی عدالتوں کا ذکر ہے، آئینی عدالتیں بھی بننی چاہئیں لیکن میثاق جمہوریت کے دوسرے نکات پر بھی عمل کیا جائے۔چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ آئین کے مطابق ججوں کے تبادلے چیف جسٹس کے مشورے کے ساتھ صدر مملکت کرتا ہے تاہم ترمیم کے بعد پارلیمانی کمیٹی ججوں کے تبادلے کرے گی۔ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کا مشورہ ہے کہ جس کورٹ سے جج کا تبادلہ ہورہا ہو تو دونوں چیف جسٹس صاحبان کو کمیٹی کا رکن بنا دیں، پھر وہ کمیشن ججوں سے پوچھ بھی سکے گا۔بلاول بھٹو نے کہا کہ دہری شہریت اور الیکشن کمشنر، ایگزیکٹو مجسٹریٹس کے حوالے سے ترمیم پر ہمارا اتفاق نہیں ہوا اور اہم ان نکات پر حمایت نہیں کریں گے۔

بقیہ 34

صوبے میں انصاف کی فراہمی اور تفتیشی نظام میں مزید بہتری آئے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز کی زیر قیادت صوبہ بھر میں جرائم پر قابو پانے کے لیے متعدد اقدامات کئے جارہے ہیں جسکی وجہ سے کرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے جبکہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے پولیس کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے اور امید ہی کہ آپ کی زیرنگرانی پولیس کے جوان مزید تندہی سے کام کر کے پولیس کا مثبت پہلو اجاگر کرتے رہیں گے۔اس موقع پر بیرسٹر عمیر سیف کھوکھر کے ہمراہ وفد میں پی ایس ٹو منسٹر رانا سہیل، رفاقت ریاض اور پروفیسر اشرف بھی موجود تھے۔

بقیہ 35

لاہور چیمبر نے کہا کہ نئے چیئرمین ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی نے عہدہ سنبھالتے ہی یہ تجویز پیش کی انہیں اس حوالے سے پنجاب کے کاروباری طبقے پر اس کے اثرات کا جائزہ لینا چاہیے۔لاہور چیمبر نے وضاحت کی کہ اگرچہ ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی کا ہیڈ آفس کراچی میں ہے مگر پنجاب میں موجود ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز، جیسے سیالکوٹ اور گوجرانوالہ کے معاملات ہمیشہ لاہور آفس سے چلائے جاتے رہے ہیں۔اس آفس کی بندش سے انتظامی مسائل پیدا ہوسکتے ہیں اور پنجاب کی صنعتوں کے ساتھ رابطہ ختم ہوسکتا ہے۔لاہور چیمبر نے نشاندہی کی کہ ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی کی اعلیٰ انتظامیہ نے پنجاب کا بمشکل ہی دورہ کیا ہے اور مقامی سرمایہ کاروں سے رابطہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ لاہور، سیالکوٹ اور گوجرانوالہ کا دورہ کیے بغیر ہی یہ تجویز سامنے لائی گئی ہے۔کاروباری برادری نے یاد دلایا کہ سابق چیئرمین ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی نے 2022 میں لاہور چیمبر کا دورہ کیا تھا اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے ایک سیمینار بھی منعقد کیا تھا،مگر اس کے بعد کوئی عملی پیش رفت نہ ہو سکی۔چیمبر نے کہا کہ ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی ایک وفاقی ادارہ ہے اور پنجاب میں اس کی موجودگی سرمایہ کاروں کے لیے نہایت ضروری ہے۔ بہت سے وفاقی ادارے جیسے بورڈ آف انویسٹمنٹ، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی اور سمیڈا بھی لاہور میں دفتر رکھتے ہیں کیونکہ یہ ملک کے کاروباری مرکز کا کردار ادا کرتا لاہور چیمبر نے مزید کہا کہ ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز اتھارٹی پہلے بھی پنجاب میں کئی دفاتر بند کرچکی ہے، جس سے سرمایہ کاری کے مواقع ضائع ہوئے، جیسا کہ فیصل آباد ایکسپورٹ پروسیسنگ زون میں تاخیر شامل ہے۔

بقیہ 36

تاخیر کا شکار ہو گئیں۔ منسوخ ہونے والی پروازوں میں کراچی سے دبئی جانے والی ایمریٹس کی پرواز ای کے 609،کراچی سے جدہ جانے والی فلائے ناس کی پرواز ایکس وائی 638 اور کراچی سے مسقط جانے والی عمان ایئر کی پرواز ڈبلیووائی 324 شامل ہیں۔کراچی سے لاہور جانے والی ایئرسیال کی پرواز پی ایف 143 اور کراچی سے لاہور جانیوالی پی آئی اے کی پرواز پی کے 306 بھی منسوخ ہوگئی۔کراچی سے اسلام آباد جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے 308 اور کراچی سے فیصل آباد جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے 340 تاخیر کا شکار ہوگئیں۔

بقیہ 37

صدارت قائمقام چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب رفاقت علی نے کی۔اجلاس میں جن منصوبوں کی منظوری دی گئی ان میں وزیراعلی پنجاب سکول میل پروگرام کے لیے تقریباً 7 ارب پنجاب میں آبی زراعت کے مالز کے قیام کے لیے تقریباً 4 ارب 16 کروڑ مظفرگڑھ میں راکھ آئی ولی پر جھینگا فارم کے قیام کے لیے 10 ارب کے فنڈز آور اربن ڈویلپمنٹ کے 22 پراجیکٹس کے لیے مجموعی طور پر 143 ارب 36 کروڑ کے فنڈز کی منظوری دی گئی۔صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی اجلاس میں ممبران پی اینڈ ڈی بورڈ اور متعلقہ سیکٹرز کے افسران بھی شریک ہوئے۔

سربراہ سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا گرفتار، جیل منتقل

صاحبزادہ حامد رضا پولیس کو متعدد مقدمات میں مطلوب تھے اور عدالت سے سزا یافتہ ہیں، ذرائع

فیصل آباد(این این آئی) سربراہ سنی اتحاد کونسل اور ممبر قومی اسمبلی صاحبزادہ حامد رضا کو فیصل آباد سے گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق صاحبزادہ حامد رضا پولیس کو متعدد مقدمات میں مطلوب تھے اور عدالت سے سزا یافتہ ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق پولیس نے صاحبزادہ حامد رضا کو گرفتار کر کے فیصل آباد سینٹرل جیل منتقل کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ صاحبزادہ حامد رضا رواں برس ستمبر میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سیکرٹری انفارمیشن کے عہدے سے مستعفی ہو گئے تھے۔

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان اور آر پی او ریج اطہر اسماعیل کا گردوارہ جنم استھان کا دورہ

سکھ رہنماں کی جانب سے کمشنر لاہور مریم خان اور آر پی او اطہر اسماعیل سمیت دیگر افسران کو سروپے بھی پہنائے گئے

ننکانہ صاحب(این این آئی) کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان اور آر پی او ریج اطہر اسماعیل کا گردوارہ جنم استھان کا دورہ۔ کمشنر لاہور مریم خان نے شہر بھر کا دورہ کر کے صفائی ستھرائی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا، کمشنر لاہور مریم خان نے پیر احمد شاہ، مانوالہ، شاہکوٹ، مانگٹانوالہ روڈز کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان کی گوردوارہ جنم استھان میں ارداس کی تقریب میں خصوصی شرکت، سکھ رہنماں کی جانب سے کمشنر لاہور مریم خان اور آر پی او اطہر اسماعیل سمیت دیگر افسران کو سروپے بھی پہنائے گئے۔ اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے جنم دن کے موقع پر بہترین انتظامات کیے۔ دنیا بھر سے آئے سکھ یاتریوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان نے جاری تقریبات کیلئے میونسپل و حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔

ماموں کانجن گھریلو ناچاقی پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل، لاش پانچ روز بعد کھیت سے برآمد

مکوآنہ (این این آئی) گھریلو ناچاقی پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل، لاش پانچ روز بعد کھیت سے برآمد تھانہ ماموں کانجن کی حدود میں گھریلو ناچاقی کے باعث افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں شوہر نے اپنی بیوی کو قتل کر کے لاش کماد کے کھیت میں پھینک دی۔ پولیس کے مطابق افضل نامی شخص نے نامعلوم وجوہات کی بنا پر اپنی اہلیہ کو قتل کیا، جس کی لاش پانچ روز بعد کھیتوں سے برآمد ہوئی۔

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں، چیئرمین ایم کیو ایم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، فاروق ستار اور دیگر بھی موجود ہیں۔

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف ننکانہ صاحب میں جنم دن تقریبات کے انتظامات پر خوش

وزیر اعلی کی ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور انکی ٹیم کو شاباش، ننکانہ صاحب کے تمام اداروں نے بابا گورونانک کے جنم دیہاڑ کو کامیاب بنایا

ننکانہ صاحب (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف ننکانہ صاحب میں جنم دن تقریبات کے انتظامات پر خوش۔ وزیر اعلی کی ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور انکی ٹیم کو شاباش، ننکانہ صاحب کے تمام اداروں نے بابا گورونانک کے جنم دیہاڑ کو کامیاب بنایا تمام اداروں نے یکجان ہو کر ایونٹ کو کامیاب بنایا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ ننکانہ نے بتایا کہ جنم دن تقریبات میں دنیا بھر کے مختلف ممالک سے 25 ہزار سے زائد سکھ یاتری شریک ہوئے۔ حکومت پنجاب کی ہدایت پر یاتریوں کو رہائش، لنگر، ٹرانسپورٹ کی بہترین سہولیات فراہم کی گئیں۔ ننکانہ صاحب میں جنم دن کی تقریبات آج اختتام پذیر ہو گئی ہیں، سکھ یاتری سچا سودا کے لیے روانہ ہو گئے ہیں جس کے بعد سکھ یاتری حسن ابدال کے لیے روانہ ہونگے۔

فیصل آباد میں سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت ای چالان سسٹم کا باضابطہ آغاز

فیصل آباد (این این آئی) ایس ایس پی سیف سٹی ملک طارق اور سی ٹی او ناصر جاوید رانا نے بتایا کہ فیصل آباد میں سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت ای چالان سسٹم کا باضابطہ آغاز ہو گیا ہے جبکہ قبل ازیں سمارٹ سٹیز میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ای چالان سسٹم چل رہا ہے تاہم راولپنڈی، گوجرانوالہ اور فیصل آباد میں آج سے ای چالان سسٹم کا آغاز ہو رہا ہے لہٰذا شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں سے گریز کریں

اخلاق، معاملات، معاشرت سب کو اسلامی بنانے کی ضرورت ہے، عالمی تبلیغی اجتماع جاری

دنیا کی کامیابی کو مال میں سمجھنے والے بے وقوف ہیں، اصل کامیابی اعمال میں ہے، نیک، صالح اعمال سے اللہ کو راضی کیا جاسکتا ہے

شرائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ عالمی تبلیغی اجتماع کی مختلف نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ربیع الحق آف بنگلہ دیش، مولانا عبدالرحمان، مولانا محمد اسماعیل گودرہ، مولانا زبیر الحسن نظام الدین (بھارت)، مولانا احمد لاٹ، مولانا محمد فاروق، مولانا ابراہیم دیولہ سمیت دیگر نے کہا کہ نیکی کی دعوت دینا اور برائی سے روکنا یہی امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہے، معاشرے کی اصلاح کیلئے سب سے پہلے اپنی اصلاح ضروری ہے۔

راولپنڈی میں تیسرے دن بھی نان بائیوں کی مکمل ہڑتال

نان بائیوں نے ہڑتال کا دائرہ پنجاب بھر تک پھیلانے کا اعلان کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں تیسرے دن بھی نان بائیوں کی ہڑتال جاری رہی۔ تفصیلات کے مطابق شہریوں کو ناشتہ، لنچ میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، اکثر افراد بغیر ناشتہ کیے اسکولز اور دفاتر روانہ ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کے شہری صبح ناشتہ میں نان، روغنی نان، تنوری پراٹھوں سے تیسرے دن بھی محروم رہے شہریوں کی بڑی تعداد کی بیکریوں سے رس کیک، بن اور شیر مال کی خریداری میں اضافہ ہوا ہے۔ نان بائیوں نے ہڑتال کا دائرہ پنجاب بھر تک پھیلانے کا اعلان کر دیا ہے۔ صدر نان بائی ایسوسی ایشن شفیق قریشی نے کہا کہ ہم جیل بھرو تحریک شروع کرنے جا رہے ہیں، ہم 10500 روپے بوری سرخ آٹا خرید کر 14 روپے روٹی اب فروخت نہیں کرینگے۔ صدر ایسوسی ایشن نے کہا کہ موجودہ حکومت آئی آٹا سرخ بوری 5500 روپے سے 10500 روپے ہو گیا ہے، میدہ فائن آٹا بوری 6200 روپے تھی اور 12 ہزار روپے ہو گئی ہے۔

مظفر گڑھ، بھکاری کی 3 لڑکیوں کو قتل کرنے کی کوشش، 2 زخمی، ملزم گرفتار

مظفر گڑھ (این این آئی) مظفر گڑھ میں بھکاری نے 3 لڑکیوں کو قتل کرنے کی کوشش کی، واقعہ میں 2 بہنیں شدید زخمی ہو گئیں، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ہیڈ بکائنی میں بھکاری نے 3 لڑکیوں کو تیز دھار آلے سے قتل کرنے کی کوشش کی، مشکوک شخص کو جنگل میں بچیوں کے ساتھ جاتا دیکھ کر مقامی افراد نے پولیس کو اطلاع دی تھی۔ زخمی ہونے والی لڑکیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکاء کی تعداد 4 لاکھ سے تجاوز کر گئی

اجتماع گاہ کے اردگرد سینکڑوں حفاظ اکرام سورۃ یاسین کی تلاوت کرتے رہے

رائے ونڈ (این این آئی) عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکاء کی تعداد 4 لاکھ سے تجاوز کر گئی، کراچی سے آنے والی ٹرینوں کے ذریعے مندوبین کی آمد کا سلسلہ جمعہ کے روز بھی جاری رہا، سموگ کی وجہ سے ماسک کی فروخت میں اضافہ دیکھا گیا، چھٹی کے باعث جمعہ کے روز مقامی افراد نے اجتماع میں شرکت اور نماز جمعہ ادا کی، ٹرانسپورٹرز پنڈال تک کا من مانا کرایہ وصول کرتے رہے، ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والی پیٹرانجن سے تیار سواری لکڑ بگا سرعام سواریاں بٹھاتی رہی۔ این این آئی کے نمائندے کے مطابق ریلوے پولیس کی جانب سے ریلوے اسٹیشن پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے، ایس پی صدر رانا حسنین نے پنڈال پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، نماز جمعہ کی ادائیگی کیلئے شہر اور گردونواح سے ہزاروں افراد نے پیدل شرکت کی۔

کوئٹہ میں پی ٹی آئی جلسے کے پیش نظر شہر بھر کے راستے بند، موبائل انٹرنیٹ معطل

کوئٹہ (این این آئی) پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جانب سے ہاکی گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جلسے کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے شہر بھر کے تمام راستوں کو ٹرکوں اور کنٹینرز لگا کر بند کر دیا، موبائل انٹرنیٹ سروس بھی معطل کر دی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق سیکیورٹی خدشات کے باعث جلسے کی اجازت مسترد کر دی گئی ہے تاہم پی ٹی آئی نے ہر صورت جلسہ کرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

پشاور: معاون خصوصی برائے اطلاعات و تعلقات شفیع جان کو محکمہ بارے بریفنگ دی جا رہی ہے۔

محکمہ صحت پنجاب کا ریٹائرڈ پروفیسرز کو کنٹریکٹ پر بھرتی کرنے کا فیصلہ

پلاسٹک سرجری کے ایسوسی ایٹ پروفیسر کے عہدے بھی ریٹائرڈ ڈاکٹرز کنٹریکٹ پر بھرتی کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ پنجاب نے مختلف شعبوں میں ریٹائرڈ پروفیسرز کو کنٹریکٹ پر بھرتی کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس سے ترقی کے منتظر نوجوان ڈاکٹرز کی ترقی اور مواقع متاثر ہو سکتے ہیں۔ اس فیصلے کے تحت پلاسٹک سرجری اور ریڈیالوجی کے شعبوں کے پروفیسرز، کارڈیالوجی اور پیڈیاٹرک کارڈیالوجی کی پروفیسر سیٹوں پر ریٹائرڈ ڈاکٹرز کو کنٹریکٹ پر رکھا جائے گا۔ پلاسٹک سرجری کے ایسوسی ایٹ پروفیسر کے عہدے بھی ریٹائرڈ ڈاکٹرز کنٹریکٹ پر بھرتی کیے جائیں گے۔

9 مئی کے کیسز میں مسرت چیمہ، جمشید اقبال چیمہ کی عبوری ضمانت میں توسیع

انسداد دہشتگردی عدالت نے مسرت چیمہ کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماؤں مسرت جمشید چیمہ اور جمشید اقبال چیمہ کی 9 مئی کے مقدمات میں عبوری ضمانت میں 12 دسمبر تک توسیع کر دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ایڈمن جج منظر علی گل نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ سمیت 8 مقدمات میں پی ٹی آئی رہنما مسرت جمشید چیمہ اور جمشید اقبال چیمہ کی عبوری ضمانتوں کی درخواست پر سماعت کی۔ جمشید اقبال چیمہ عبوری ضمانت کی مدت ختم ہونے پر عدالت میں پیش ہوئے جبکہ مسرت جمشید چیمہ کی جانب سے طبیعت کی خرابی کے باعث ایک روزہ حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ عدالت نے دونوں رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں 12 دسمبر تک توسیع کر دی اور حکم دیا کہ مسرت جمشید چیمہ کی حد تک تفتیش مکمل کی جائے

قصور، بیماری اور معاشی تنگی کے شکار شخص نے زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی

قصور (این این آئی) طویل بیماری اور سخت معاشی تنگی سے پریشان شخص نے زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قبرکوٹ کا رہائشی خلیل عرف بلا ڈوگر گزشتہ کئی عرصے سے دل کے عارضے میں مبتلا تھا جبکہ معاشی تنگی کی وجہ سے اپنی بیماری کا علاج کرانے سے قاصر تھا۔ خلیل نے صورتحال سے تنگ آ کر اپنے گھر میں ہی گندم کی فصل میں استعمال ہونے والی زہریلی گولیاں کھا کر ہمیشہ کیلئے ابدی نیند سو گیا۔

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین پیرزادہ سے ملاقات

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے حال ہی میں تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد، جواد حسین پیرزادہ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انتظامی امور، عوامی خدمت کے معیار، صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، قیمتوں کی نگرانی اور سرکاری اراضی کی حفاظت سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

کراچی: وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی لیبر کمیٹی کے تحت منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ملک میں 1 کروڑ 30 لاکھ لوگ بیماریوں سے غربت کی لکیر کے نیچے چلے گئے، مصطفیٰ کمال

ملک میں تین لاکھ 97 ہزار بچوں کی ویکسینیشن نہیں ہو سکی، جن بچوں کی ویکسینیشن ہو جاتی ہے وہ 13 بیماریوں سے محفوظ ہو جاتے ہیں، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 1 کروڑ 30 لاکھ لوگ بیماریوں کے سبب غربت کی لکیر کے نیچے چلے گئے۔ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف امیونائزیشن میں 118 موبائل ویکسینیشن وین صوبوں کو بھجوانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 118 گاڑیاں صوبوں کو بھجوا رہے ہیں تاکہ ہر بچے کی ویکسینیشن ہو سکے۔ ملک میں تین لاکھ 97 ہزار بچوں کی ویکسینیشن نہیں ہو سکی۔

رائے ونڈ تبلیغی اجتماع کے شرکاء نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے وضو بنانے میں مصروف ہیں۔

سلامتی کونسل، پاکستان کی بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کی شدید مذمت

پاکستانی سفیر نے مشترکہ قدرتی وسائل کو ہتھیار بنانے کے بڑھتے ہوئے رجحان پر تشویش ظاہر کر دی

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات وسائل پر مبنی دباؤ ڈالنے کی خطرناک مثال قائم کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے یہ بات سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق سفیر نے مشترکہ قدرتی وسائل کو ہتھیار بنانے کے بڑھتے ہوئے رجحان پر تشویش ظاہر کی اور اس کی مثال بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو قرار دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے خبردار کیا کہ بھارتی اقدام سلامتی کونسل کے ہر رکن اور عالمی برادری کے لیے سنگین تشویش کا باعث ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ چھ دہائیوں سے زائد عرصے سے یہ معاہدہ تعاون کی ایک مثال رہا ہے، جس نے جنگ کے ادوار میں بھی پاکستان اور بھارت کے درمیان سندھ طاس کے پانی کی منصفانہ اور قابل پیش گوئی تقسیم کو یقینی بنایا۔

حکومت خواتین کو تشدد اور ہراسانی سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے متحرک ہے، صبا صادق

متحدہ عرب امارات میں ڈپلومیٹک اور پروفیشنل پاسپورٹ پر ویزہ فری انٹری کا معاہدہ ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ حکومت معاشرے میں خواتین کے خلاف تشدد اور ہراساں کئے جانے سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے متحرک ہے، 2016 میں خواتین کو ہراساں کرنے اور بچوں کی پورنوگرافی کے خلاف سخت قوانین بنائے گئے، متحدہ عرب امارات میں ڈپلومیٹک اور پروفیشنل پاسپورٹ پر ویزہ فری انٹری کا معاہدہ ہوا ہے،، کچھ اضلاع میں سے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے وہاں سے ویزہ کی فراہمی پر سختی ہے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران شیر افضل مروت کے سوال کے جواب میں پارلیمانی سیکرٹری صبا صادق نے بتایا کہ ایف ایس ٹی کا قیام 1974 میں عمل میں آیا، یہ سروس سے متعلق معاملات دیکھتے ہیں جو مختلف شعبہ جات اسے بھجواتے ہیں، ایف ایس ٹی میں ہم درخواست دہندگان کی شکایات دور کرنے کے لئے پوری طرح کوشاں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2016 میں خواتین کو ہراساں کرنے اور بچوں کی پورنوگرافی کے خلاف سخت قوانین بنائے گئے، دنیا کے سارے ممالک میں خواتین کو ہراساں کئے جانے کے واقعات ہوتے ہیں۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ یونس لہڑی اور چوہدری شبیر ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز جلد ہو جائے گا، طارق فضل چوہدری

اعلی قیادت کی سطح پر بھی بات چیت اور رابطے ہوئے ہیں، تجارتی تعلقات بھی بہتر ہو رہے ہیں، قومی اسمبلی کو آگاہی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز جلد ہو جائے گا، دو نجی کمپنیوں کو براہ راست پروازوں کی بنگلہ دیش نے اجازت دے دی ہے، اعلی قیادت کی سطح پر بھی بات چیت اور رابطے ہوئے ہیں، تجارتی تعلقات بھی بہتر ہو رہے ہیں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران انہوں نے بتایا کہ بنگلہ دیش ہمارا برادر ملک ہے، حالیہ دنوں میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تعلقات میں نمایاں بہتری آئی ہے، اعلی قیادت کی سطح پر بھی بات چیت اور رابطے ہوئے ہیں، تجارتی تعلقات بھی بہتر ہو رہے ہیں، بنگلہ دیش کی جانب سے ائیر سیال اور فلائی جناح کو آپریٹ کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے، برقہ راست پروازیں جلد بحال ہو جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ تجارت پر جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا ہے۔

کراچی: اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ اسلامی جمہوریہ ایران کی مجلس شورائے اسلامی کے اسپیکر ڈاکٹر محمد باقر قالیباف کو کراچی ایئرپورٹ پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔

اسلام آباد، ریسٹورنٹس اور فوڈ پوائنٹس کیلئے 30 نومبر تک رجسٹریشن ہر صورت لازمی قرار

اسلام آباد، یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں فوڈ اتھارٹی نے یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یکم دسمبر کے بعد کسی بھی غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹ یا ریسٹورنٹس کو کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی کے مطابق تمام فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کیلئے 30 نومبر تک رجسٹریشن ہر صورت لازمی قرار دی گئی ہے، یکم دسمبر کے بعد کسی بھی غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹ یا ریسٹورنٹس کو کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی،۔ ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی نے یکم دسمبر سے اتھارٹی کو روزانہ کی بنیاد پر انسپکشنز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ غیر رجسٹرڈ ریسٹورنٹس/فوڈ پوائنٹس کو سیل اور بھاری جرمانے عائد کیے جائیں۔ ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی نے تمام فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس مالکان سے 30 نومبر تک رجسٹریشن یقینی بنانے کی اپیل کی ہے

نارووال، خاتون نے ہسپتال منتقلی کے دوران ایمبولینس میں بچے کو جنم دے دیا

زچہ و بچہ دونوں صحت مند ہیں، قریبی بی ایچ یو ہسپتال سے چیک اپ کروانے کے بعد گھر منتقل

نارووال (این این آئی) خاتون نے ہسپتال منتقلی کے دوران ایمبولینس میں بچے کو جنم دے دیا۔ بتایا گیا ہے کہ مرید کے روڈ پر واقع نواحی گاؤں گنگور کے رہائشی نصیر کی 35 سالہ اہلیہ (س) کی ڈیلیوری ایمرجنسی کے لیے ہسپتال منتقل کرنے کے لیے ریسکیو ایمبولینس کو کال کی گئی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا عملہ فوری موقع پر پہنچا اور مریضہ کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ایمبولینس میں ہسپتال منتقل کرنے لگے۔ دوران سفر مریضہ کی طبیعت اچانک زیادہ خراب ہو گئی، جس پر ریسکیو عملے نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایمبولینس کے اندر ہی کامیاب ڈیلیوری کروائی۔ زچہ و بچہ دونوں صحت مند ہیں۔ بعد ازاں زچہ و بچہ کو قریبی بی ایچ یو ہسپتال سے چیک اپ کروانے کے بعد گھر منتقل کر دیا گیا۔ گھر والوں نے ریسکیو 1122 کے جوانوں کی بروقت کارروائی اور پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔

کراچی: پریس کلب کے سامنے تحریک انصاف کے وکلا 27 ویں ترمیم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں۔

لاہور پولیس کے افسران و اہلکاروں کو منظور شدہ یونیفارم پیٹرن پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت، مراسلہ جاری

غیر منظور شدہ یونیفارم پہننے والے اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی ہوگی' ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے افسران و اہلکاروں کو محکمہ پولیس کے منظور شدہ یونیفارم پیٹرن پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے اس سلسلے میں باضابطہ مراسلہ جاری کیا ہے۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق ڈی آئی جی (ایڈمن) نے واضح کیا ہے کہ غیر منظور شدہ سٹائل، رنگ یا ڈیزائن کی یونیفارم استعمال کرنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ محکمانہ قواعد کے مطابق منظور شدہ یونیفارم پیٹرن سے انحراف کو مس کنڈکٹ تصور کیا جائے گا۔ ڈی آئی جی عمران کشور نے ہدایت کی کہ تمام افسران و اہلکار منظور شدہ یونیفارم کے ڈیزائن، رنگ، بیجز اور ایکسسریز کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ کمانڈرز اپنے ماتحت عملے کی نگرانی کے ذمہ دار ہوں گے، جبکہ یونیفارم کی پابندی کو یقینی بنانے کے لیے اچانک معائنہ بھی کیا جا سکتا ہے۔

ملک کے سابق وزیر اعظم کو جیل میں ملاقات کا حق دیا جانا چاہیے، اسد قیصر

ہم آئین میں اس طرح کی ترمیم کے خلاف عوام میں بھی جائیں گے اور عدالتوں کا دروازہ بھی کھٹکھٹائیں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی راہنما و سابق اسپیکر اسد قیصر نے کہا ہے کہ ملک کے سابق وزیر اعظم کو جیل میں ملاقات کا حق دیا جانا چاہیے، آئین مقدس ہے، راتوں رات ترامیم آئین کے ساتھ ظلم کے مترادف ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے موجودہ سیاسی، آئینی اور جمہوری صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات کا حق ہر کسی کو حاصل ہے۔

لاہور سے جدہ جانیوالے مسافروں کے سامان اور جوتوں سے منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ پر ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس نے کارروائی کے دوران 610.1 کلو آئس ہیروئن برآمد کر لی۔ اے ایس ایف کے ترجمان کے مطابق لاہور سے جدہ جانے والے 3 مسافروں کے سامان اور جوتوں سے منشیات برآمد کی گئی ہے۔ گرفتار ملزمان اور ضبط شدہ منشیات کو اینٹی نارکوٹکس فورس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

پی ایچ اے غلط تاثر دے کر تاجران کو گمراہ کر رہی ہے، انجمن تاجران سرگودھا

تاجروں کو گمراہ کر کے پی ایچ اے ایڈورٹائزنگ بورڈ فیس کے نام پر نیم آف فرم سے کسی لوٹ مار کی اجازت نہیں دی جائے گی

سرگودھا (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران شہر و ضلع سرگودھا نے فیصلہ کیا ہے کہ تاجروں کو گمراہ کر کے پی ایچ اے ایڈورٹائزنگ بورڈ فیس کے نام پر نیم آف فرم سے کسی لوٹ مار کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مرکزی انجمن تاجران شہر و ضلع سرگودھا کے صدر ناصر محمود سہگل اور جنرل سیکرٹری شیخ نعیم کپور نے کہا کہ پی ایچ اے غلط تاثر دے کر تاجران کو گمراہ کر رہی ہے انہوں نے عدالت میں 2025-24 کے ٹیکس نوٹسز کو منسوخی کا موقف اختیار کر کیا اور کہا کہ 2025-26 کی وصولی کرنا چاہتے ہیں۔ اس طرح کیس خارج نہیں ہوا۔ بلکہ پی ایچ اے کی طرف سے واپس لینے کی وجہ سے نمٹا دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اب پی ایچ اے نئی حکمت عملی سے نئے نوٹس 2025-26 جاری کرنے کی کوشش کرے گی۔ جس پر ہم گہری نظر رکھے ہوئے ہے

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکاء کے ساتھ ایک انٹرا ایکٹو سیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اے این ایف کا ملک گیر کریک ڈاؤن جاری، 18 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

6 مختلف کارروائیوں میں 208 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، ترجمان

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں اور تعلیمی اداروں کے اطراف منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 18 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان کے مطابق مختلف علاقوں میں کی جانے والی 6 کارروائیوں کے دوران 7 ملزمان گرفتار کر لیے گئے جبکہ 3.208 کلوگرام منشیات برآمد ہوئی، جس کی مالیت 18 کروڑ 43 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ تعلیمی اداروں کے قریب منشیات فروشی کے خلاف خصوصی آپریشنز کے دوران راولپنڈی جی ٹی روڈ پر ایک ہسپتال کے قریب کارروائی میں ایک ملزم کے قبضے سے 4.2 کلوگرام چرس برآمد کی گئی جبکہ موٹر وے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب ایک گاڑی سے 600 گرام چرس ملی اور 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں گرفتار افراد نے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔

لاہور میں طالبہ کو ہراساں کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

لاہور (این این آئی) ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے طالبہ کو ہراساں کرنے والے رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق تھانہ ڈیفنس بی کے علاقے سے طالبہ کے ساتھ ہراسگی کی شکایت ہیلپ لائن 15 پر موصول ہوئی تھی جس پر فوری پولیس ٹیم کو موقع پر روانہ کیا گیا۔ متاثرہ بچی کے والد کے مطابق رکشہ ڈرائیور کالج آتے جاتے بیٹی کو ہراساں کرتا تھا، سیف سٹی کی خاتون افسر نے متاثرہ طالبہ سے رابطہ کر کے مکمل تحفظ کی یقین دہانی کروائی۔

چیف جسٹس کی ہدایت پر لاہور ہائی کورٹ میں جدید ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم کا نفاذ

ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم کی اہمیت کے پیش نظر دو ایڈیشنل رجسٹرارز کو بھی تعینات کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی خصوصی ہدایت پر عدالت عالیہ لاہور کے ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم کو بین الاقوامی معیار اور جدید تکنیکی بنیادوں کے ساتھ ہم آہنگ کیا گیا ہے تاکہ عدالتی ریکارڈ تک محفوظ، درست وشفاف رسائی اور انصاف کی فراہمی کے عمل کو تیز اور منظم انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ لاہور ہائی کورٹ کے ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم میں ایک جامع اور موثر اصلاحاتی نظام نافذ کیا گیا ہے۔

لاہور ہائیکورٹ کا دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف سخت کارروائی کا حکم

درخت کاٹنے کے معاملے پر اظہار تشویش، ڈائریکٹر ماحولیات کے پیش نہ ہونے پر ناراضگی کا اظہار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ اسموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کیس کی سماعت کے دوران جسٹس شاہد کریم نے حکم جاری کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اب لاہور میں دھواں چھوڑنے والی کوئی گاڑی نظر نہیں آنی چاہیے، شہر میں بینرز لگا دیں کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں بند کر دی جائیں گی، محکمہ ماحولیات کے افسروں کو آج کل سڑکوں پر نظر آنا چاہیے، جو بھی آلودگی پھیلائے اس کیخلاف کارروائی کریں۔ لاہور ہائیکورٹ نے درخت کاٹنے کے معاملے پر تشویش اور ڈائریکٹر ماحولیات کے پیش نہ ہونے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ اگر عدالتی احکامات پر عمل کیا جاتا تو لاہور کی صورتحال مختلف ہوتی، پنجاب میں آلودگی کا پھیلا روکنے کے لیے سخت انتظامات کریں۔

سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلے میں زیر حراست ملزم ہلاک

لاہور (این این آئی) سی سی ڈی پولیس اور جرائم پیشہ عناصر کے درمیان ڈیفنس کے علاقے میں مبینہ مقابلہ ہوا جس میں زیر حراست ملزم یاسر ہلاک ہو گیا۔ سی سی ڈی حکام کے مطابق اے ایس آئی ندیم شاہ ملزم یاسر کو ریکوری کیلئے لے کر گیا تھا کہ اسی دوران ہیئر کے قریب اس کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں فائرنگ کے تبادلے کے دوران زیر حراست ملزم یاسر ہلاک ہو گیا، جبکہ اس کے ساتھی موقع سے فرار ہو گئے۔

اپیلٹ ٹربیونل پی آر اے میں فیصلے آئین و قانون کے مطابق نہیں ہو رہے، ٹیکس ماہرین

ٹیکس اور پی آر اے قوانین کو بھی پس پشت ڈال دیا گیا ہے، ٹربیونل کو بند کر دیا جائے، چودھری امانت بشیر، عمر اقبال خواجہ

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے ممبران اور ٹیکس ماہرین نے کہا ہے کہ اپیلٹ ٹربیونل پنجاب ریونیو اتھارٹی میں فیصلے آئین و قانون کے برعکس ڈیپارٹمنٹ کی منشاء کے مطابق ہو رہے ہیں جس کے ذریعے رجسٹرڈ پرسنز کا استحصال کیا جا رہا ہے، پنجاب ریونیو اتھارٹی اپیلٹ ٹربیونل میں 90 فیصد فیصلے قانون کے خلاف کیے جا رہے ہیں۔ مشترکہ بیان میں چودھری امانت بشیر، عمر اقبال خواجہ، عاشق علی رانا، میاں امجد، عبدالوحید، محمد فاروق، اعظم شاہ، معظم رشید، عزیز بٹ، بابر نیاز، شاہد محمود نے کہا کہ وکیلوں کے دلائل کے بغیر فیصلے کیے جا رہے ہیں جو قانون اور انسانی حقوق کے کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، یہ ٹیکس دہندگان کا استحصال ہے، ٹربیونل پر ڈی آر کا قبضہ ہے جو اپنی مرضی کے فیصلے کر رہے ہیں، ٹیکس قوانین اور پی آر اے قوانین کو بھی پس پشت ڈال دیا گیا ہے

تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر، سرگودھا کا 27 سالہ نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر، سرگودھا کا 27 سالہ نوجوان جاں بحق اور اس کا 21 سالہ ہم زلف حافظ آباد کا نوجوان شدید زخمی ہو گیا جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا بھن کے علاقہ کٹھہ روڈ پر ناڑی مل کے قریب تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں سرگودھا کے علاقہ حیدر آباد ٹاؤن کا 27 سالہ نوجوان شیر خان جاں بحق اور اس کا حافظ آباد سے آیا ہوا.

اسلام آباد: سینیٹر ہدایت اللہ خان سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ و ثقافت کے چیئرمین منتخب ہونے کے بعد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر چالان 20 ہزار تک بڑھانے کی تجویز

کابینہ کی منظوری کے بعد موٹر وہیکل آرڈیننس میں 20 ترامیم کی منظور کردہ سمری پنجاب اسمبلی کو بھیج دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر چالان 20 ہزار تک بڑھانے کی تجویز سامنے آئی ہے، کابینہ کی منظوری کے بعد موٹر وہیکل آرڈیننس میں 20 ترامیم کی منظور کردہ سمری پنجاب اسمبلی کو بھیج دی گئی۔ سمری کے مطابق موجودہ چالان کی شرح 200 سے لے کر ایک ہزار تک ہے تاہم چالان کی نئی شرح 2 ہزار سے لے کر 20 ہزار تک کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

ملکی مجموعی زرعی پیداوار میں کپاس میں پنجاب کا حصہ 83 فیصد تک پہنچ گی

زرعی منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے اربوں روپے کی خطیر رقم خرچ کی جارہی ہے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کی مجموعی زرعی پیداوار میں صوبہ پنجاب کے زرعی شعبے کا حصہ کپاس میں 83 فیصد، گندم میں 80 فیصد، چاول میں 97 فیصد، کماد میں 51 فیصد اور آم میں 66 فیصد تک پہنچ گیا ہے جس میں مزید اضافہ کیلئے بھی اقدامات کئے جا رہے ہیں اور صوبہ کی تاریخ میں پہلی بار زرعی پالیسی تشکیل دے کر اس پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے جبکہ زراعت کے شعبے کی اہمیت کے پیش نظر حکومت کی ہدایت پر زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے ورکنگ گروپ بنائے گئے ہیں جن کو فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار اور زرعی برآمدات میں اضافہ اور تیلدار اجناس کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کیلئے جامع منصوبہ بندی کا ٹاسک دیا گیا ہے۔ نظامت زرعی اطلاعات محکمہ زراعت کے ترجمان نے بتایا کہ گندم، چاول، کپاس، مکئی، گنے اور تیلدار اجناس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے علاوہ آبپاش کھالوں کی اصلاح۔

پی پی ایس سی کا مختلف اسامیوں کیلئے ترقیوں کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف اسامیوں کیلئے ترقیوں کا اعلان کر دیا۔ پانچ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو ڈپٹی ڈائریکٹر اور سٹینوگرافر کی پی ایس کے عہدے پر ترقی دی دی گئی۔ مختلف وجوہات کی بنیاد پر 3 افسران کو اگلے گریڈ میں ترقی نہ دی جا سکی۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن میں متعدد ملازمین کی ترقی ہوئی ہے۔ ترجمان پنجاب پبلک سروس کمیشن کے مطابق محکمانہ ترقیاتی کمیٹی کے اجلاس میں متعدد ملازمین کی ترقی کی منظوری دی گئی۔

کراچی: چائلڈ میرج کے موضوع پر منعقدہ ہے سے سندھ ہیومن رائٹس کمیشن کے سیکریٹری، آغا فخر حسین خطاب کر رہے ہیں۔

پانچویں اور آٹھویں جماعت کے سمارٹ سلیبس پر بھی کام شروع

لاہور (این این آئی) نویں کے بعد پانچویں اور آٹھویں جماعت کے سمارٹ سلیبس پر بھی کام شروع کر دیا گیا جو آئندہ ہفتے جاری کر دیا جائے گا۔ پانچویں اور آٹھویں کا نصاب زائد ہونے سے بچوں کو سلیبس پڑھانے میں مشکلات درپیش ہیں اس لئے دونوں جماعتوں کیلئے سمارٹ سلیبس پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ پرائمری اور مڈل کا نصاب سمارٹ کرنے کیلئے ماہرین تعلیم کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔

پنشنرز کی سہولت کیلئے وزارتوں اور اداروں میں خصوصی پنشن سیل قائم

بچوں کیلئے چائلڈ پروٹیکشن کے نظام کو مزید فعال بنائیں گے، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کو بتایا گیا ہے کہ پنشنرز کی سہولت کیلئے وزارتوں اور اداروں میں خصوصی پنشن سیل قائم کئے گئے ہیں، بچوں کیلئے چائلڈ پروٹیکشن کے نظام کو مزید فعال بنائیں گے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران وزیر مملکت قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے بتایا کہ پنشن جیسے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ فورم سروس ٹربیونل اور وفاقی محتسب ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے۔